www.astrologyavenue.com is now converted into www.aienaeqismat.com.pk

ہر ماہ ملین سے زائد لوگ علم نجوم کی اس ویب سائٹ پر وزٹ کرتے اور روحانی استفادہ کرتے ہیں

ASTROLOGY FOR ALL

ماہنامہ "آئینہ قسمت" کا آن لائن مطالعہ کریں www.aienaeqismat.com.pk

بیادحضرت میراں حسین زنجانی رحمۃ اللہ علیہ پیر بھائی حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ لاہور

A.B.C سے باقاعدہ منظور شدہ اشاعت

جلد نمبر 69 | OCTOBER 2016 | شمارہ نمبر 07

بانی ادارہ منجم اعظم الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی قدس سرہ العزیز

جانشین خاندانِ زنجانیہ عالیہ
شہزادہ سیّد مصوّر علی شاہ زنجانی
شہزادہ سیّد محمد علی شاہ زنجانی
شہزادہ سیّد محسن علی شاہ زنجانی

بیرون ممالک سالانہ چندہ
مڈل ایسٹ 6500 روپے
انڈیا، ایران، سری لنکا 6500 روپے
یورپ، فار ایسٹ 7500 روپے
امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا 8500 روپے

قیمت 70 روپے
سالانہ چندہ 750 روپے
لائف ممبرشپ 9000 روپے
لائف ممبرشپ 1000 ڈالر For 12 Years

کاشانہ زنجانی 125-ڈی، گلبرگ 2
بلمقابل یونین کونسل حضرت میراں حسین زنجانی روڈ، نزد فاطمہ مارکیٹ لاہور 54660
Ph: 042-35752277 - 35872277
Mobile: 0300-9483758

کاشانہ زنجانی
نزد انصار برنی ٹرسٹ وہمدرد دواخانہ
آرام باغ روڈ، کراچی - 74200
Ph: 021-32217544

کاشانہ زنجانی راولپنڈی
19-A، جی ٹی روڈ (جہلم روڈ)، بالمقابل گالف کلب/آرمی ہاؤس، عقب پی ایس او پٹرول پمپ
PH: 051-8732742
051-8732764

سید انتظار حسین زنجانی ایڈیٹر/ پبلشر نے حیدری پریس، ریلوے روڈ لاہور سے چھپوا کر کاشانہ زنجانی D-125 گلبرگ 2 لاہور سے شائع کیا

حمد

"چاند سورج کو روشنی بخشی"
پھولوں کلیوں کو تازگی بخشی
ذرے ذرے کو زندگی بخشی
اپنے ہونے کی آگہی بخشی
جس کو نعمت حیات سی بخشی
اس کو لذت ممات کی بخشی
اپنے بندوں کو بندگی بخشی
نورِ ایماں کی سرخوشی بخشی
زہد و تقویٰ پہ برتری بخشی
ورنہ سب کو برابری بخشی
چار شعروں پہ شاد ہوں کہ فصیح
رب نے توفیق حمد کی بخشی

ثمین فصیح ربانی

نعت

مدینہ مدینہ مدینہ ہے کافی
یہی رب سے ملنے کا زینہ ہے کافی
مدینہ تو ہے رحمتوں کا خزینہ
ہمارے لیے یہ خزینہ ہے کافی
الٰہی مجھے بھی دِکھا دے مدینہ
وہاں چند لمحوں کا جینا ہے کافی
جو مِل جائے نعلین رکھنے کا سر پہ
تو سر کے لیے یہ قرینہ ہے کافی
اگر وہ نگاہِ کرم سے پلا دیں
تو پھر زندگی بھر وہ پینا ہے کافی
رشیدؔ ملنگی جو سچ پوچھیے تو
مہکنے کو اُن کا پسینہ ہے کافی

رشیدؔ ملنگی

سلام

سیّد نصیر الدین نصیر

تڑپ اٹھتا ہے دل، لفظوں میں دہرائی نہیں جاتی
زباں پر کربلا کی داستاں لائی نہیں جاتی
حسین ابنِ علی کے غم میں ہوں دنیا سے بیگانہ
ہجومِ خلق میں بھی میری تنہائی نہیں جاتی
اداسی چھا رہی ہے روح پر شامِ غریباں کی
طبیعت ہے کہ بہلانے سے بہلائی نہیں جاتی
نصیرؔ آخر عداوت کے بھی کچھ آداب ہوتے ہیں
کسی بیمار کو زنجیر پہنائی نہیں جاتی

ماہانہ نحس اوقات قمر درعقرب یکم محرم تا 3 محرم تک اس کے پورے عشرہ محرم میں دہشت گردی کے خطرہ سے تحفظ کے لئے حکومت وقت اور عسکری اداروں کے حفاظتی اقدامات پورے ملک میں مؤثر دیکھے جاسکیں گے

قدرت کی پاکستانی قوم پر مہربانی ال ل ھ کو قربانی پسند جبکہ پاکستانی حکمرانوں کو ناپسند ہے، اسی سبب سیاست دان اوران کے ہم خیال آپس میں دست وگریباں، روزانہ T.V ٹاک شوز میں عملی مشاہدہ پاکستانی قوم دیکھتی اوردکھی ہوتی ہے، پاکستان کا ستارہ منگل (مریخ) ہے، جبکہ اسلامی جمہوریہ پاکستان میں فطرت کے برعکس منگل، بدھ خصوصاً منگل کا ناغہ جب تک ختم نہیں ہوتا جمہوریت اور انصاف پھلتا پھولتا دکھائی نہیں دیتا (وزیراعظم پاکستان جناب نوازشریف صاحب کوشاہ زنجانی مشورہ لنک ملاحظہ کریں-YouTube)

زائچہ (نیومون):۔ زائچہ نیومون میں قرانِ شمس وقمر طالع برج سنبلہ ہمراہ مشتری چوتھے اور ساتویں کا حاکم ہوکر طالع میں وبال اور تحت الشعاع۔ طالع کا حاکم عطارد بارہویں ہمراہ راہو کے ہونے سے عوام الناس میں افراتفری اور بے چینی رہے سیاسی لوگ آپس میں جھگڑے فساد پرآمادہ ہوں، اخبارات پریس اور میڈیا پر عوام کو سیاست دانوں کے توہین آمیز بیانات اور تحریروں سے واسطہ رہے، سیاستدانوں اور عوام میں غلط فہمیاں پیدا ہوں حکومت کے خلاف نفرت اور طنز وفتنہ کا اظہار ہو ملکی معیشت دوسرے کا حاکم زہرہ اپنے ہی گھر ہونے سے ملک کے خزانے میں اضافہ مگر دیگر نحس نظرات کے سبب اخراجات کا بوجھ بھی بڑھے سٹاک شیئر مارکیٹ میں اتار چڑھاؤ ملکی کرنسی گرنا ڈالر، یورو، گولڈ کی قیمتوں میں اضافہ ہو، زحل کی تیسرے موجودگی عسکری ادارے ملکی اقتصادی راہداری کے لئے چوکس، ہمسایہ ملک ایران اس منصوبے میں اپنا کردار معاونت پاکستان اور چین کو پیش کرے ملکی سیاسی حالات کچھ بھی ہوں ملک میں سڑکوں، ریلوے لائنوں، ڈیمز اور توانائی کے منصوبوں کی تعمیر وترقی کے لئے نیشنل منصوبوں پر عملدرآمد جاری رہے۔

زائچہ (فل مون):۔ آسمانی کونسل کا نقشہ دلچسپ مگر حساس دکھائی دیتا ہے۔ اہم ستاروں کا دباؤ گیارہویں پارلیمنٹ کے گھر رہنے سے ملکی ایوان زیریں اور ایوان بالا میں سیاسی سرگرمیوں میں اضافہ ہو پارلیمانی امور میں اپوزیشن سیاسی امور شمس زہرہ عطارد گیارہویں بعض معاملات خوش اسلوبی سے طے ہوں۔ نیشنل ایکشن پروگرام کے لئے قانون سازی آسان ہو۔ طالع ثابت برج عقرب میں زحل کی موجودگی عوام میں شدید رنج وغم بے اطمینانی ناخوشگواری ملکی تجارت میں تاجر برادری پریشان مہنگائی ناگہانی آفات سے نقصانات کا اندیشہ رہے۔ تاجر برادری کی شکایات دور کی جائیں۔ ملکی برآمدات کے ہدف کو بڑھانے کے لئے ممکنہ مثبت حکومتی اقدامات دیکھنے میں آئیں۔ صحت عامہ، تعلیم خصوصاً تعلیم کے آئی۔ ٹی شعبوں کو ترقی دینے کے لئے فوری اقدامات کئے جائیں۔ پاکستان کے خلاف بین الاقوامی سازشیں اب میڈیا کے سبب کسی سے ڈھکی چھپی نہیں گیارہویں عطارد کا شرف یافتہ ہوکر پاکستانی قوم کے پرعزم اور تمام تر چیلنجز اور مشکلات سے نبٹنے کی صلاحیت کا اشارہ طالع اور چھٹے کا مشترکہ حاکم مریخ جسکا فطرتی تعلق ہمارے سپہ سالار سے ہے۔ ان کے حوصلہ افزاء بیانات ملکی خدمات کے پرعزم بیانات ملکی داخلی اور خارجہ پالیسی میں قوم کے اندر ایک نئی روح پھونک دے گی۔ پاکستان کے مسائل کے حل کے لئے سبھی پاکستانیوں کو اپنا اپنا کردار ادا کرنے کے لئے اپنے اپنے حصے کی شمع روشن کرنی ہوگی۔ اور پہلی شمع قوم میں نیا جوش ولولہ ادا کرنے کیلئے ہمارے سپہ سالار جلائیں جیسے جیسے انکی ریٹائرمنٹ کا وقت قریب آرہا ہے۔ شوشل میڈیا عوام اور بعض سیاسی لوگ انکی مزید خدمات کی ان سے اپیل جاری رکھی ہے۔

قمر در عقرب

اس نحس وقت کی ابتداء 3 اکتوبر صفر بجکر 43 منٹ تا 05 اکتوبر 13 بجکر 28 منٹ تک رہے گی۔ اس دوران آئمہ معصومینؑ کے نزدیک کوئی بھی نیا کام شادی بیاہ کرنا ہرگز نیک نہیں ہے۔

کارنامہ حسینی یعنی مجاہدہ کربلا کا اصل سرچشمہ وہی کلمہ توحید ہے جس کی اشاعت میں پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مکہ میں جسم مبارک پر پتھر کھائے اور اس کے تقاضوں کی تعمیل میں اُن کے فرزند حسینؑ نے کربلا میں جسم اقدس پر تلواریں کھائیں۔

یہ لا الٰہ الا اللہ فقط ایک ورد اور وظیفہ تھوڑی تھا جو مسلمانوں کو سکھایا گیا ہو کہ وہ زبان پر جاری رکھیں اور بس۔ بلکہ اس کے معنی یہ تھے کہ اللہ کے مقابلے میں کسی دوسرے اقتدار کے قائل نہ ہو۔ اس کے مقابلے میں کسی دوسرے کے سامنے سر نہ جھکاؤ اور اس کے قانون پر عمل کے معاہدے کے بعد جواز روئے فطرت بھی تم پر عائد تھا۔ اور اب اقرار اسلام کے بعد اس نے رسمی شکل بھی اختیار کر لی ہے۔ اب کسی دوسرے کی غیر مشروط اطاعت کا عہد و پیان جس کا نام ''بیعت'' ہے نہ کرو کسی خطا کار کا کسی اللہ کے بندے سے ...... یعنی غیر مشروط اطاعت کا مطالبہ اس عہد و پیان کی نفی ہے جو خالق کی جانب سے بربنائے توحید عائد ہوتا ہے اور جس کی تعمیل ہر مسلمان یعنی ہر سچے انسان کا لازمی فریضہ ہے۔

وہ توحید ہی کا ایک تقاضا ہے جس کے تحت یہ اصول قائم ہوا ہے۔ '' لا طاعة للمخلوق معصية الخالق'' یعنی خالق کی نافرمانی میں کسی مخلوق کی اطاعت جائز نہیں ہے یہاں تک کہ قرآن مجید میں پیغمبر خدا کی اطاعت کا بھی حکم دیا تو یہ کہہ دیا گیا ہے کہ ''من يطع الرسول فقد اطاع الله'' جس نے رسول کی اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی۔'' یعنی مرکز اطاعت درحقیقت ایک ہی ہے یہ تمہیں تصور نہ ہونا چاہئے کہ ہم اللہ کے علاوہ کسی اور کی اطاعت کر رہے ہیں۔ اور اسی سے مسلمانوں کو سمجھنا چاہیے کہ وہ اولی الامر بھی جن کی اطاعت بعد رسول فرض قرار دی گئی ہے ایسے ہی افراد ہوتے ہیں جن کا کوئی حکم خالق کے حکم سے کبھی متصادم نہ ہوتا ہو۔ بلکہ جن کا ارادہ و مشیت بھی ہمیشہ مشیت خالق کا پابند رہتا ہو۔ اس لئے ان کی اطاعت خالق سے الگ نہ ہو۔

اس بناء پر حضرت امام حسینؑ کے سامنے یزید کی بیعت کا سوال پیش ہونا یہ فقط کوئی سیاسی مسئلہ نہ تھا بلکہ حضرت پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعلیم توحید کی روشنی میں اسلام اور نفی اسلام کا سوال تھا۔ حقیقت میں یہ ایک یزید نہ تھا جو امام حسینؑ سے طلب گار بیعت ہو۔ بلکہ حضرت کے مقابلے میں نمرود اور فرعون اور پھر ابو جہل و ابو سفیان وغیرہ سب کی رُوحیں تھیں جو یزید کے پیکر میں بیعت یعنی غیر مشروط اطاعت کے عہد و پیان کی طلب گار تھیں اور حسینؑ، ابن علیؑ، ابراہیمؑ و موسیٰؑ اور محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نمائندے ہوتے ہوئے غیر اللہ کی اس اطاعت سے انکار کر دینا اور رہنا فرض عین سمجھتے تھے جس فرض کو انہوں نے ناقابل تصور مشکلات کے باوجود پورا کیا۔ اور اس طرح توحید الٰہی کے اس پرچم کو بلند رکھا جسے ان کے جد بزرگوار حضرت محمد مصطفیٰ نے اونچا کیا تھا اور جس کے ان کے آباؤ اجداد اور اب یہ خود محافظ تھے۔

مولانا سید علی نقی نقوی

حق کی تفسیر ہیں، تصویر رسالت ہیں حسینؑ ‏ ‏ کوئی دیکھے تو فضیلت ہی فضیلت ہیں حسینؑ

آدمیت کا شرف، عزم کی عظمت ہیں حسینؑ ‏ ‏ کیجئے غور تو دُنیا کی ضرورت ہیں حسینؑ

جسمِ کردارِ جہاں ہو ہی چکا تھا ٹھنڈا ‏ ‏ زندگی جس سے ہے قائم وہ حرارت ہیں حسینؑ

قلتِ حق کو غمِ کثرتِ باطل ہو......؟ غلط ‏ ‏ جو کچل دیتے ہیں کثرت کو وہ قلت ہیں حسینؑ

دے کے سر دے گئے دُنیا کے یزیدیوں کو شکست ‏ ‏ واقعی غازئ میدانِ شجاعت ہیں حسینؑ

تو محبت کے عوض کاش یہ سودا کر لے ‏ ‏ تجھ کو معلوم نہیں اجرِ رسالت ہیں حسینؑ

یاد سے اُن کی مصیبت کی، سکوں ملتا ہے ‏ ‏ آج بھی چارۂ آلام و مصیبت ہیں حسینؑ

قافلہ پیچھے ہے سر نیزے پہ آگے آگے ‏ ‏ اب کھلا راز کہ معراج قیادت ہیں حسینؑ

زندگی اصل میں ہے عزم و شجاعت سے مراد ‏ ‏ اور حق بات یہ ہے عزم و شجاعت ہیں حسینؑ

مفت پا سکتا ہے ڈھونڈے جو کوئی حرؑ بن کر ‏ ‏ دشتِ آفات میں کھوئی ہوئی جنت ہیں حسینؑ

حشر تک ان کی ضیا ماند نہیں ہو سکتی ‏ ‏ ابر اسلام کی چمکی ہوئی قسمت ہیں حسینؑ

سب کو معلوم ہے تنویرِ ہدایت ہیں حسینؑ
یہ الگ بات ہے معتوبِ ضلالت ہیں حسینؑ

خیرہ کن روشنی شمع رسالت ہیں حسینؑ ‏ ‏ نرغۂ جہل میں عرفان کی دعوت ہیں حسینؑ

حق پرستار ہیں، حق گو ہیں، حق آگاہ بھی ہیں ‏ ‏ حق تو یہ ہے کہ حقیقت ہی حقیقت ہیں حسینؑ

حق کے افسانے کو دِلچسپ بنانے والے ‏ ‏ جلوہ افروز بعنوان شہادت ہیں حسینؑ

عدل کی جان، صداقت کی مجسم تصویر ‏ ‏ تا قیامت جو نہ کم ہو وہ ضرورت ہیں حسینؑ

ہو کے خود وقفِ ستم بات یہ ثابت کر دی ‏ ‏ آدمیت کے لئے باعثِ راحت ہیں حسینؑ

ہیں حسینؑ اپنے، تو جنت بھی ہے اپنی اے ابر
کس کو معلوم نہیں مالکِ جنت ہیں حسین

نواسہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

امام حسین علیہ السلام

محرم الحرام کے حوالے سے خصوصی مضمون

آپؑ کا نام: حسین (ع)۔ **آپؑ کے والد کا نام:** علی امیر المومنین (ع)۔ **آپؑ کی والدہ:** فاطمہ زہرا (ع)۔ **آپؑ کے نانا:** رسول اللہ (ص)۔ **آپؑ کے دادا:** ابو طالب بن عبد المطلب سردار قریش۔ **آپؑ کی نانی:** خدیجۃ الکبریٰ بنت خویلد۔ **آپؑ کی دادی:** فاطمہ بنت اسد بن ہاشم۔ **آپؑ کے سگے بھائی:** حسن۔ **آپؑ کی سگی بہنیں:** زینب و ام کلثوم۔ **آپکی ولادت:** آپ 3 شعبان 4ھ کو مدینہ میں پیدا ہوئے۔ آپ پیدا ہوئے تو آپکو اپنے نانا رسول اللہؐ کی خدمت میں لایا گیا۔ رسول پاکؐ آپکو دیکھ کر بہت خوش ہوئے آپکے دائیں کان میں اذان اور بائیں کان میں اقامت کہی اور اپنے لعاب دہن سے آپکو تحنیک (تالو پر لعاب دہن لگایا) جب ساتواں دن ہوا تو آپکا حسینؑ نام رکھا اور انکی طرف سے ایک مینڈھا عقیقہ کیا اور آپکی والدہ محترمہ کو حکم دیا کہ انکا سر منڈوا کر بالوں کے ہم وزن چاندی صدقہ کریں۔ **آپکا حلیہ:** آپ رسول اللہ سے بہت زیادہ مشابہت رکھتے تھے، موزوں جسم، میانہ قد، کشادہ پیشانی، گھنی ڈاڑھی، چوڑا چکلا سینہ، کشادہ کندھے، بڑی ہڈیاں، ہتھیلیاں اور قدم چوڑے تھے، گھنگریالے بال، کسرتی بدن، رنگ سرخی مائل سفید تھا۔ اپنے نانا رسولؐ اعظم کے سائے میں پرورش پائی۔ **کنیت:** آپکی کنیت ابو عبداللہ ہے۔ **القاب:** رشید، وفی، ذکی، مبارک، تابع لمرضات، اللہ دلیل علیٰ ذات اللہ، سبط، سیّد شباب اہل الجنۃ ہیں۔ آپؑ اپنے والد امیر المؤمنین کیساتھ ساتھ رہے، آپکے عظیم مدرسہ میں ربع صدی تک حاضر رہے، تینوں جنگوں جمل، صفین اور نہروان میں اپنے والد گرامی کے شانہ بشانہ رہے۔ **آپکی ازواج:** لیلیٰ بنت ابی مرہ بن عروہ بن مسعود ثقفی، ام اسحٰق بنت طلحہ بن عبید اللہ تیمی، شاہ زنان بنت کسریٰ یزدجرد بادشاہ ایران اور رباب بنت امراء القیس بن عدی ہیں۔ **آپکے بیٹے:** امام زین العابدینؑ، علی اکبرؑ، جعفرؑ اور عبداللہ اصغرؑ ہیں۔ **آپکی بیٹیاں:** سکینہؑ، فاطمہؑ۔ **آپکی انگوٹھی کا نقش:** حسبی اللہ۔

اپنے والد امیر المؤمنینؑ کی شہادت کے بعد آپ نے اپنے بھائی امام حسن علیہ السلام کی 40ھ میں بیعت کی اور آپؑ انکا بے حد احترام کرتے تھے۔ یہاں تک کہ مقام امامت اور برادر بزرگ ہونے کے لحاظ سے آپ اس مجلس میں گفتگو نہ فرماتے تھے، جہاں امام حسنؑ تشریف فرما ہوں۔ یہاں آپؑ اپنے بھائی حسنؑ کے بعد دس سال زندہ رہے۔ مسلمانوں کے ایک گروہ کے نزدیک آپ امام مفترض الطاعۃ تھے۔ آپؑ سبط رسول اور انکے ریحانہ و پھول اور ثقلین میں سے دوسرے تھے کہ جن دو کو آنحضرتؐ اپنی امت میں چھوڑ گئے تھے۔ کتاب و عترت اور اجماع مسلمین سے شباب اہل الجنہ تھے۔ آپؑ نے یزید کی بیعت سے انکار کیا اور 60ھ میں بروز اتوار جب کہ ماہ رجب کے دو دن باقی تھے اپنے خاندان اور اصحاب کے ساتھ مدینہ سے مکہ کی طرف سفر کیا۔ آپؑ اس وقت قرآن پاک کی یہ آیت تلاوت فرما رہے تھے۔ ''فخرج منها خائفاً يترقب قال ربي نجني من القوم الظالمين'' وہ اس سے عالم خوف میں نکلا درانحالیکہ نگراں تھا، اس نے کہا میرے پروردگار مجھے ظالم قوم سے نجات دے۔ مکہ میں اسوقت داخل ہوئے جب 60ھ شعبان کی تین راتیں گزر چکی تھیں اور وہ خدا تعالیٰ کے اس قول کی تلاوت کر رہے تھے۔ ''ولما توجه تلقاء مدين قال

عسی ربی ان یھدینی سواء السبیل" اور جب وہ مدین کے سامنے پہنچ گیا تو اس نے کہا قریب ہے کہ میرا پروردگار سیدھے راستے کی ہدایت کرے۔ بیعت واطاعت کرنے کے بارے میں اہل کوفہ کے خطوط و وفود آپکو پہنچنے شروع ہو گئے۔ یہاں تک کہ آپکے پاس بارہ ہزار خط اکٹھے ہو گئے۔ آپؑ نے مکہ سے اپنے چچازاد بھائی حضرت مسلم بن عقیل کو اپنا نائب وسفیر بنا کر اہل کوفہ کی طرف بھیجا۔ آپکو یہ خبر ملی کہ یزید بن معاویہ نے کچھ لوگ آپکی طرف اس لیے بھیجے ہیں کہ وہ دھوکہ سے آپکو شہید کردیں چاہے آپ کعبہ کے پردوں کو پکڑے ہوئے ہوں۔ آپ نے ماہ ذی الحجہ 60ھ کی آٹھویں تاریخ ترویہ کے دن مکہ میں خطبہ دیا جس میں اپنی دعوت کا اعلان کیا اور پھر اسی دن مکہ سے نکل کھڑے ہوئے۔ جب آپ سرزمین عراق میں داخل ہوئے تو کوفہ کے راستے میں بن زیاد کے بھیجے ہوئے لشکر کے سردار حر بن یزید ریاحی نے آپکو گھیرے میں لے لیا، یہاں تک کہ آپکو کربلا میں اُتارا۔ آپ کربلا میں دوسری محرم 60ھ کو پہنچے۔ آپؑ نے کربلا میں اپنا سامان وسفر سواریوں سے اتارا ہی تھا کہ ابن زیاد کے لشکر یکے بعد دیگرے کربلا پہنچنے لگے یہاں تک کہ انکی تعداد 30 ہزار ہوگئی۔ آپؑ اور آپکے خاندان کے افراد اور آپکے اصحاب باوفا دسویں محرم 61ھ میں شہید ہوئے۔ آپکو آپکے فرزندار جمند زین العابدین علیہ السلام نے تیرہ محرم کو دفنایا۔ سب سے پہلے آپکی قبر مطہر کی زیارت عظیم صحابی رسولؐ حضرت جابر بن عبداللہ بن انصاری نے بتاریخ 20 صفر 61ھ کربلا پہنچ کر کی۔

امام حسینؑ احادیث رسولؐ میں: (1) حاکم نے اخراج کیا ہے اور اسے صحیح قرار دیا ہے کہ یحییٰ عامری سے نبی اکرمؐ نے فرمایا: "حسین منی و انا من الحسین اللھم احب من احب حسینا۔ حسینؑ مجھ سے ہے اور میں حسینؑ سے ہوں، خدایا اسکو دوست رکھ جو حسینؑ کو دوست رکھے۔ (2) جابرؓ بن عبداللہ روایت ہے کہ رسول اللہؐ نے فرمایا: "جسے یہ بات خوش آئند ہو کہ وہ جوانانِ جنت کے سردار کو دیکھے تو اسے چاہیے کہ وہ حسینؑ بن علیؑ کی طرف دیکھے۔" **نص:** (3) شمس الدین محمد بن طولون نے کہا کہ امام حسنؑ نے اپنے بھائی حسینؑ کو اپنا وصی قرار دیا۔

آپؑ کی عبادت: (1) آپؑ نے پچیس حج حرم اس طرح کیے کہ آپکی سواریوں کو آپکے ساتھ ہنکایا جاتا تھا اور آپ پا پیادہ مشغول سفر ہوتے تھے۔ (2) آپؑ شب وروز میں ہزار رکعت نماز پڑھتے تھے۔ (3) حضرت علی بن الحسین علیہ السلام سے کہا گیا کہ آپ کے والد گرامی کی اولاد کس قدر کم ہے۔ تو آپ نے فرمایا: "تعجب ہے کہ میں انکے گھر کیسے پیدا ہوگیا۔ کیونکہ وہ رات دن میں ہزار رکعت نماز پڑھتے تھے تو وہ عورتوں کیلئے کب فارغ ہوتے تھے۔"

آپؑ کی سیرت: (1) مسعدہ سے روایت ہے وہ کہتا ہے کہ امام حسینؑ مساکین وفقراء کے قریب سے گزرے جنہوں نے چادر بچھائی تھی اور اس پر روٹیوں کے ٹکڑے پھیلائے ہوئے کھا رہے تھے۔ انہوں نے عرض کیا فرزند رسول! تشریف لایئے آپؑ انکے قریب دوزانو ہو کر بیٹھ گئے اور شریک طعام ہوئے، پھر آپ نے یہ آیت تلاوت فرمائی۔ "ان اللہ لا یحب المستکبرین" پھر فرمایا میں نے تمہاری دعوت قبول کی ہے۔ تم بھی میری دعوت قبول کرو۔ پس انہوں نے آپؑ کی دعوت قبول کی اور آپکے ساتھ اُٹھ کھڑے ہوئے اور آپؑ کے در دولت پر حاضر ہوئے، آپؑ نے اپنی کنیز سے فرمایا جو کچھ تمہارے پاس کھانا موجود ہے، لے آؤ۔ (2) یوم الطف یعنی کربلا کی جنگ کے روز آپؑ کی پشت مبارک پر کچھ نشانات پائے گئے۔ لوگوں نے انکے بارے میں امام زین العابدینؑ سے سوال کیا۔ آپؑ نے فرمایا یہ نشان ان تھیلوں کے ہیں جن میں آپؑ بیواؤں، یتیموں اور مسکینوں کی ضروریات اپنی پشت پر اُٹھا کر انکے گھروں تک پہنچاتے تھے۔

آپکاؑ کا احسان وکرم: (1) ابوعبدالرحمن عبداللہ بن حبیب سلمی نے امام حسینؑ کے ایک بیٹے کو سورہ الحمد کی تعلیم دی جب اس بچہ نے آپکے ساتھ اس سورہ کو پڑھا تو آپؑ نے پڑھانے والے کو ہزار دینار اور ہزار حُلّے دیے اور اسکا منہ موتیوں سے بھر دیا اور جب آپؑ سے اس بارے میں گفتگو ہوئی تو فرمایا! یہ جو کچھ میں نے دیا ہے اس عطا (اس تعلیم) کا کہاں مقابلہ کرسکتا ہے۔ (2) امام حسین علیہ السلام اسامہ بن زید کی بیماری کے دوران اسکی عیادت کو تشریف لے گئے تو وہ کہہ رہا تھا۔ واغماہ (ہائے میرا غم ودکھ) آپؑ نے فرمایا: اے بھائی تجھے کس چیز کا غم ہے۔ اس نے کہا مجھ پر ساٹھ ہزار درہم قرض ہے۔ امام حسینؑ نے فرمایا وہ مجھ پر ہے۔ اس نے کہا: میں ڈرتا ہوں میں کہیں مرنہ جاؤں۔ آپؑ نے فرمایا: تم ہرگز نہیں مرو گے یہاں تک کہ میں اسے تم سے ادا کر

دونگا، پس آپؑ نے اسکے فوت ہونے سے پہلے قرض ادا کر دیا۔

آپ علیہ السلام کی وصیّت: آپؑ کی وصیت یہ ہے: اس چیز سے اجتناب کرو کہ جس سے تمہیں معذرت کرنا پڑے۔ کیونکہ مومن نہ بُرا کام کرتا ہے اور نہ ہی اسے اس سے معذرت کرنی پڑتی ہے، منافق ہر روز برائی کرتا اور اس سے عذر خواہی کرتا ہے۔

آپکی علیہ السلام کے کلمات قصار: (1) سلام میں 70 نیکیاں ہیں جن میں 69 سلام کی ابتدا کرنیوالے کیلئے ہیں اور ایک جواب دینے کیلئے۔ (3) بخیل وہ ہے جو سلام کرنے میں بخل کرے۔

آپکی علیہ السلام کی دعا: آپؑ کی ایک دعا! "اللّٰھم ارزقنی الرغبۃ فی الاٰخرۃ حتی اعرف صدق ذٰلک فی قلبی بالزھادۃ منی فی دنیای اللّٰھم ارزقنی بصرا فی امر الاخرۃ حتی اطلب الحسنات شوقا و الزمن السیئات خوفًا یا رب۔" **ترجمہ:** خدایا! مجھے آخرت میں رغبت عطا کر یہاں تک کہ اسکی صداقت کو اپنے دل میں پہچان لوں اپنی دنیا سے اپنے زہد و پرہیز کے ذریعہ۔ خدایا مجھے آخرت کے بارے میں بصارت عطا فرما تا کہ میں نیکیوں کو ذوق و شوق کیساتھ طلب کروں اور خوف اور ڈر کے مارے برائیوں سے بھاگ کھڑا ہوں۔

فرمانِ امام حسین علیہ السلام صدقہ کے بارے میں:

خدا کے نام پر خفیہ طور پر صدقہ دو، اللہ اس کی تم کو علیٰ الاعلان جزا دے گا۔ (گفتار دلنشین)

معجزہ حضرت امام حسن و حسین علیہ السلام:

فرمان حضرت امام حسنؑ: لوگوں کو ہلاک کرنے والی چیزیں تین ہیں: تکبر، حرص اور حسد۔ تکبر سے دین برباد ہو جاتا ہے۔ حرص نفس کا دشمن ہے اور حسد برائیوں کا رہنما ہے۔ (بحوالہ: بحار الانوار جلد 78، صفحہ نمبر 111)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ

فخری لکھتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت رسولِ خدا ﷺ کسی جنگ کے سلسلے میں باہر گئے۔ حضرت علیؑ بھی آپ ﷺ کے ہمراہ تھے۔ حسنین کریمینؑ چھوٹے بچے تھے، اسی لیے وہ اپنے گھر میں ہی ٹھہرے۔ ایک دن امام حسینؑ گھر سے نکلے اور مدینہ کی گلیوں میں سیر کرنے لگ گئے۔ آپؑ سیر کرتے کرتے مدینہ سے باہر کھجوروں کے باغات میں چلے گئے۔ وہاں ایک یہودی کا گھر تھا، جس کا نام صالح بن زمعہ تھا۔ اس نے جیسے ہی تین سال کے امام حسینؑ کو دیکھا تو اس نے امامؑ کو اٹھایا اور اپنے گھر لے گیا۔ اس نے جنابِ سیدہ فاطمہؑ مادرِ حسینؑ کو کوئی اطلاع تک نہ بھیجی۔ جنابِ سیدہؑ سارا دن انتظار کرتی رہیں۔ یہاں تک کہ عصر کا وقت ہو گیا لیکن انہیں اپنے نورِ چشم کا کوئی پتہ نہ چلا۔

جنابِ سیدہ امام حسینؑ کی یوں گمشدگی پر سخت پریشان ہوئیں اور کئی بار گھر سے نکل کر مسجد نبوی تک تشریف لائیں لیکن کوئی بھی شخص دکھائی نہ دیا۔ آخر کار آپؑ نے اپنے فرزند امام حسن علیہ السلام سے فرمایا: نورِ نظر! آپؑ خود جائیں اور اپنے بھائی حسینؑ کو تلاش کریں۔ ان کی جدائی سے میرا دل پھٹ رہا ہے۔

امام حسنؑ گھر سے نکلے اور مدینہ کی گلیوں میں اپنے بھائی کی تلاش شروع کر دی لیکن امام حسینؑ کا کہیں پتہ نہ چلا۔ بعد ازاں امام حسنؑ نخلستانِ مدینہ میں پہنچ گئے اور آواز دے کر کہا: حسین ابن علیؑ! بھیا جواب تو دو کہاں ہو؟

اے نبی ﷺ کے نورِ چشم! آواز تو دو کہاں ہو؟ جب امام حسنؑ آوازیں دے رہے تھے تو اس وقت آپؑ نے ایک ہرنی کو دیکھا۔

اللہ نے آپؑ کے دل میں بات ڈالی کہ اس ہرنی سے بھائی کا پتہ پوچھنا چاہیے۔ چنانچہ آپؑ نے ہرنی سے کہا: تمہیں میرے بھائی کا کچھ پتا ہو تو بتا دو۔

رسولِ خدا ﷺ کی برکت سے اللہ نے اس ہرنی کو بولنے کی طاقت عطا فرمائی (صلوات)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ

اور اس نے کہا: اے نورِ چشمِ مصطفیٰؐ، اے سرورِ دلِ مرتضیٰؑ، اے فاطمۃ الزہراؑ کے دل کا سکون! تیرے بھائی کو صالح یہودی نے پکڑ کر اپنے گھر میں چھپا رکھا ہے۔

یہ سن کر آپؑ صالح یہودی کے دروازے پر تشریف لائے اور اُسے صدا دی۔ یہودی باہر آیا تو امام حسنؑ نے اس سے کہا: "حسینؑ کو میرے سپرد کر دو ورنہ میں اپنی والدہ سے کہوں گا تو وہ صبح کے وقت اپنے خدا کے حضور تمہیں بد دعا دیں گی اور یقین رکھو اگر میری والدہ نے بد دعا کر دی تو روئے زمین پر ایک یہودی بھی زندہ نہیں رہے گا۔"

علاوہ ازیں میں اپنے والد محترم سے تمہاری شکایت کروں گا۔ میرے والد تلوار لے کر تم پر حملہ کریں گے اور تم سب کو دوزخ میں پہنچا دیں گے۔

اور میں اپنے نانا سے تمہاری شکایت کروں گا وہ تمہیں بد دعا دیں گے اور تم سب برباد ہو جاؤ گے۔ امام حسنؑ کی باتیں سن کر یہودی حیران و پریشان رہ گیا اور اس نے کہا: تیری والدہ کون ہیں؟ آپؑ نے فرمایا:

"میری والدہ زہراء دختر محمد مصطفیٰؐ ہیں۔ میری والدہ منتخب افراد کا گلدستہ اور صدفِ عصمت کا گوہر نایاب اور جمال علم و حکمت کی زینت اور فضائل و مناقب کا مرکزی نقطہ، آثار محامد و مآثر کے انوار کی روشنی ہیں۔ جن کا وجود مقدس جنت کے سیب سے تشکیل پاتا ہے۔ اللہ نے ان کے صحیفہ میں اُمت کے گناہ گاروں کی آزادی تحریر کی ہے۔ میری والدہ نجیب سرداروں کی ماں اور سیدۃ النساء العالمینؑ، بتول عذرا فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا ہیں"۔۔۔۔۔(صلوات)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ

یہودی نے کہا: میں نے آپؑ کی والدہ اور کا تعارف تو سن لیا۔ اب آپؑ اپنے والد کا تعارف کرائیں۔ امام حسنؑ نے کہا:

"میرے والد اسد اللہ الغالب علی ابن ابی طالبؑ ہیں۔ میرے والد وہ ہیں جنہوں نے دو تلواروں اور دو نیزوں سے جہاد کیا۔ میرے والد وہ ہیں جنہوں نے رسولِ خدا کے ساتھ دو قبیلوں کی طرف منہ کر کے نماز پڑھی ہے اور میرے والد وہ ہیں جنہوں نے اپنی جان کو رسولِ ثقلینؐ پر قربان کر رکھا ہے۔ میرے والد حسنؑ و حسینؑ کے محترم والد ہیں"۔۔۔۔۔(صلوات)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ

یہودی نے کہا: آپؑ نے سچ فرمایا: میں نے آپؑ کے والد محترم کا تعارف تو سن لیا۔ اب آپؑ اپنے نانا کا تعارف کرائیں۔ امام حسنؑ نے فرمایا:

"میرا نانا صدفِ جلیل کے دُرِ نایابؐ اور شجرہ ابراہیمؑ کے ثمرؐ اور روشن ستارہ، مصباحِ عظمت کے روشن نورؐ، کونین کے سردارؐ اور ثقلین کے رسولؐ اور دارین کے نظامؐ، عالمین کے لیے سرمایہ افتخارؐ، مشرقین و مغربین کے امامؐ اور سبطین یعنی میرے اور میرے بھائی حسینؑ کے محترم نانا ہیں"۔۔۔۔۔(صلوات)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ

جب امام حسنؑ نے اپنے خاندان کا تعارف کرایا تو یہودی کے دل سے کفر کا زنگ اترا اور اس کی آنکھوں سے آنسو گرنے لگے اور وہ حیران ہو کر آپؑ کی گفتگو سننے لگا۔ پھر اس نے کہا: "اے ثمرۂ دلِ مصطفیٰؐ، اے روشنی نگاہِ مرتضیٰؑ، اے سرورِ سینہ فاطمہؑ زہرا! میں آپؑ کا بھائی آپؑ کے حوالے کروں گا لیکن اس سے پہلے مجھے کلمہ اسلام پڑھائیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ

اس کے بعد امام حسنؑ نے اُسے کلمہ اسلام پڑھایا اور اسے احکام دین اور حلال و حرام کے مسائل سے آگاہ کیا۔ پھر اس نے امام حسینؑ کو امام حسنؑ کے حوالے کیا اور دونوں شہزادوں کے سر پر سونا چاندی نثار کیا اور اس سونا چاندی کو غرباء و مساکین میں تقسیم کیا۔ پھر امام حسنؑ نے اپنے بھائی کے ہاتھ کو پکڑا اور خوشی خوشی والدہ کے پاس تشریف لائے، جب جنابِ سیدہؑ نے اپنے نورِ نظر کو دیکھا تو بہت خوش ہوئیں۔

دوسرے دن صالح یہودی اپنی قوم کے ہمراہ 70 افراد کو لے کر حضرتِ زہراؑ کے درِ عصمت پر آیا اور کہا:

بی بیؑ! آپ کے فرزند کی برکت سے ہم سب مسلمان ہو چکے ہیں اور آپؑ سے اپنے جرم کی معافی کا خواستگار ہوں۔۔۔۔۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ

اے ربِ حسنینؑ حاضرین محفل تجھے حسنینؑ کے نانا کا واسطہ دے کر کہتے ہیں کہ ہم سب کے عزت، جان، مال کی حفاظت فرما۔ ہمارے رزقِ حلال میں وسعت فرما تا کہ ہم حقیقی طور پر اسلام کی خدمت کر سکیں۔ آمین

توسل الدعا بعد معجزہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ یَا مَحۡمُوۡدُ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ ﷺ یَا اَعۡلٰی بِحَقِّ عَلِیٍّ علیہ السلام یَا فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ بِحَقِّ فَاطِمَۃَ سلام اللہ علیہا یَا مُحۡسِنُ بِحَقِّ حَسَنٍ علیہ السلام یَا قَدِیۡمُ الۡاِحۡسَانُ بِحَقِّ اِمَامِ حُسَیۡنِ عَلَیۡہِ السَّلَامِ

حوالہ معجزہ: مدینۃ المعاجز۔ جلد 2۔ صفحہ نمبر 59۔ مصنف آیت اللہ ہاشم البحرانی قدس سرہ

کربلا میں بہادرانہ کارنامہ انجام دینے والی خاتون

حضرت زینب سلام اللہ علیہا

انتخاب: سیّد مصور علی زنجانی

میدانِ کربلا میں بہادرانہ کارنامہ انجام دینے والی خواتین میں حضرت زینب سلام اللہ علیہا کا نام سرِفہرست ہے۔ آپ حضرت علیؑ اور حضرت فاطمہؑ کی بڑی صاحبزادی اور پیغمبرؐ کی نواسی تھیں روزِ عاشور جس وقت اہل بیتؑ کے باقی افراد کو قیدی بنایا گیا تو ان میں سب سے زیادہ اہمیت کی حامل حضرت زینب سلام اللہ علیہا ہی تھیں۔ پیغمبرِ اکرمؐ اور حضرت فاطمہؑ کے انتقال کے وقت حضرت زینبؑ بہت چھوٹی تھیں، لہٰذا ان کے بعد آپ کی تربیت اور دیکھ بھال حضرت علیؑ کے زیرِ سایہ انجام پائی۔ حضرت علیؑ نے ان کی شادی اپنے بھتیجے عبداللہ بن جعفر سے کی تھی۔ محبت اور شفقت کے لحاظ سے حضرت علیؑ حضرت زینب سلام اللہ علیہا کو امام حسنؑ اور امام حسینؑ کے زمرے میں ہی رکھتے تھے۔ جیسا کہ اپنے آخری رمضان اور اپنی زندگی کے آخری ایام میں حضرت علیؑ نے ماہِ صیام کے افطار کرنے کو اپنے تین بچوں (حسنؑ، حسینؑ اور زینبؑ) کے درمیان تقسیم کیا تھا۔

طبری لکھتا ہے "اس رمضان میں امیر المومنین حضرت علیؑ ایک دن امام حسنؑ کے گھر میں افطار کرتے تھے اور دوسرے دن امام حسینؑ کے گھر میں اور تیسرے دن عبداللہ بن جعفر اور حضرت زینبؑ کے گھر میں۔ (ج ۸ ص ۹۵)

عاشورہ ۶۱ ہجری تک حضرت زینبؑ اپنی پچپن سالہ زندگی کے بہت سے نشیب و فراز سے گزر چکی تھیں اور اس دوران میں اُنہوں نے حضرت علیؑ، امام حسنؑ اور امام حسینؑ کی جدوجہد اور فداکاریوں کا بخوبی مشاہدہ کیا تھا، چونکہ حضرت زینبؑ کی شخصیت بھی انہی جدوجہدوں اور عظیم مصائب کے سائے میں پروان چڑھی تھی، لہٰذا وہ کامیاب ہوسکیں کہ عاشورہ کے دن مصائب اور پریشانیوں کے سامنے پہاڑ کی طرح ڈٹ جائیں۔

حسینی تحریک میں حضرت زینبؑ شروع سے ہی شامل تھیں، لیکن ان کا حقیقی کردار شامِ غریباں اور امام حسینؑ کی شہادت کے بعد شروع ہوتا ہے۔ امام حسینؑ کی شہادت کے بعد حضرت زینبؑ کو ایسے مصائب و مناظر کا سامنا کرنا پڑا کہ ان کے تصور سے ہی انسان کے رونگٹے کھڑے ہوجاتے ہیں۔ حسینؑ کی شہادت کے بعد یزیدیوں کے ظلم و فسادات میں ایک نئے باب کا اضافہ ہوا۔ جلادوں نے شہیدوں کی پاک لاشوں پر بھی رحم نہ کیا۔ سروں کو کاٹ دیا اور ان کے لباسوں تک کو لوٹ لیا۔ اس کے بعد یزیدیوں نے حرم حسینیؑ کے خیموں پر دھاوا بول دیا، اور اس کو لوٹا اور خواتین اور بچوں کو ستانا اور ایذا پہنچانا شروع کیا۔

حتیٰ کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خاندان کی خواتین کے برقعوں تک کو چھین لیا اور اس کے بعد خیموں کو آگ لگادی۔ حضرت زینبؑ امام سجادؑ اور دخترانِ حسینؑ نے وہ رات جلے ہوئے خیموں کی راکھ پر ہی بسر کی۔ دوسرے روز شام کو قیدیوں کے قافلے کو کوفے کی جانب لے جایا گیا، یزیدی لشکر کے کوچ کرنے کے بعد بنی اسد قبیلے کے لوگوں نے پاک شہیدوں کو دفن کیا، قیدیوں کا قافلہ جس وقت کوفے پہنچا تو حکومت کے فرمان پر شہر کو چراغاں اور لوگوں کو تماشا دیکھنے کے لیے سڑک کے دونوں اطراف کھڑا کیا گیا تھا۔ ان سے کہا گیا تھا کہ یزید کے لشکر نے کچھ باغی لوگوں کو شکست دی ہے اور ان میں سے قیدی بنائے گئے افراد کو شہر لایا جارہا ہے۔ یہ حضرت علی علیہ السلام کا دارالخلافہ کوفہ تھا۔ جہاں آپ کی صاحبزادیوں کو قیدی بنا کر لایا جارہا تھا، لوگ خوش تھے، شاید ہی کسی کو یہ گمان ہو کہ وہ لوگ خاندانِ نبوت کی خواتین کو قیدیوں کی شکل میں دیکھیں گے۔ لیکن جب انہیں پتہ چلا کہ جن خواتین کو بغیر برقع کے قیدیوں کی شکل میں لایا جارہا ہے، وہ خاندانِ

محمدیؐ کی عفت و حیا کی پیکر ہیں تو ان کی ساری خوشی اور جوش وخروش، آہ وزاری اور ماتم میں تبدیل ہوگیا۔ اس موقع پر حضرت زینبؑ نے ایک انقلابی اقدام انجام دیتے ہوئے حکومت کے اس پروپیگنڈے کو جو اس نے خود کو مستحکم بنانے کے لیے ترتیب دیا تھا، درہم برہم کردیا اور اس کو شہیدوں کا پیغام پہنچانے کا ذریعہ بنادیا۔ حضرت زینبؑ نے جو حضرت علیؑ کے انداز میں بول رہی تھیں، چیخ کر کہا: ''اے لوگو! کیا سچ مچ تم لوگ ہمارے مصائب پر آنسو بہار ہے ہو، تم لوگوں کے لیے یہی اچھا ہے کہ زیادہ روؤ اور کم ہنسو، کیا تم جانتے ہو کہ رسولؐ خدا کے جگر کو تم نے کس طرح ٹکڑے کیا ہے، اور آلِ پیمبر کی خواتین کے سروں سے کس طرح برقع اُتارا ہے؟ کیا تم حیرت زدہ ہو کہ آسمان سے خون برسا، اُن لوگوں کے لیے عذاب اس سے کہیں بڑھ کر ہے، جو ظالموں کے ظلم میں شریک ہوتے ہیں اور ان کے خلاف آواز اُٹھانے کی ہمت نہیں رکھتے۔

راویوں کا کہنا ہے کہ حضرت زینبؑ کی تقریر کے دوران کوفے کے لوگ شرم اور پشیمانی سے گڑے جارہے تھے اور زاروقطار رو رہے تھے۔ چنانچہ یہ کہا جاسکتا ہے کہ حضرت زینبؑ کی تقریر توابین کے اُٹھ کھڑے ہونے اور بغاوت کا پہلا بیج ثابت ہوئی۔ اس کے بعد قیدیوں کو ابنِ زیاد کے دربار میں حاضر کیا گیا۔ حضرت زینبؑ جو ابنِ زیاد کے سامنے لائیں گئیں تھیں۔ دُشمن کی کوششوں کے برخلاف ایک خاص عصمت و وقار کی حامل تھیں۔ اُنھوں نے ابنِ زیاد پر قطعی کوئی توجہ نہ دی۔ ابنِ زیاد نے حضرت زینبؑ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے پوچھا کہ یہ عورت کون ہے؟ جب اُس نے تین بار اپنے اس سوال کو دھرایا تو ان کنیزوں میں سے ایک کنیز نے جنھوں نے حضرت زینبؑ کو اپنے حلقے میں لے رکھا تھا، جواب دیا، یہ حضرت فاطمہؑ کی بیٹی ہیں، ابن زیاد نے حضرت زینبؑ کو مخاطب کرتے ہوئے کہا شکر اس خدا کا جس نے تمہارے جھوٹے دعوؤں کو آشکار کیا اور تمھیں شکست دی اور ہلاک کیا۔'' (طبری ج ۶ ص ۲۶۲)

حضرت زینبؑ نے ابن زیاد کے جواب میں کہا: شکر اس خدا کا جس نے ہمیں عزت اور بزرگی سے نوازا اور ہمیں پاک ومطہر بنایا، اور خاندانِ محمدؐ میں ہمیں جگہ دی۔ رسوا وہ ہوا جس نے فسق وکفر اور شرک اپنایا اور اس شخص کا جھوٹ آشکار ہوگیا۔ جس نے راہ صداقت میں فداکاری نہ کی۔ ہم سرخرو ہوئے اور ہمارا دُشمن زاروزبوں اور رسوا ہوا۔ حضرت زینبؑ کی باتوں نے ابنِ زیاد کو خشمگین کردیا، اس نے کہا: دیکھا خدا نے تمہارے بھائی اور دوسرے رشتے داروں کے ساتھ کیا کیا۔'' حضرت زینبؑ نے جواب میں کہا: میں نے خداوند تعالیٰ سے بھلائی کے علاوہ اور کچھ نہیں دیکھا وہ لوگ خدا کے خاص لوگوں میں تھے جو شہادت جیسی عظیم سعادت سے ہمکنار ہوئے، ان لوگوں نے پوری آگہی کے ساتھ شہادت کے راستے کو انتخاب کیا، لیکن تو بہت جلد خدا کے حضور میں ان سے روبرو ہوگا اور اپنے کئے کی سزا پائے گا۔ (طبری ج ۶ ص ۲۶۲)

ابنِ زیاد کے پاس جو حضرت زینبؑ کی فصاحت و بلاغت کے سامنے مات کھا کر رہ گیا تھا، خشونت کے سہارے کے علاوہ کوئی اور چارہ نہیں رہا تھا اس نے حضرت زینبؑ کو مخاطب کرتے ہوئے کہا خداوند تعالیٰ نے مجھ کو میرے مقصود تک پہنچادیا اور تمہارے خاندان کے باغیوں کو ہلاک کردیا گیا، حضرت زینبؑ نے جواب دیا اگر تیرا مقصود یہی تھا کہ تو خاندان رسالت کے پودے کو اکھاڑ پھینکے تو تجھے چند دن ہی خوشحال رہنا چاہئے کیونکہ دُنیا کی شان و شوکت کسی کے ساتھ وفا نہیں کرتی۔ یزید نے حکم دیا کہ قیدیوں کو اس راستے سے دمشق کی طرف لے جایا جائے جس پر بہت زیادہ دیہات اور شہر واقع تھے۔ لیکن امام سجادؑ اور حضرت زینبؑ نے دُشمن کے تمام منصوبے پر پانی پھیر دیا اور ان لوگوں نے شہیدوں کا پیغام پہنچانے اور حکومت کے مظالم اور اس کے وحشیانہ برتاؤ کے بارے میں لوگوں کو آگاہ کرنے کے لیے اس موقع سے فائدہ اُٹھایا۔ ہر گاؤں میں جہاں سے قیدیوں کا قافلہ گزرا انقلاب کے بیج بوئے گئے اور علویوں کی مختلف تحریکوں کا وجود میں آنا اور خاندانِ معاویہ کی حکومت کا خاتمہ اور بالآخر اموی حکومت کے تسلط کا اختتام اس دعوے کی بہترین گواہ ہے۔ جب قیدیوں کو دربار یزید میں پیش کیا گیا تو دخترِ رسولؐ حضرت زینبؑ کھڑی ہوئیں اور ایک ایسی تقریر کی جس نے یزیدی شان و شوکت کی دھجیاں بکھیر کر رکھ دیں۔ حضرت زینبؑ نے اپنا بیان اس طرح سے شروع کیا۔ ''سچ ہی کہا ہے میرے پروردگار نے کہ ان لوگوں کا انجام جو برے کاموں کی طرف مائل ہوتے ہیں، یہ ہے کہ وہ آیات خداوندی کا مذاق اُڑاتے ہیں، کیا اے یزید تو سمجھتا ہے کہ چونکہ ہمارے بدن پر قیدیوں کا لباس ہے، اس کی وجہ سے ہم خدا کے حضور میں خوار اور تو آبرومند ہوگیا ہے؟ یا تو اس لئے کامیاب ہوا ہے کہ خدا کے مقربین میں سے ہے؟ تو

(بقیہ صفحہ نمبر 17)

حضرت عباس علمدار علیہ السلام کی حیاتِ طیبہ اور آپ کی جلیل القدر خدمات کا تذکرہ، ہمارے ائمہ طاہرین علیہم السلام نے متعدد مقامات پر کیا ہے، اور متعدد معصوم کرامؑ نے آپ کو نہایت شاندار الفاظ میں خراجِ تحسین پیش کیا ہے، جس کا تذکرہ ہم ایک مستقل باب میں کریں گے۔ البتہ مختلف زیارتوں اور دیگر کتبِ مقاتل میں آپ کے جوگراں قدر القاب بیان کئے گے ہیں، اور جن میں سے ہر لقب ایسا ہے جس کی اگر دیگر احادیثِ معصومینؑ کی روشنی میں تشریح کی جائے تو یہ باب بہت طولانی ہو جائے گا۔ اس لئے ہم اختصار کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے، اس جگہ آپ کے صرف چند القاب ذکر کرنے کی سعادت حاصل کر رہے ہیں۔

رئیس الشجعان:۔ معروف مؤرخ، علامہ سپہر کاشانی، جن کی تالیف کردہ کتاب تاریخ کو فارسی زبان میں لکھی جانے والی تواریخ میں ایک امتیازی حیثیت حاصل ہے۔ وہ تحریر فرماتے ہیں کہ: کَانَ رَئِیْسُ الشُّجْعَانَ آپ تمام صاحبانِ شجاعت کے سیّد و سردار ہیں۔

(ملاحظہ فرمائیے: تاریخ التواریخ جلد ۶ صفحہ نمبر ۲۰۹)

اور یہ بات تو آپ کے اسمِ مبارک سے بھی ظاہر ہے۔ کیونکہ عباس کے معنی ہی شیر کے ہیں، جیسا کہ اربابِ لغت نے تصریح کی ہے۔

سیّد الفرسان:۔ تحفہ حسینیہ کے جلیل القدر مؤلف نے لکھا ہے کہ: کَانَ سَیِّدُ الفرسَانِ یَرْکَبُ الْفَرَسَ الْمَطَهَّمَ۔ وَرِجْلَاهُ یَخُطَّانِ فِی الْاَرْضِ آپ تمام شہسواروں کے سیّد و سردار ہیں۔ دور کا بہ (بلند و بالا) گھوڑے پر سوار ہو کر چلتے تھے، تب بھی آپ کے پائے مبارک، زمین پر خط دیتے ہوئے جاتے تھے۔ (تحفہ حسینیہ صفحہ نمبر ۱۷۸) جیسا کہ اس کا تذکرہ محدث خبیر، حضرت شیخ عباس قمی علیہ الرحمہ نے اپنی مشہور و معروف تالیف منتہی الآمال میں بھی کیا ہے۔ لفظ "مطہم" کے بارے میں اربابِ لغت نے لکھا ہے کہ: بکمل اور خوشنما۔ اسی سے ہے۔ جواد مطہم یعنی خوبصورت عمدہ گھوڑا بعض اربابِ قلم نے اس کی تشریح دور کا بہ گھوڑے سے بھی کی ہے۔

افضل الشھداء:۔ صاحب معالم الزلفی نے لکھا ہے کہ: روزِ عاشورہ، جب امام عالی مقام کے تمام اعوان و انصار کے درجہ شہادت پر فائز ہونے کے بعد، قمر بنی ہاشم، علمدارِ لشکرِ حسینیؑ حضرت عباس علیہ السلام بھی درجۂ شہادت پر فائز ہوئے اور امامؑ افتاں وخیزاں، اُن کی لاش کے پاس پہنچے، بھائی کے سر کو اپنے زانو پر رکھا، اور عباسؑ نے اس دارِ فانی سے منہ موڑا، تو امام حسینؑ نے جنابِ عباسؑ کا جو مرثیہ پڑھا، اُس میں یہ بھی فرمایا:

یَا اَفْضَلَ الشُّهَدَاءِ یَابْنَ الْمُرْتَضٰی، صَلّٰی عَلَیْكَ اللهُ كُلَّ اَوَانٍ

اے شہید ہونے والوں میں سب سے افضل، اے (حضرت علی) مرتضیٰؑ کے فرزند، خداوندِ عالم ہر آن آپ پر رحمت نازل فرمائے۔

ملاحظہ فرمائیے: (معالم الزلفی صفحہ نمبر ۲۶ مطبوعہ ایران)

امام عالی مقام اور تاجدارِ وفا کی قربت ملاحظہ فرمائیے کہ:

وہ سیّد الشہداء ہیں۔۔۔۔ تو یہ افضل الشہداء

دونوں پر خدا کی رحمتیں اور برکتیں، تا قیامت!

وفادارِ اعظم:۔ کربلا کے واقعات کے سلسلہ میں جو کتابیں "مقاتل" کے نام سے لکھی گئی ہیں، اُن میں ایک مفصل کتاب اس نام سے بھی لکھی گئی ہے: مائتین فی مقتل الحسین اس کے گرامی مرتبت مؤلف نے لکھا ہے کہ: "کَانَ اَدْنٰی وَاَبَرَّ مِنْ اَهْلِ بَیْتِ الْحُسَیْنِ" آپ، امام حسین علیہ السلام کے اہلِ بیت کے لیے سب سے زیادہ وفادار، اور سب سے زیادہ نیکی کرنے والے تھے۔ (ملاحظہ فرمائیں: مائتین فی مقتل الحسین صفحہ نمبر ۴۳۷)

اُردو شاعر نے سچ کہا ہے کہ "عباسؑ کی وفا کوئی پوچھے حسینؑ سے"

سقائے حرم:۔حضرت امام حسین علیہ السلام نے جس دن سے کربلا کی سرزمین پر قدم رکھا، خیموں کی تنصیب، بچوں کی حفاظت، اور ساتھیوں کی خبر گیری، حضرت عباسؑ علمدار علیہ السلام کے اہم مشاغل تھے، اور اگرچہ حسبِ ضرورت امام عالی مقامؑ نے اپنے دوسرے ساتھیوں کو بھی فرات سے پانی لانے کے لیے بھیجا۔ لیکن چوتھی محرم کو جب فرات کے کنارے پہرے بٹھا دیئے گئے، تو یہ حضرت عباس علمدار علیہ السلام ہی کی شجاعت تھی، جس کے سامنے یزیدی افواج ٹھہرنے کا حوصلہ نہیں رکھتی تھیں۔ اور آپ پوری جوانمردی کے ساتھ پانی لانے کا فریضہ انجام دیتے تھے۔ یہاں تک کہ جب ساتویں محرم سے امامؑ اور اُن کے ساتھیوں پر پانی بند کر دیا گیا تو حضرت عباسؑ نے ہی کربلا کی سرزمین پر متعدد کنویں کھودے (یہ اور بات ہے کہ زمین سنگلاخ تھی، یا پیاس کے امتحان کی گھڑی آچکی تھی، اور ان کنوؤں سے پانی برآمد نہ ہوسکا) لیکن عباس کا نام سقائے حرم کی حیثیت سے قیامت تک زندہ رہے گا۔

کثیر البطش:۔علامہ کنتوری علیہ الرحمہ نے واقعاتِ کربلا پر نہایت شرح و بسط کے ساتھ قلم اُٹھایا ہے، وہ حضرت عباس علمدار علیہ السلام کا تذکرہ کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں: ''اِنَّ الْعَبَّاسَ كَثِيْرُ الْبَطْشِ، قَوِيُّ النِّقْمَةِ، لَا يُغَادِرُ مَنْ اَسَاءَ اِلَيْهِ اَوْ اِلٰى اَخِيْهِ، اِلَّا وَيَنْتَقِمُ مِنْهُ''

حضرت عباس (حملہ کے وقت دُشمن پر) بہت زیادہ ٹوٹ پڑنے والے سخت گرفت کرنے والے تھے، کوئی اُن کے ساتھ، یا ان کے بھائی کے ساتھ بے ادبی کرے، تو اُسے چھوڑتے نہیں تھے، بلکہ اُس سے بدلہ ضرور لیتے تھے۔ (اور اس کی گستاخی کا اسے مزہ چکھاتے تھے) (ملاحظہ فرمایئے: مائتین فی مقتل الحسین صفحہ نمبر ۴۶۴) اس لفظ کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے بخوبی کیا جاسکتا ہے کہ پروردگارِ عالم نے، قرآن مجید میں اس لفظ کو، اپنی گرفت کے لیے استعمال فرمایا ہے۔

ارشادِ قدرت ہے:۔اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيْدٌ (یقیناً تمہارے پروردگار کی گرفت بہت سخت ہے۔) (سورۃ البروج آیت ۱۲) جب وہ اپنے دُشمنوں کی گرفت کرنا چاہے جو اُس کے رسولوں کی تکذیب کرتے اور اُس کے احکام کی مخالفت کرتے ہوئے سرکشی کی راہ اختیار کریں۔۔۔تو پھر اُس کی گرفت سے اُن لوگوں کو، کوئی بچا نہیں سکتا (جیسا کہ ماضی کی اقوام کے عذاب سے نمایاں ہے)

مبشر بالشجاعة:۔علامہ کنتوری نے آپ کا یہ لقب بھی، اپنی مذکورہ بالا تالیف، میں ذکر کیا ہے، چنانچہ اُنہوں نے تحریر فرمایا ہے کہ:

اِنَّهٗ مُبَشَّرٌ بِالشُّجَاعَةِ قَبْلَ مِيْلَادِهٖ وَلَمْ يَكُنْ اَحَدٌ مِنَ الشُّهَدَاءِ الَّذِيْنَ اسْتُشْهِدُوْا فِي الطَّفِّ فَائِزًا اِلٰى تِلْكَ الدَّرَجَةِ

آپ کی ولادت سے قبل ہی، آپ کی شجاعت و دلیری کی بشارت دی گئی، اور وہ شہیدانِ راہِ خدا، جنہوں نے کربلا کے واقعہ میں، جامِ شہادت نوش فرمایا۔ اُن میں سے (حضرت عباس علمدار کے علاوہ) کوئی بھی اس درجہ پر فائز نہیں ہوا)
(مائتین فی مقتل الحسین صفحہ ۴۳۸)

اور یہ بات تو تاریخی طور پر ثابت ہی ہے کہ جناب امیرؑ نے جناب اُم البنینؑ سے شادی ہی اس لئے کی تھی کہ اُن کے ذریعہ سے، خداوندِ عالم، آپؑ کو بہادر فرزند عطا فرمائے۔

عبدالحسینؑ:۔جیسا کہ اربابِ ولا، اس حقیقت سے واقف ہیں، حضرت عباس علمدار علیہ السلام اگرچہ امام حسین علیہ السلام کے بھائی تھے۔ مگر خود کو ہمیشہ امامؑ کا غلام سمجھا اور فرماتے تھے کہ: اَنَا عَبْدٌ مِنْ عُبَيْدِ الْحُسَيْنِ میں حسینؑ کا غلام ہوں: یہ لفظ آپ کے کمال اطاعت و فرماں برادری کی نشاندہی کرتا ہے۔ کیونکہ لفظ ''عبودیت'' لغوی طور سے بھی فرماں برادر اور اطاعت کے معانی کے لیے وضع ہوا ہے۔ اس لفظ میں جہاں کمال تواضع و انکساری نمایاں ہے۔ وہاں یہ حقیقت بھی واضح ہوتی ہے کہ اُس ذات والا صفات کی نفسانی بلندی کا کون اندازہ کرسکتا ہے۔ جو بھائی ہوتے ہوئے خود کو غلام جیسا اطاعت گزار اور فرماں برادر قرار دے۔ العبد الصالح ایک مخصوص لقب:۔قمر بنی ہاشم، علمبردار حسینی، حضرت عباس علیہ السلام کے القاب میں، ایک مخصوص لقب: ''اَلْعَبْدُ الصَّالِحُ'' بھی ہے۔ جس کا تذکرہ آپ کی زیارتوں میں بھی پایا جاتا ہے اور حضرات معصومین علیہم السلام کی روایات میں بھی۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے ابو حمزہ ثمالیؒ سے فرمایا کہ: جب حضرت عباس بن علی علیہ السلام کی زیارت کا قصد کرو (جس کا روضہ اقدس) حضرت امام حسین علیہ السلام کے حرم مقدس کے سامنے ہے، تو آپؑ کی ضریح اقدس سے چپک جانا، اور یہ زیارت پڑھنا۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْعَبْدُ الصَّالِحُ، الْمُطِيْعُ لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِاَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ علیہ السلام وَالْحَسَنِ علیہ السلام وَالْحُسَيْنِ علیہ السلام سلام ہو آپؑ پر اے عبدِ صالح۔

خدا اور اُس کے رسول امیر المومنینؑ اور حسنؑ و حسینؑ کی اطاعت کرنے والے۔

فضائلِ کربلا

انتخاب ترجمہ: حجۃ الاسلام مولانا سیّد تلمیذ حسنین رضوی، عشرۂ نیو جرسی، امریکہ

کربلا کی فضیلت

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

مقدس سرزمین:۔ کربلا روئے زمین کا پاکیزہ ترین خط ہے اور بہت زیادہ قابلِ احترام ہے بلکہ وہ تو جنت کا ایک حصہ ہے۔

سرزمینِ نجات:۔ میرے فرزند کو ایسی زمین میں دفن کیا جائے گا جس کا نام کربلا ہوگا یہ وہ زمین ہے جو مرکزِ اسلام رہی ہے۔ جو مومنین طوفانِ نوح کے وقت حضرت نوح علیہ السلام کے ساتھ کشتی میں سوار ہوئے تھے اللہ تعالیٰ نے اسی مقام پر انہیں نجات دی تھی۔

تربت اور تسبیح عشق

دُعا کی قبولیت:۔ آگاہ ہوجاؤ کہ امام حسینؑ کے قبہ کے نیچے دُعائیں قبول ہوں گی، ان کی تربت سے شفا حاصل ہوگی۔ اور سلسلہ امامت ان ہی کی اولاد میں جاری رہے گا۔ حضرت امام علیؑ نے فرمایا:

شہادت گاہ عشق:۔ حضرت علی علیہ السلام کا گذر ایک روز سرزمین کربلا سے ہوا تو آپ نے اس موقع پر فرمایا: اس جگہ عاشقوں کی قربان گاہ اور شہداء کی قبریں ہوں گی وہ ایسے شہید ہوں گے کہ گذشتہ اور آئندہ کوئی بھی شہید ان کے مرتبہ کو نہیں پہنچے گا۔

خاکِ کربلا:۔ اے خاکِ کربلا تو کتنی خوشبودار ہے!!! قیامت کے دن ایک قوم تجھ سے باہر آئے گی جو بغیر حساب کے جنت میں جائے گی۔

حضرت امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا:

کوکب دُرّی:۔ زمینِ کربلا روزِ قیامت ستارۂ درخشاں کی طرح چمک رہی ہوگی اور آواز دے گی میں اللہ کی مقدس، پاک و پاکیزہ اور بابرکت زمین ہوں جو اپنی آغوش میں سیّد الشہداء اور جوانانِ جنت کے سردار کو لئے ہوئے ہے

زیارتِ کربلا

حضرت امام محمد باقرؑ نے فرمایا:

شوقِ زیارت:۔ اگر لوگوں کو معلوم ہوجائے کہ قبر امام حسینؑ کی زیارت کتنی فضیلت رکھتی ہے تو شوقِ زیارت میں جان دے دیں۔

زیارت کا ثواب:۔ قبر رسولؐ اکرم کی زیارت، جملہ شہداء کے قبر کی زیارت اور امام حسینؑ کے قبر کی زیارت ایسے مقبول حج کے برابر ہے جو آنحضرت کی معیت میں ادا کیا گیا ہو۔

نیا جنم:۔ حمران سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ مجھے قبر امام حسینؑ کی زیارت کا شرف حاصل ہوا۔ جب میں واپس آیا تو امام محمد باقرؑ سے ملاقات کے لیے گیا۔ اور انہوں نے فرمایا: اے حمران! میں تم کو بشارت دیتا ہوں۔ جو بھی شہدائے آلِ محمدؐ کی قبروں کی زیارت کرے اور اس زیارت سے اس کا مقصد خداوندِ عالم کی خوشنودی اور پیغمبرؐ اکرم سے تقرب ہو، تو وہ گناہوں سے ایسے باہر آجائے جیسے اس کی ماں نے اسے اسی روز جنم دیا ہو۔

مظلوم کی زیارت:۔ جو شخص یہ چاہتا ہوں کہ اس کا ٹھکانا اور جائے بازگشت جنت ہو، تو اسے چاہئے کہ مظلوم کی زیارت کو ترک نہ کرے۔ حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا:

کربلا اور بیت المقدس:۔ کربلا کا تعلق بیت المقدس کی خاک سے ہے۔

کربلا اور فرات:۔ سرزمین کربلا اور آب فرات وہ پہلی زمین اور پہلا پانی ہے جسے خداوند عالم نے مقدس ومحترم قرار دیا ہے۔

کربلا آرزوئے انبیاء:۔ آسمان وزمین میں رہنے والے ہر نبی کا اللہ سے یہ مطالبہ ہے کہ انہیں زیارت امام حسین علیہ السلام کے لیے اجازت مرحمت فرمائی جائے تو ایک گروہ انبیاء نازل ہوتا ہے تو دوسرا روانہ ہوتا ہے۔

کربلا فرشتوں کی زیارت گاہ:۔ آسمان و زمین میں رہنے والے تمام فرشتے اللہ تبارک وتعالیٰ سے یہ التجا کرتے ہیں کہ انہیں امام حسینؑ کی زیارت سے مشرف ہونے کی اجازت دی جائے۔ فرشتوں کی ایک جماعت نازل ہوتی ہے تو دوسری جماعت محوِ پرواز ہوتی ہے۔

جنت کا راستہ:۔ قبرِ امام حسین علیہ السلام کی جگہ جنت کے دروازوں میں سے ایک دروازہ ہے۔

کربلا حرمِ امن:۔ بلاشبہ خداوندِ عالم نے مکہ مکرمہ کو بنانے سے قبل کربلا کو امن بخش اور بابرکت حرم قرار دیا تھا۔

زیارتِ مسلسل:۔ کربلائے معلّٰی کی زیارت کرتے رہو اور اس کو ختم نہ ہونے دو، اس لیے کہ اس زمین میں انبیاء کی بہترین اولاد نے بسیرا کیا ہے۔

مبارک بارگاہ:۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں ''وادیٔ ایمن'' کے جس ساحل کا ذکر کیا ہے وہ فرات ہے، اور ''بابرکت سرزمین'' سے مراد کربلا ہے۔

زیارت کی اہمیت:۔ امام حسین علیہ السلام کی قبر کی زیارت کرو، اور زیارت نہ کر کے ان پر ظلم نہ ڈھاؤ اس لیے کہ جملہ مخلوقات میں وہ جوانانِ جنت کے سردار اور شہید نوجوانوں کے آقا ہیں۔

بہترین عمل:۔ قبرِ امام حسین علیہ السلام کی زیارت ان افضل ترین اعمال میں سے ہے جسے انجام پانا چاہیے۔

نوری دستر خوان:۔ جس شخص کی یہ خواہش ہو کہ وہ روز قیامت نوری دستر خوان تک رسائی حاصل کرے تو اسے چاہئے کہ وہ امام حسین بن علی علیہ السلام کے زائروں میں شامل ہوجائے۔

بہترین پڑوس:۔ جو یہ چاہتا ہے کہ وہ نبی اکرمؐ، حضرت علیؑ اور حضرت فاطمہؑ کا ہمسایہ بن کر رہے، تو اسے چاہئے کہ وہ کسی بھی حال میں امام حسینؑ کی زیارت کو ترک نہ کرے۔

زیارتِ فریضہ:۔ اگر تم میں سے کوئی عمر بھر فریضۂ حج ادا کرتا رہے لیکن امام حسین بن علی علیہما السلام کی زیارت سے مشرف نہ ہوا تو اس نے گویا آنحضرتؐ کے حقوق میں سے ایک حق کو ترک کردیا۔ اس لئے کہ امام حسین علیہ السلام کا حق اللہ تعالیٰ کی جانب سے لازم اور ہر مسلمان پر واجب ہے۔

زیارت نہ کرنے کا نقصان:۔ جو شخص قبرِ امام حسین علیہ السلام کی زیارت کو نہ جائے اور اس کی موت واقع ہوجائے تو اس کا ایمان نامکمل اور اس کا دین ناقص رہ جائے گا۔ اگر وہ جنت میں گیا بھی تو اس کا درجہ مومنین سے بچا ہوگا۔

زیارت سے شہادت:۔ تم امام حسین بن علی علیہما السلام کی زیارت کو ہرگز ترک نہ کرو اور اپنے دوستوں کو مشورہ دو کہ وہ بھی زیارت سے مشرف ہوں تاکہ اللہ تعالیٰ تمہاری عمر میں اضافہ کرے اور تمہارے رزق میں وسعت دے، تمہاری زندگی بابرکت ہو اور تمہیں شہادت کی موت میسر ہو۔

حدیث محبت:۔ جب اللہ تعالیٰ کسی کی بھلائی چاہتا ہے تو اس کے دل میں امام حسین علیہ السلام کی محبت اور ان کی زیارت کی لگن پیدا کردیتا ہے۔ اور اگر اللہ تعالیٰ کسی کو برائی میں مبتلا رہنے دینا چاہتا ہے تو اس کے دل میں امام حسین علیہ السلام کی دشمنی اور ان کی زیارت کرنے سے بے توجہی پیدا ہوجاتی ہے۔

شیعیت کی علامت:۔ جو شخص قبرِ امام حسین علیہ السلام کی زیارت کرنے نہ جائے اور یہ سمجھتا ہو کہ وہ ہمارا شیعہ ہے، یہاں تک کہ اس کی موت واقع ہوجائے تو وہ ہمارا شیعہ نہیں ہے۔ اگر وہ جنتی ہوگا تو صرف جنت والوں کا مہمان بن کر رہے گا۔

شرفِ زیارت:۔ جو شخص قبرامام حسین علیہ السلام کی زیارت کرنے کے لیے ان کے حق کی معرفت رکھتے ہوئے آئے گا تو اللہ تعالیٰ اس کا نام ان لوگوں میں لکھ دے گا جو اعلیٰ علیین کے درجہ پر فائز ہوں گے۔

عاشورہ اور اربعین

روزِ عاشورہ کی زیارت:۔ جو شخص روزِ عاشورا امام حسین علیہ السلام کی زیارت سے مشرف ہو تو اس کے لیے جنت واجب ہوتی ہے۔

کربلا میں رات بسر کرنا:۔ جو شخص شب عاشورا امام حسین علیہ السلام کی قبر کے نزدیک رات بسر کرے تو وہ روزِ قیامت اللہ کے حضور میں اس طرح پیش ہوگا کہ وہ اپنے خون میں غلطاں ہوگا گویا کہ وہ میدان کربلا میں امام حسین علیہ السلام کے ساتھ درجۂ شہادت پر فائز ہوا ہے۔

تربتِ امان ہے:۔ اپنی اولاد کو تربتِ امام حسین علیہ السلام چٹاتے رہو اس لئے کہ تربت بچے کے لیے امن وسلامتی کی ضمانت ہے۔

بہترین دوا:۔ امام حسین علیہ السلام کی قبر کی مٹی میں ہر بیماری کے لیے شفا ہے اور وہ مٹی بہت بڑی دوا ہے۔

تربتِ حسین علیہ السلام کا فائدہ: تربتِ امام حسین علیہ السلام پر سجدہ کرنا ساتوں حجابات کو پارہ پارہ کر ڈالتا ہے یعنی اس کے لیے کوئی حجاب نہیں رہتا۔

سجدۂ خاک شفاء: امام جعفر صادق علیہ السلام کا یہ طریقہ تھا کہ سوائے تربت حسین علیہ السلام کے اور کسی چیز پر سجدہ نہ کرتے تھے اور یہ سجدۂ خداوند نہایت خضوع کے ساتھ انجام پاتا تھا۔

تسبیح تربت: امام حسین علیہ السلام کی تربت قبر پر سجدہ کرنا ساتوں زمینوں کو منور کر دیتا ہے۔ اور اگر کسی کے پاس تسبیح تربت حسین علیہ السلام موجود ہو اور وہ اس سے تسبیح نہ بھی پڑھے تب بھی تسبیح کرنے والوں میں اس کا شمار ہوگا۔ حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے فرمایا:

عفوِ تقصیر: ۔فرات کے کنارے زائرِ امام حسین علیہ السلام کو کم سے کم جو ثواب ملے گا وہ یہ ہوگا کہ اس کے پچھلے اور اگلے تمام گناہ معاف کر دیئے جائیں گے۔ بشرطیکہ وہ ان کے حق، ان کی حرمت وعزت اور ان کی ولایت و دوستی کی مکمل معرفت رکھتا ہو۔

تربتِ حسین علیہ السلام شفا ہے: ۔آپ نے اپنی ایک حدیث کے ذیل میں اپنی رحلت کی خبر دی تھی یہ فرمایا کہ خبردار! میری قبر کی مٹی برکت کے طور پر نہ اُٹھانا اس لئے کہ ہمارے لئے ہر قسم کی مٹی کا کھانا حرام ہے۔ سوائے میرے جد امام حسین علیہ السلام کی تربتِ قبر جس کا کھانا جائز ہے اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے اس مٹی کو ہمارے شیعوں اور دوستوں کے لیے شفا قرار دیا ہے۔

شیعوں کی ضرورت: ۔ہمارے شیعہ چار چیزوں سے مستغنی نہیں ہو سکتے۔ (۱) سجدہ گاہ جس پر سجدہ کیا جاتا تھا (۲) انگوٹھی جسے پہنے رہیں۔ (۳) مسواک جسے استعمال کریں۔ (۴) اور قبر امام حسینؑ کی تربت کی تسبیح اپنے پاس رکھیں۔ حضرت امام علی رضا علیہ السلام نے فرمایا:

زائر اللہ: ۔جو فرات کے کنارے امام حسین علیہ السلام کی زیارت کرنے کے لیے آیا تو اس نے گویا اس (شعائر اللہ) کے ذریعہ خداوندِ عالم کی زیارت کر لی۔ حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام نے فرمایا:

علاماتِ مومن: ۔مومن کی پانچ نشانیاں ہیں: (۱) پچاس رکعت نماز پڑھنا (یعنی پنج گانہ نماز جن میں نوافل اور تہجد شامل ہے) (۲) اربعین (چہلم) کے دن امام حسین علیہ السلام کی زیارت کرنا۔ (۳) داہیں ہاتھ میں انگوٹھی پہننا۔ (۴) خاکِ شفا پر سجدہ کرنا۔ اور (۵) زور سے بسم اللہ الرحمن الرحیم کی تلاوت کرنا۔

(بقیہ حضرت زینب علیہا السلام)

اس طرح سے فخر کرتا ہے کہ جیسے تو نے ہمیشہ کیلئے طاقت و اقتدار کو حاصل کر لیا ہے؟ تو نے خدا کے اس دعوے کو فراموش کر دیا ہے کہ ان لوگوں کو جنھوں نے کفر کا پیشہ اپنایا اس گمان میں نہیں رہنا چاہئے کہ جو مہلت ہم نے ان کو دی ہے اس سے وہ لوگ فائدہ اُٹھائیں گے۔ ہم نے انہیں مہلت دی ہے تا کہ وہ لوگ اپنے گناہوں کو بڑھائیں، اور ان کا انجام شرم آور سزائیں ہیں۔ کیا عزت اسلامی یہی ہے کہ تو اپنی کنیزوں کے لیے پردے کا انتظام کرے اور پیغمبرؐ کی نواسیاں بے پردہ رہیں؟ تو جو یہ اُمید رکھتا ہے کہ تیرے مشرک اجداد تجھے شاباش دیں زیادہ خوش مت ہو کہ بہت جلد تیرا انجام بھی انہی جیسا ہوگا اور اس کے بعد تو یہ آرزو کرے گا کہ اے کاش میرے ہاتھ مفلوج اور میری زبان گنگ ہوتی اور میں نے خاندانِ رسالت کی نابودی کا حکم صادر نہ کیا ہوتا، اس سے بڑھ کر برا انجام اور کیا ہو سکتا ہے کہ محشر کے دن رسولؐ خدا تیرے سامنے دادخواہ ہوں گے اور جبرئیل گواہ۔ اس وقت تیری حمایت کرنے والے گروہ دیکھیں گے کہ ظالموں کا انجام کیا ہوتا ہے۔ زمانے کے تغیرات نے مجھے مجبور کر دیا ہے کہ میں تجھ سے بات کروں، لیکن میری نظر میں تو ایک ایسا حقیر شخص ہے جس کے ساتھ بات کرنا میری شان کے خلاف ہے۔ قسم اس خدا کی جس کے اختیار میں ہماری جان ہے، تو ہمارے پیغام کو نابود نہیں کر سکتا کیونکہ اہل حق ہمیشہ زندہ رہتے ہیں۔ مظلوموں کے خون بہانے کی ذلت کے داغ قیامت تک تیری پیشانی پر باقی رہیں گے۔ تیرا نظریہ غلط، تیری زندگی نہایت محدود اور تیرے دربار کا یہ جاہ و جلال اور یہ رونق فانی ہے۔ حضرت زینبؑ اور حرم حسینی کے دوسرے افراد ایک طویل مدت تک قید میں رہے اور اس کے بعد جس وقت یزید کو امام حسینؑ کی شہادت کے سیاسی اور سماجی اثرات کا احساس ہوا اور جس وقت مخالفتوں اور بغاوتوں کی لہریں پھیل گئیں تو اس نے حکم دیا کہ کربلا کے قیدیوں کو رہا کر دیا جائے۔ اس موقع پر حضرت زینبؑ نے کئی دن تک یزید کے دارالخلافہ میں عزائے حسینی کی بساط بچھائے رکھی اور امام حسینؑ کی سب سے پہلی سوگوار حضرت زینبؑ حضرت اُم کلثومؑ اور حرم حسینیؑ کے دوسرے افراد کے پاس آئیں اور اُنہوں نے ان کے عزیزوں کی شہادت پر انہیں تعزیت پیش کی۔ (بشکریہ ندائے اسلام، ایران)

اعمالِ محرم و عاشورہ

انتخاب: سیّد مصور علی زنجانی

''محرم الحرام'' حضرات اہلِ بیت طاہرین علیہم السلام اور ان کے چاہنے والوں کے یہاں نہایت رنج وغم اور حزن وملال کا مہینہ ہے جس کی دسویں تاریخ کو خامسِ آلِ عبا سردار جوانانِ جناں سیّد الشہداء حضرت امام حسین علیہ السلام اپنے بیٹوں، بھائیوں، بھتیجوں، بھانجوں اور انصار واصحاب کے ساتھ تین دن کی بھوک و پیاس میں بے جرم وخطاء کربلا کی سرزمین پر شہید کردیے گئے۔ یہ دن انسانی تاریخ کا ایسا اندوہناک دن ہے اور خاندانِ رسالت پر اس دن ایسا کوہِ غم ٹوٹا ہے کہ شاعر نے بجا طور پر اس کی منظر کشی کرتے ہوئے کہا ہے کہ:

عاشور کو کربلا میں گھر زہرا ؑ کا
ایسا اُجڑا کہ پھر نہ آباد ہوا

آٹھویں تاجدار امامت حضرت امام علی رضا علیہ السلام سے منقول ہے کہ:

''جب محرم کا چاند نمودار ہوتا تھا تو (اس کے بعد) میرے والد کے چہرۂ مبارک سے خوشی کے تمام آثار ختم ہوجاتے تھے اور غم واندوہ کے بادل چھا جاتے تھے یہاں تک کہ جب عاشور کا دن آتا تو آپ کے حزن والم میں (بے پناہ) اضافہ ہوجاتا، گریہ وبکا کی آواز بلند ہوتی اور (نالہ وشیون کرتے ہوئے) آپ نے فرمایا کرتے تھے کہ: (آہ۔آہ) آج ہی کے دن ہمارے جد بزرگوار حضرت امام حسین علیہ السلام درجہ شہادت پر فائز ہوئے۔ (مفاتیح الجنان: ۵۸۳)

جب کہ زمانہ جاہلیت میں بھی اس مہینے کا اتنا احترام تھا کہ کفار بھی اس زمانہ میں جنگ شروع نہیں کرتے تھے۔ اسلام کی آمد کے بعد بھی اس مقدس مہینے کا احترام برقرار رہا اور سرورِ کائنات خاتم الانبیاء حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس مقدس مہینے میں عبادات کے لیے مخصوص ہدایات جاری فرمائیں۔ جن میں سے چند اعمال کا انتخاب زیرِ نظر مضمون میں پیش کیا جارہا ہے تاکہ اہلِ بیت کرام کے چاہنے والے حضرات، عزاداریٔ حضرت سیّد الشہداء میں حصہ لینے کے ساتھ ساتھ ان اعمال وعبادات کو بجالا کر اپنے اجر وثواب میں اضافہ فرمائیں۔

یکم محرم الحرام

حضرت امام علی رضا علیہ السلام سے منقول ہے کہ: یکم محرم الحرام کو روزہ رکھنے والے کی دُعا مستجاب ہوتی ہے۔ اور آپؑ ہی سے یہ حدیث بھی منقول ہے کہ خاتم الانبیاء حضرت رسولؐ خدا یکم محرم کو دو رکعت نماز پڑھنے کے بعد دونوں ہاتھوں کو آسمان کی طرف بلند کرکے مندرجہ ذیل دُعا تین بار پڑھتے تھے:

"اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْاِلٰهُ الْقَدِيْمُ وَهٰذِهٖ سَنَةٌ جَدِيْدَةٌ فَاَسْئَلُكَ فِيْهَا الْعِصْمَةَ مِنَ الشَّيْطَانِ وَالْقُوَّةَ عَلٰى هٰذِهِ النَّفْسِ الْاَمَّارَةِ بِالسُّوْءِ، وَالْاِشْتِغَالَ بِمَا يُقَرِّبُنِيْ اِلَيْكَ يَا كَرِيْمُ يَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ، يَا عِمَادَ مَنْ لَا عِمَادَ لَهٗ، يَا ذَخِيْرَةَ مَنْ لَا ذَخِيْرَةَ لَهٗ، يَا حِرْزَ مَنْ لَا حِرْزَ لَهٗ، يَا غِيَاثَ مَنْ لَا غِيَاثَ لَهٗ، يَا سَنَدَ مَنْ لَا سَنَدَ لَهٗ، يَا كَنْزَ مَنْ لَا كَنْزَ لَهٗ يَا حَسَنَ الْبَلَاءِ يَا عَظِيْمَ الرَّجَاءِ يَا عِزَّ الضُّعَفَاءِ يَا مُنْقِذَ الْغَرْقٰى، يَا مُنْجِيَ الْهَلْكٰى يَا مُنْعِمُ يَا مُجْمِلُ يَا مُفْضِلُ يَا مُحْسِنُ، اَنْتَ الَّذِيْ سَجَدَ لَكَ سَوَادُ اللَّيْلِ وَنُوْرُ النَّهَارِ وَضَوْءُ الْقَمَرِ وَشُعَاعُ الشَّمْسِ وَدَوِيُّ الْمَاءِ وَحَفِيْفُ الشَّجَرِ يَا اَللّٰهُ لَا شَرِيْكَ لَكَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا خَيْرًا مِمَّا يَظُنُّوْنَ وَاغْفِرْلَنَا مَالَا يَعْلَمُوْنَ، وَلَا تُؤَاخِذْنَا بِمَا يَقُوْلُوْنَ، حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَاخِذْنَا بِمَا يَقُوْلُوْنَ، حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ، وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ آمَنَّا بِهِ كُلٌّ مِنْ عِنْدِ رَبِّنَا ، وَمَايَذَّكَّرُ إِلَّا أُولُوا الْبَابِ .. رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا ، وَهَبْ لَنَا مِنْ لَدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ

حضرت امام علی رضا علیہ السلام سے منقول ہے کہ: ماہ محرم وہ مہینہ ہے کہ کفار بھی اس مہینے میں جنگ کرنا حرام سمجھتے تھے لیکن اس امت کے منافقوں نے ماہِ محرم میں ہمارا خون بہایا، ہماری عورتوں اور بچوں کو قیدی بنایا، ہمارے خیموں میں آگ لگائی، ہمارا مال اسباب لوٹ لیا اور ہمارے بارے میں حرمتِ رسولؐ کی رعایت بھی نہ کی۔ اس مصیبت نے ہماری آنکھوں کو زخمی کر دیا، لہٰذا ضروری ہے کہ (تمام) رونے والے اس (عظیم) مصیبت پر روئیں، کیونکہ حضرت امام حسین علیہ السلام پر رونے سے گناہ معاف ہوتے ہیں۔"

دوسری حدیث میں منقول ہے کہ: "جب میرے جد امجد حضرت امام حسین علیہ السلام شہید ہوئے تو آسمان نے خون اور سرخ خاک برسائی، اگر تم اس مظلوم کیلئے اس قدر گریہ وزاری کرو کہ آنسو تمہارے چہرے پر جاری ہوجائیں، تو خداوند عالم تمہارے (بکثرت) گناہوں کو معاف کردے گا۔" ایک اور حدیث میں فرمایا: اگر تم چاہتے ہو کہ جس وقت دُنیا سے اُٹھو، تمہارے ذمہ کوئی گناہ باقی نہ ہو تو (دینی فرائض کی مکمل طور سے بجا آوری کے ساتھ ساتھ) حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت کرو، آپؑ کے قاتلوں پر لعنت کرو اور جب بھی امام عالی مقام علیہ السلام کے مصائب یاد آئیں، یہ کہو کہ: يَا لَيْتَنِي كُنْتُ مَعَهُمْ فَأَفُوزَ فَوْزًا عَظِيمًا کاش میں بھی شہدائے کربلا کے ساتھ ہوتا۔ تو درجہ عظیم پر فائز ہوتا۔

۲ محرم الحرام

وہ تاریخ ہے جب سیّد الشہداء حضرت امام حسین علیہ السلام اپنے اہلِ خاندان اور انصار واعوان کے ساتھ کربلائے معلٰی کی سرزمین پر وارد ہوئے۔ اس دن اس جملہ کو بار بار دہرائیں کہ:

يَا لَيْتَنِي كُنْتُ مَعَهُمْ فَأَفُوزَ فَوْزًا عَظِيمًا

۴ محرم الحرام

۴ محرم الحرام سے کربلائے معلٰی کی سرزمین پر امام عالی مقام کا محاصرہ شروع کر دیا گیا، آپؑ نے فرات کے کنارے جو خیمے نصب کرائے تھے دُشمنانِ دین نے اُن خیموں کو جبراً وہاں سے ہٹا دیا۔

اس موقع پر علمدارِ لشکرِ حسینی حضرت عباس علیہ السلام نے امام حسین علیہ السلام سے اجازت طلب کی کہ دُشمنوں سے جنگ کر کے دوبارہ فرات کے کنارے خیمے نصب کرلیں، مگر امام عالی مقام علیہ السلام نے صبر کی تلقین فرمائی۔

۷ محرم الحرام

وہ تاریخ ہے جس دن سے حضرت امام حسین علیہ السلام اور ان کے اہلِ خاندان نیز تمام ساتھیوں اور چاہنے والوں پر پانی بند کر دیا گیا، عمر سعد نے فرات کے کنارے ہر طرف سخت پہرے بٹھا دیئے اور تمام لشکر والوں کو حکم دے دیا کہ حضرت امام حسین علیہ السلام ان کے اہل خاندان اور ان کے ساتھیوں میں سے کوئی بھی فرات کے قریب آنا چاہئے تو اسے روکا جائے تاکہ امام عالی مقام علیہ السلام اور ان کے چاہنے والوں تک ایک قطرہ پانی بھی نہ پہنچنے پائے۔

اس موقع پر بھی آپ کے جان نثاروں نے اجازت مانگی کہ ہم جنگ کر کے ان لوگوں کو یہ کہہ کر روک دیا کہ ہمیں اپنی طرف سے جنگ کا آغاز نہیں کرنا چاہئے۔ اور پھر آپؑ کے پیش نظر تو حضرت رسولؐ خدا کی یہ پیشین گوئی بھی تھی کہ "میرا بیٹا حسینؑ، کربلا کی سرزمین پر تین دن کا بھوکا پیاسا شہید کیا جائے گا۔"

۹ محرم الحرام

جسے روز "تاسوعا" بھی کہا جاتا ہے، خاندانِ رسالت کے لیے ایک نہایت ہی سخت دن جب نواسہ رسول کو قتل کرنے کے لیے تیس ہزار سے زیادہ افراد پر مشتمل جفا کاروں کا لشکر کربلائے معلٰی کی سرزمین پر پہنچ چکا تھا۔ (بعض اربابِ مقاتل نے نوے ہزار کی تعداد بیان کی ہے)

حضرت امام جعفر صادقؑ علیہ السلام فرماتے ہیں کہ: "نویں محرم وہ دن ہے جب (ہمارے جد بزرگوار) حضرت امام حسین علیہ السلام (ان کے اہلِ خاندان) اور ان کے تمام اصحاب وانصار، ہر طرف سے نرغۂ اعداء میں گھر چکے تھے۔ شامی دستے (جوق در جوق) آپ کے قتل کے لیے اکٹھے ہو رہے تھے، عمر سعد اور اس کے ساتھی، اپنے لشکر کی کثرت دیکھ کر فخر وغرور میں مبتلا تھے۔ دوسری طرف ہمارے جد بزرگوار کے ساتھیوں کی تعداد نہایت مختصر تھی۔ بھوک وپیاس کی

شدت، کربلا کی تپتی ہوئی سرزمین، اعوان وانصار کی کمی، دشمنوں کی یلغار، تلواروں کی جھنکار، بچوں کی صدائے العطش، ماؤں کی آغوش میں تڑپتے ہوئے بچے، غریب الوطنی کا عالم، ہر طرف سے کربلا کی سرزمین کا محاصرہ۔۔آہ۔۔۔آہ۔ میری جان فدا ہو اس (امام عالی مقام) پر جو مظلوم بھی تھے غریب الوطن بھی۔

شبِ عاشور

شبِ عاشور وہ شب ہے جس میں حضرت سیّد الشہداء مع اعزہ واحباب واصحاب کے پوری رات عبادت الٰہی میں مصروف رہے، شہادت کی تیاریاں ہوتی رہیں، امام عالی مقام اور ان کے ساتھیوں نے ساری رات جاگ کر بسر کی اس لئے امامؑ کے چاہنے والوں کا ایمانی فریضہ ہے کہ وہ بھی رات بھر جاگیں، نماز وعبادت میں بسر کریں، امام اور ان کے ساتھیوں کے مصائب کو یاد کر کے روئیں، نوحہ وماتم کی مجلسیں برپا کریں، زیادہ سے زیادہ گریہ کریں اور امامؑ کی زیارت پڑھیں۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جو شخص شبِ عاشور حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت بجالائے، گریہ وزاری کے ساتھ شب بیداری کرے اور عبادتِ الٰہی میں مشغول رہے تو وہ بروز قیامت شہدائے کربلا کی طرح اپنے خون میں آلودہ محشور ہوگا۔ اور جو شخص شب وروز عاشورا زیارت بجالائے (اسے اتنا ثواب ملے گا کہ) گویا وہ حضرت کی نصرت میں شہید ہوا۔ اس شب میں سو رکعت نماز اس طرح پڑھنی چاہئے کہ ہر رکعت میں ایک دفعہ سورۂ الحمد اور تین مرتبہ سورۂ قل ھو اللہ احد پڑھیں اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد ستر مرتبہ یہ جملے پڑھیں: سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَ اللهُ اَكْبَرُ. وَلاَ حَوْلَ وَلاَ قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اور بعض روایتوں میں وارد ہے کہ اس کے بعد ستر مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللهَ رَبِّيْ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ بھی پڑھیں۔

اسی شب (شبِ عاشور) کے آخری حصے میں ۴ رکعت نماز اس طرح منقول ہے کہ دو دو رکعت کر کے پڑھیں اور ہر رکعت میں ایک مرتبہ سورۂ الحمد پڑھنے کے بعد پچاس مرتبہ سورۂ قل ھو اللہ احد پڑھیں۔ اس کے بعد ۴ رکعت نماز (دو دو رکعت کر کے) اس طرح پڑھیں کہ پہلی رکعت میں سورۂ الحمد ایک بار اور آیت الکرسی دس بار، دوسری رکعت میں ایک مرتبہ سورۂ الحمد اور دس مرتبہ سوۂ قل ھو اللہ احد تیسری رکعت میں ایک مرتبہ سورۂ الحمد اور تین مرتبہ سورۂ قل اعوذ برب الفلق اور چوتھی رکعت میں ایک مرتبہ سورۂ الحمد اور دس مرتبہ سورۂ قل اعوذ برب الناس پڑھیں۔

اعمالِ روزِ عاشورا

''عاشور'' کے دن روزہ کی نیت نہ کریں البتہ سارا دن فاقہ کریں، کھانا پینا موقوف رکھیں، تمبا کو نوشی وغیرہ بھی نہ کریں۔ زیادہ سے زیادہ مجالسِ عزائے سیّد الشہداء برپا کریں، خوب گریہ وبکا کریں، خود بھی بلند آواز سے امام عالی مقام کے مصائب پر روئیں اور اپنے گھر والوں کو بھی حکم دیں کہ اس طرح گریہ وزاری کریں اور صف ماتم بچھائیں جس طرح کوئی شخص اپنی سب سے پیاری اولاد کے انتقال پر روتا ہے۔ اس دن پورا وقت عزاداری میں صرف کریں، دُنیا کے کسی کام میں مشغول نہ ہوں، نہ خرید وفروخت میں حصہ لیں۔ حضرت امام علی رضا علیہ السلام سے منقول ہے کہ: ''جو شخص روزِ عاشورا کو مصیبت کا دن قرار دے گا، تو خداوندِ عالم روزِ قیامتؒ (اس سے خوش ہوگا اور) (اس کے لیے) خوشیاں عطا کرے گا، اور جو شخص عاشورا کو برکت کا دن سمجھے اور اپنے گھر والوں کے لیے خرید وفروخت کرے گا خداوندِ عالم اسے برکت نہیں دے گا ور قیامت میں اسے یزید کے ساتھ محشور کرے گا۔'' حضرت محمد باقر علیہ السلام فرماتے ہیں کہ: ''جو لوگ حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت بجا لائیں، آپؑ کی مصیبت پر خوب روئیں، اپنے گھر والوں اور جملہ متعلقین کو بھی رونے کا حکم دیں''، اپنے گھر میں عزاداری برپا کریں آپس میں ایک دوسرے سے رو کر ملاقات کریں اور ایک دوسرے کو حضرت سیّد الشہداءؑ کے مصائب کا پرسہ دیں، تو خداوند عالم اجرِ عظیم عطا فرمائے گا۔'' عاشور کے دن ایک دوسرے کو ان الفاظ میں پرسہ دیں:

اَعْظَمَ اللهُ اُجُوْرَنَا وَاُجُوْرَ كُمْ بِمُصَابِنَا بِالْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَجَعَلَنَا وَاِيَّاكُمْ مِنَ الطَّالِبِيْنَ بِثَارِهٖ مَعَ وَلِيِّهِ الْاِمَامِ الْمَهْدِيِّ مِنْ آلِ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ

2016ء کے لیے چہاردہ معصومینؑ سے فیض یابی کا خاص عمل اِسے ہر ماہ چاند کی چودہ نماز مغربین کے بعد بنا کر ہر جائز مقصد کے لیے بنایا جا سکتا ہے۔

از تحریر: سلیم حسین قادری، کراچی

اسمائے مبارک اللہ اور چہاردہِ معصومینؑ

اسکے علاوہ اوقات شرفِ قمر جو ہر ماہ آتے ہیں اور شرفِ مشتری میں بھی یہ باہرکت نقش تیار کیا جا سکتا ہے

کوہِ نور ہیرا سے زیادہ قیمتی عمل مومنینؑ کے لیے فیض عام ہے۔ (شاہ زنجانی)

بزرگانِ دین نے فرمایا اگر اللہ اور 14 معصومینؑ کے اسمائے مبارکہ کے عدد جمع کے نقش مربع آتشی چال میں پُر کریں، وقت شرفِ قمر کا ہو، لوح چاندی کی ہو تو انشاء اللہ تعالیٰ جو شخص یہ لوح اپنے پاس رکھے، وہ ہر زمینی و آسمانی بلاؤں اور آفتوں سے محفوظ رہے، جادو اس پر اثر نہ کرے، جنات اس شخص سے دور بھاگیں، بیماریاں اس کے نزدیک نہ آئیں، آگ اسے جلا نہ سکے، پانی اسے ڈبو نہ سکے، دشمن اسے نقصان نہ پہنچا سکے، مال و دولت اس کے غلام رہیں، عزت و شہرت میں کوئی اس کا ثانی نہ ہو۔ اگر کوئی شخص ان اسمائے مبارکہ کو نماز فجر کی سنتوں اور فرض کے درمیانی وقفہ 5 مرتبہ پڑھ لیا کرے، فرشتے اس کی اطاعت کریں، عذابِ قبر سے محفوظ ہو، دوزخ کی آگ اسے جلا نہ سکے، غرض یہ کہ یہ انتہا ہے۔

نقش مکرم و مقدس یہ ہے:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

۱۳۹۹	۱۴۰۲	۱۴۰۵	۱۳۹۱
۱۴۰۴	۱۳۹۲	۱۳۹۸	۱۴۰۳
۱۳۹۳	۱۴۰۷	۱۴۰۰	۱۳۹۷
۱۴۰۱	۱۳۹۶	۱۳۹۴	۱۴۰۶

میکائیل — اسرافیل — عزرائیل — شمعائیل — [illegible]

نوٹ: نقش باپرہیز دو نفل حاجت ادا کر کے پہن لیں پھر روزانہ دو نفل چہاردہِ معصومینؑ پڑھ کر اس کا ثواب انہیں ہدیۃً تحفۃً روزانہ پیش کر کے اُن کے وسیلہ سے دعائیں کرنا معمول بنالیں۔

اسمائے مبارکہ بمعہ اعداد:

اسمائے مبارکہ	اعداد
اللہ جل جلالہٗ	۶۶
حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	۹۲
حضرت امام علی علیہ السلام	۱۱۰
حضرت بی بی فاطمۃ الزہرہ علیہا السلام	۱۳۵
حضرت امام حسن علیہ السلام	۱۱۸
حضرت امام حسین علیہ السلام	۱۲۸
حضرت امام زین العابدین علیہ السلام	۲۳۵
حضرت امام محمد باقر علیہ السلام	۳۹۵
حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام	۵۴۸
حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام	۱۰۷۷
حضرت امام علی رضا علیہ السلام	۱۱۱۱
حضرت امام محمد تقی علیہ السلام	۵۹۳
حضرت امام علی نقی علیہ السلام	۲۷۰
حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام	۵۶۸
حضرت امام محمد مہدی السلام	۱۵۱
ہر مرض کی دوا — ٹوٹل	۵۵۹۷

اسم الٰہی کے عمل کیلئے 20 کلو چاول یا 10 کلو باجرہ صدقہ دے کر شرفِ قمر کے دوران کریں

نظراتِ سیّارگان کے عملیات برائے ماہِ اکتوبر 2016ء

آسانی کونسل میں نظراتِ سیارگان کی عملیات وتعویذات کی تیاری میں ایسے ہی اہمیت رکھتی ہے جیسے جسم میں روح کی ہو۔ مندرجہ ذیل اوقات تربیع میں نحس اعمال جبکہ تسدیس، تثلیث اور قران (بشرطیکہ قران نحس کواکب کا نہ ہو) میں سعد اعمال کیے جاتے ہیں۔

قارئین آئینہ قسمت! چند سال سے آپ نے اِس کالم میں تبدیلی محسوس کی ہوگی۔ نظرِ سیارگان کی اِبتداء، انتہا اور خاتمہ کے اوقات بن عملیات میں شامل کرکے ہم نے عاملین، شائقین عملیات کیلئے آسانی پیدا کردی ہے۔ اب یہ اُلجھن ختم ہوگئی کہ فلاں سیارے کی نظر کب بن کر کب ختم ہوگی۔ اب عملیات کی تیاری میں پورے پورے وقت سے اِستفادہ کیا جاسکتا ہے۔ نقشہ ساعت (جو نیچے درج ہے) سے جو ہر دن طلوعِ آفتاب سے شروع ہوتی ہے، اپنے شہر کے طلوع آفتاب سے متعلقہ ستارے کی ساعت دیکھ کر اس ساعت میں تیار کیا گیا عمل اور بھی مؤثر ہوجاتا ہے۔ سالنامہ زنجانی جنتری 2016ء میں بھی ہم نے اہم سالانہ نظرات سیارگان تفصیلی درج کیے ہیں۔ ہماری خدمت باعث فخر تبھی بن سکتی ہے، جب آپ وقتاً فوقتاً اپنے تبصروں سے نوازتے رہیں۔ **عامل شاہ زنجانی**

کسی بھی عمل کی ابتداء سے پہلے **2** رکعت نماز اجمالاً ہدیہ روح حضرت رسالت پناہ ﷺ مع سائر انبیاء، عظامؑ اور اولیاء کرامؒ پڑھیں۔ پھر مخصوص بہ نیت رجال الغیب مردان خدا جس سمت یہ اس روز کھڑے ہوں، اُن کی طرف باادب رُخ کرکے دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی اُس سمت کھڑی کرکے درج ذیل دعا مع ایک بار بسم اللہ شریف پڑھ کر سات بار پڑھیں۔ رجال الغیب کی تواریخ کا چارٹ حسب ذیل ہے۔ عمل کرتے وقت رجال الغیب کی جانب اپنی پشت رکھیں۔

جنوب مشرق 24`16`09`01	جنوب مغرب 25`17`10`02	جنوب 26`18`11`03	مغرب 27`19`12`04
شمال مغرب 00`20`13`05	شمال مشرق 28`21`00`06	مشرق 29`22`14`07	شمال 30`23`15`08

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اَلسَّلَامُ عَلَیۡکُمۡ یَارِجَالُ الۡغَیۡبِ وَیَااَرۡوَاحُ الۡمُقَدَّسَۃ اَعِیۡنُوۡنِیۡ بِقُوَّۃٍ وَّانۡظُرُوۡنِیۡ بِنَظۡرَۃٍ یَارُقَبَاءُ یَانُقَبَاءُ یَانُجَبَاءُ یَااَبۡدَالُ یَااَوۡتَادُ یَاقُطۡبُ یَاغَوۡثُ اَعِیۡنُوۡنِیۡ بِحُرۡمَۃِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ اَجۡمَعِیۡنَ

روحانی ماہنامہ آئینہ قسمت میں تمام اعمال نیک نیتی کی بناء پر عاملین وقارئین کے استفادہ کیلئے دیئے جاتے ہیں۔ جائز کام میں تو اللہ اور اس کا رسول بھی مدد کرتے ہیں۔ ناجائز عمل کرنے سے باز رہیں، ورنہ سخت رجعت بھی ممکن ہے۔ بہرحال جب بھی کوئی عمل کریں تو لازم ہے کہ عمل کی رجعت سے بچنے کیلئے **6** کلو چینی، ایک کلو سوجی یا بارہ کلو باجرہ، دو کلو چاول اپنے سر سے وار کر رکھ لیں۔ بعد از عمل استعمال سے پہلے کسی بھی قبرستان جا کر عامل شاہ زنجانی کا اور اپنا اہل قبور کو سلام عرض کریں اور فاتحہ کوانی کرکے درختوں کی جڑوں میں حشرات الارض کو صدقہ ڈال دیں اور صدقہ ڈالنے کے بعد پیچھے مڑ کر نہ دیکھیں۔ یہ صدقہ صرف ایک عمل کیلئے ہے، دوسرے عمل کیلئے علیحدہ صدقہ دیں۔

ساعات کی ترتیب آپ کے شہر کے طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے۔

شمار	پہلی								دوسری							تیسری							چوتھی	
دن	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴
اتوار	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
پیر	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
منگل	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
بدھ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس،	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
جمعرات	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
ہفتہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ

تسدیس شمس زحل: اس سعد وقت کی ابتداء 3 اکتوبر 19 بجکر 34 منٹ، مکمل نظر 4 اکتوبر 21 بجکر 58 منٹ اور خاتمہ نظر 6 اکتوبر صفر بجکر 24 منٹ پر ہوگا۔ برائے حصول حاجات ہر قسم حل المشکلات کیلئے نقش نادعلیؑ بنا کر باپرہیز پاس رکھیں ہمراہ 110 مرتبہ بلاناغہ نادعلیؑ پڑھ کر دعائیں کرنا معمول بنالیں۔

۱۶۰۳	۱۶۰۶	۱۶۰۹	۱۵۹۶
۱۶۰۸	۱۵۹۷	۱۶۰۲	۱۶۰۷
۱۵۹۸	۱۶۱۱	۱۶۰۴	۱۶۰۱
۱۶۰۵	۱۶۰۰	۱۵۹۹	۱۶۱۰

تربیع مریخ مشتری: اس نحس وقت کی ابتداء 3 اکتوبر 22 بجکر 14 منٹ مکمل نظر 6 اکتوبر 2 بجکر 43 منٹ اور خاتمہ نظر 7 اکتوبر 4 بجکر 43 منٹ پر ہوگا۔ دشمنوں پر عذاب یا اُن میں نفاق پیدا کرنے کیلئے ضروری ہو تو سورۃ لہب کے خالی البطن نقش کو ساعت مریخ میں احاطہ قبور میں دفن کریں۔

۷۸۶		
۱۴۵۵	۲۸۸۶	۴۸۵
۳۴۰۱	یہاں مقصد لکھیں	۲۴۲۵
۹۷۰	۱۹۴۰	۲۹۱۶

قران عطارد مشتری: اس سعد وقت کی ابتداء 10 اکتوبر 22 بجکر 46 منٹ مکمل نظر 11 اکتوبر 14 بجکر 44 منٹ اور خاتمہ نظر 11 اکتوبر 22 بجکر 40 منٹ پر ہوگا۔ ترقی علوم کیلئے سورۃ طٰہٰ کی آیت کا نقش ساعت عطارد میں لکھ کر باپرہیز پاس رکھیں۔

علماً	ربّ	زدنی
ربّ	زدنی	علماً
زدنی	علماً	ربّ

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

تربیع عطارد مریخ: اس نحس وقت کی ابتداء 13 اکتوبر 2 بجکر 59 منٹ مکمل نظر 14 اکتوبر 1 بجکر 59 منٹ اور خاتمہ نظر 14 اکتوبر 13 بجکر 29 منٹ پر ہوگا۔ حاسدین میں جدائی، بندش کام یا کاروبار کیلئے اشد ضروری ہو تو سورۃ کوثر کا خالی البطن نقش ساعت عطارد یا مریخ میں احاطہ قبور میں دفن کریں۔ ناجائز ہرگز نہ کریں۔

۷۸۶		
۶۸۷	۱۸۳۸	۲۲۹
۱۶۰۹	یہاں مقصد لکھیں	۱۱۴۵
۴۵۸	۹۱۶	۱۳۸۰

تسدیس عطارد زحل: اس سعد وقت کی ابتداء 14 اکتوبر 9 بجکر 13 منٹ مکمل نظر 14 اکتوبر 23 بجکر 46 منٹ اور خاتمہ نظر 15 اکتوبر 14 بجکر 19 منٹ پر ہوگا۔ برائے حل المشکلات ہر قسم نقش نادعلیؑ بنا کر باپرہیز پاس رکھیں دن بدن نیکیاں بڑھنے لگیں گی۔

(نقش پہلے دیا جاچکا ہے)

تسدیس زہرہ مشتری: اس سعد وقت کی ابتداء 20 بجکر 18 منٹ مکمل نظر 26 اکتوبر 20 بجکر 18 منٹ اور خاتمہ نظر 27 اکتوبر 20 بجکر 18 منٹ پر ہوگا۔ الفت و محبت قائم کرنے یا بڑھانے کیلئے، عزت دولت ثروت اور خصوصاً انعامات کیلئے یہ نہایت ہی سعد وقت ہوگا۔ سورۃ نور کی 33 ویں آیت کا نقش مشک زعفران سے بنا کر پاس رکھیں۔

۷۸۶		
۵۴۶	۱۴۵۸	۱۸۲
۱۲۷۶	یہاں مقصد لکھیں	۵۴۰
۳۶۴	۷۲۸	۱۰۹۴

قران شمس عطارد: جدید علم نجوم میں اس سعد وقت کی ابتداء 26 اکتوبر 8 بجکر 49 منٹ، مکمل نظر 27 اکتوبر 21 بجکر 18 منٹ اور خاتمہ نظر 28 اکتوبر 15 بجکر 49 منٹ پر ہوگا۔ ذہنی قابلیت کو بڑھانے کیلئے اسمائے عظائم کا نقش باپرہیز پاس رکھیں۔ سورۃ طٰہٰ آیت کا نقش پہلے دیا جاچکا ہے۔

قران زہرہ زحل: اس سعد وقت کی ابتداء 29 اکتوبر 8 بجکر صفر منٹ مکمل نظر 30 اکتوبر 5 بجکر 44 منٹ اور خاتمہ نظر 30 اکتوبر 16 بجکر 37 منٹ پر ہوگا۔ ناراض زوجین، دوستوں میں الفت پیدا کرنے کیلئے 9 آیات الفت قرآنی کے خالی البطن نقش سے فیض حاصل کریں۔ پھلدار درخت سے دعا کرکے ساعت زہرہ میں باندھیں۔

۷۸۶		
۵۴۳۳	۱۴۴۹۵	۱۸۱۱
۱۲۶۸۴	یہاں مقصد لکھیں	۹۰۵۵
۳۶۲۲	۷۲۴۴	۱۰۸۷۳

وَسَخَّرَ لَكُمُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُومَ مُسَخَّرَاتٍ بِأَمْرِهِ

اکتوبر 2016ء میں اوجِ سیارگان کی خوش بختی

از تحریر: آغا حسنین احمد، بہاولپور

اوج عطارد:۔ 27-10-2016 بروز جمعرات قبل دوپہر 11:30 تا 28-10-2016 قبل صبح 2:15 بجے

(برائے حصول علم) فی زمانہ ہر شخص کا واسطہ علم سے ہے ہر شخص پر اس لوح کا بنوانا واجب ہے

اوج زحل ثانی:۔ 6-10-2016 صبح 9:00 تا 17-10-2016 شام 5:30 تک کل دورانیہ 11 دن برج قوس کے 21 درجہ سے شروع ہوگا سابقہ شرف زحل سے اس لوح کا نقش مختلف ہوگا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

علم کی فضیلت

علم نور ہے، خوشبو ہے، روح ہے، اُجالا ہے، علم گراں مایہ متاع ہے، لازوال دولت ہے، علم انسان کو پہلے شعور خود آگہی اور خود شعوری کے سفر سے انسان جب آگے بڑھتا ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کی ذات اقدس کی قدرت کے ادراک کا آشنا ہونے لگتا ہے۔ معرفت اور طریقت کی بنیاد علم ہے۔

ضرورت علم

اس میں کوئی شک نہیں کہ نعمت وجود کے بعد خزانہ وحدت میں علم سے بڑھ کر اور کوئی نعمت نہیں اس لئے تمام انبیاء علیہم السلام کو اس نعمت سے نوازا گیا اور انہیں جہلاء کی ہدایت پر مبعوث فرمایا گیا۔ حضرت آدم علیہ السلام کو علم سے آراستہ فرما کر ملائکہ سے سجدہ تعظیم کرایا گیا تب آدم علیہ السلام بوجہ علم ملائکہ پر افضل قرار پائے۔ طالوت اور جالوت کے قصہ قرآنی میں خلافت الٰہیہ کا معیار علم ہی کو قرار دیا گیا۔ حتیٰ کہ حضرت رسالت مآب خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آئمہ اطہار علیہم السلام منعمات الٰہیہ کے جامع حامل ہیں اور ان کا وجود مقدس تمام کائنات کیلئے باعث رحمت ہے۔

بہ نگاہ قرآن نجوم ستاروں کے متعلق احکام خداوندی

اللہ تعالیٰ نے محکم و اکمل کتاب قرآن مقدس میں فرمایا ''وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِي السَّمَاءِ بُرُوجًا وَزَيَّنَّاهَا لِلنَّاظِرِينَ'' یعنی ہم نے آسمانوں میں بروج بنا دیئے اور دیکھنے والوں کے لئے ان کو زینت دی۔ پھر فرمایا۔ ''وَالْقَمَرَ قَدَّرْنَاهُ مَنَازِلَ'' یعنی ہم نے چاند کے واسطے منزلیں مقرر کردیں، پھر فرمایا۔ ''وَلَوْ كُنتُمْ فِي بُرُوجٍ مُّشَيَّدَةٍ'' یعنی اگرچہ تم مضبوط قلعوں میں ہو اور فرمایا۔ ''تَبَارَكَ الَّذِي جَعَلَ فِي السَّمَاءِ بُرُوجًا'' پاک ہے وہ ذات بابرکات جس نے آسمانوں میں بروج بنائے۔ علم نجوم کے تحت آسمان میں بروج کی تعداد 12 ہے۔ حمل، ثور، جوزا، سرطان، اسد، سنبلہ، میزان، عقرب، قوس، جدی، دلو، حوت، ستاروں کے متعلق پھر ارشاد ربانی ہے۔ ''وَهُوَ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ النُّجُومَ لِتَهْتَدُوا بِهَا فِي ظُلُمَاتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ'' اور وہ اللہ ہی ہے جس نے تم سب کیلئے ستارے بنا دیئے کہ ان سے زمین اور سمندر کے اندھیروں میں ہدایات (روشنی) پا سکو۔ (القرآن)

اوج عطارد

عطارد کو عقرب کے 5 درجہ پر اوج ہوتا ہے۔ اوج کا مطلب ہے بلندی اور عطارد تحریرات تحریری کاموں، ملازمت اور سفری کاموں کا حاکم ہے۔ لہٰذا اس مؤثر وقت میں امور سے مدد لی جاسکتی ہے۔ ایک تو یہ کہ اگر کسی شخص سے کسی بناء پر استعفیٰ طلب کرلیا گیا ہو اور وہ اپنی ملازمت یا مقام دوبارہ حاصل کرنا چاہے یا نئی

ملازمت کا خواہشمند ہو دوسرے وہ شخص جس کی ترقی پانے میں کئی مد مقابل ہوں اور وہ ان تمام پر ترجیح پا کر وہ مقام یا عہدہ حاصل کرے جسکا موقع موجود ہے۔ یہ عمل مولانا عبدالکریم ویلمی کا وضع کردہ ہے ان کے زمانہ میں وزارات کا عہدہ خالی ہوا تو بادشاہ نے عارضی طور پر مسند حسن سناک کو دی۔ نظام الملک اس مرتبہ کا خواستگار تھا۔ وہ مولانا ویلمی کے پاس پہنچے جو اس وقت جعفر آثار میں یگانہ روزگار تھے اور اپنا مدعا بیان کیا۔ چنانچہ یہ لوح عطارد چاندی کو لوح پر مولانا نے تیار کر دی۔ جسکی برکت سے نظام الملک نے مرتبہ ولایت حاصل کیا اور حسن سناک کو مغلوب کر دیا جتنا عطارد سریع التاثیر ہے اتنا ہی اسکی لوح سریع التاثیر ہے جن لوگوں کو ضرورت ہو ان کو ضرور اس مؤثر وقت میں فائدہ حاصل کرنا چاہئے۔ لوح عطارد منشی سے لیکر اعلیٰ عہدہ کے افسران تک کیلئے از حد مفید موثر ہے۔ طالبعلموں کیلئے تحفہ نایاب ہے۔ یہ لوح کئی سال سے میرے ذاتی تجربات میں ہے اوج عطارد کی مقررہ ساعات میں خالص تانبا کی تختی پر لکھ کر سلگی (پنساری سے ملتی ہے) کی دھونی دیں۔ لوح پر لکھائی کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنہ اَلْمُعِزُ اَلْمَجِیْدُ 174 بار ورد کر کے لوح پر دم کریں صدقہ ادا کریں اور لوح کو سونا پالش کرا کے اپنے پرس بٹوہ میں رکھیں پرس کا رنگ باہر سے سیاہ نہ ہو۔ سفید، پیلا، زرد، نیلا، سبز، سرخ رنگ کا ہو۔ پرس میں کسی جاندار کی تصویر نہ ہو۔

قولہٗ المعز المجید ۷۸۶

قل ربِّ زدنی عِلماط وارزقنی عنھما	توتی المالك من تشاء	وعلمك مالم تكن وكان فضل الله عليك عظيما	ان الله هو الرزاق ذو القوة المتين
۱۰۴۴	۱۷۲۹	۳۴۹۱	۲۲۴۱
۳۴۹۰	۲۲۴۲	۱۰۴۳	۱۷۳۰
۲۲۴۳	۳۴۹۳	۱۷۲۷	۱۰۴۲
۱۷۲۸	۱۰۴۱	۲۲۴۴	۳۴۹۲

وفق ۸۵۰۵

لوح کا موکل دس ث غ غ غ غ غ غ غ غ ائیل

عطارد ستارے کے لحاظ سے پیشے

استاد، لیکچرار، ریاضی دان، اکاؤنٹ، طب کا پیشہ، سیکریٹری، مصنف، ادب، شعر و شاعری، پرنٹر، پبلیشر، کتب فروش، انشورنس، ایجنٹ، پیغام رساں، کلرک، بوجھ اٹھانے والے، مزدور، نجومی، عامل اور علم سے وابستہ شعبے۔

صدقہ سے ٹلے کُل بلا

تصدق کے معنی ہیں صدقہ دینا، کوئی چیز وار کر خیرات کرنا، قربانی کرنا، نچھاور، نثار، عموماً تیل اور دال ماش تصدق کی جاتی ہے، یہ اللہ کے نام پر بطور خیرات دی جاتی ہے، پانی کے نل لگوانا اسکول بنوانا وغیرہ صدقہ جاریہ ہیں، یتیم، مساکین اور غرباء کی خبر گیری کرنا ان کو طعام تقسیم کرنا اور رمضان کے آخر میں فطرہ ادا کرنا بھی صدقہ ہے، صدقہ ہمیشہ غیر سادات کو دینا چاہئے، سادات کے لئے خمس دینا واجب ہے، صدقہ دین اسلام میں پانچویں فرع ہے۔

اگر آپکا برج سنبلہ ستارہ عطارد یا برج جوزا ستارہ عطارد ہے تو اپنے حاکم ستارہ عطارد کے مندرجہ ذیل صدقات میں سے کسی بھی ایک چیز کا صدقے کے لئے انتخاب کریں اور ہر ماہ میں صرف ایک باری صدقہ قریبی مسکین کو ادا کریں جس کا وزن کم از کم سوا کلو ہونا چاہئے۔

ستارہ	صدقات	وقت صدقہ
عطارد	دال مونگ، سبز کپڑوں کا جوڑا، جستی برتن، ڈالڈا گھی، آبی جانوروں کو ملی جلی اجناس، طوطے آزاد کرنا، دو رنگ کا چتکبرا خصوصاً سیاہ سفید ملا جلا کبوتر کو آزاد کرنا، چڑیاں خرید کر آزاد کرنا۔	بدھ (8 بجے صبح) کو صدقہ نکال کر رکھ لیں مگر اسی دن جب وقت ملے ادا کریں۔

اوج عطارد کی لوح تیار کرنے کے بعد ہی صدقات ادا کرنا ہونگے

بیدم یہی تو پانچ ہیں مقصود کائنات
خیر النساءؑ حسینؑ و حسنؑ مصطفیٰ علیؑ

آج کے محفل میں جناب شہزادہ سید محمد علی زنجانی صاحب کی فرمائش پر بارہ امامیہ جنتری کے لئے صدری و اسراری لوح خاص پنجتنؑ پاک پیش کر رہا ہوں جو کہ تمام مسائل کا روحانی علاج ہے۔ اور اس کے صدقے ہر مقصد میں کامیابی ہوتی ہے۔ اور اس سے بے شمار لوگ فیض حاصل کر چکے ہیں۔ میری خواہش یہی ہوتی ہے کہ صدری و اسراری عملیات ہی لکھوں تا کہ شائقین روحانیت فیضیاب ہو سکیں۔ لوح خاص کے اوصاف کمالات یہ ہیں۔

(۱) اگر مسافر کے پاس یہ لوح ہوگی تو دوران سفر غرق، حادثہ، رہزنی اور جانوروں کے گزند سے بفضل خدا محفوظ رہے گا۔ (۲) جس گھر میں یہ لوح مبارک آویزاں ہو گی تو اس کے مال و رزق میں وسعت و برکت ہوگی اور ہر طرح کے جادو ٹونہ، سایہ، آسیب، نظر بد اور زمینی و آسمانی آفات سے تحفظ حاصل ہوگا۔ (۳) اگر کوئی قیدی اس کو پاس رکھے گا تو انشاء اللہ قید سے رہائی ملے گی (۴) اگر شوہر و زوج کے درمیان ناچاقی ہو یا نفرت ہو تو یہ لوح مبارکہ پاس رکھیں تو دونوں میں عظیم محبت پیدا ہو جائے گی۔ (۵) حاکم وقت یا افسران بالا سے کوئی کام ہو تو یہ لوح مکرم پاس رکھے تو کامیابی ہو (۶) حاملہ عورت پاس رکھے تو زچہ بچہ بآسانی اور خیریت سے ہو (۷) حالت خواب میں ڈرنا یا بیداری کے عالم خوف آتا ہو ڈر لگتا ہو تو اس لوح کی برکت سے ختم ہو جائے گا (۸) مختلف انعامی اسکیموں میں حصہ لیتا ہو لیکن کامیابی نہ ہوتی ہو تو اس لوح کے صدقے فسٹ وسیکنڈ میں انعامات کا حصول ہوگا (۹) کسی قسم کی بھی بیماری ہو تو لوح مبارکہ پاس رکھنے سے شفاء ملے (۱۰) حامل لوح ھذا اخلائق میں معزز و مکرم رہے گا۔ عزت و رفعت حاصل ہوگی (۱۱) اگر بیٹا یا بیٹی کا بخت و اقبال باندھ دیا گیا ہو یا نصیبہ گردش میں ہو تو اس بابرکت لوح کو پاس رکھے تو جلد از جلد بخت کھل جائے گا اور اچھی جگہ شادی ہوگی (۱۲) اچھے دوستوں کے درمیان مخالفت ہو تو فریقین کے نام بمعہ والدہ لکھ کر ایک آب رواں میں ڈالے اور ایک اپنے پاس رکھے تو باہمی نفرت ختم ہو جائے گی (۱۳) بے اولاد حضرات اسی لوح مبارکہ کو لکھ کر 11 دن پئیں تو خالق کائنات اولاد کی نعمت سے سرفراز فرمائے گا (۱۴) اگر دشمنوں نے تنگ کر رکھا ہو تو اپنے پاس رکھیں ہرگز کوئی دشمن نقصان نہ دے سکے گا (۱۵) بیرون ملک ملازمت یا ویزہ کے حصول میں کامیابی نہ ہو رہی ہو تو لوح مبارکہ کی برکت سے مقصد حاصل ہوگا (۱۶) مال و دولت میں دن بدن ترقی نہ ہوتی ہو بلکہ الٹا نقصان ہوتا جارہا ہو تو لوح مکرم گھر میں لٹکائیں اور ایک اپنے پاس رکھیں حیرت انگیز حالات بدلیں گے (۱۷) لوح ھذا کی برکت سے نحوست سیارگان سے حفاظت رہے گی (۱۸) حامل لوح کے صدقے امتحان، مقدمات، الیکشن کے علاوہ ہر طرح کے مقاصد میں کامیابی ہوگی (۱۹) لوح خاص حاضرات و موکلات و جنات کی تسخیر بھی ہوتی ہے جسکا طریقہ علیحدہ ہے۔

ھدایات و شرائط:۔ رجال الغیب کو مدنظر رکھیں کہ وہ سامنے نہ ہو اور قمر در عقرب نہ ہو۔ لوح مبارکہ کو شرفات کواکب یا ستاروں کی سعد نظرات میں تیار کریں۔ اس لوح مبارکہ کو صرف وہی لوگ لکھنے کے مجاز ہیں جو صاحب روحانیت ہو اور نماز کا پابند اور رزق حلال کماتا ہو۔ عروج ماہ میں سفید کاغذ پر زعفران و مشک سے لوح مبارکہ تیار کر لیں پھر اس پر درود تاج، سورۃ یٰسین اور نادعلی صغیر ۱۱-۱۱ بار پڑھ کر دم کریں اور پنجتن پاکؑ کی تین سو پچاس روپے کی مٹھائی پر نیاز دلائیں اور بچوں میں بانٹ دیں۔ اسی طرح پانچ روز کریں اور اپنے پاس رکھ لیں اور حیرت انگیز اثرات اپنی آنکھوں سے دیکھیں۔ متعلقہ ستاروں کے بخورات کا استعمال لازمی ہے۔ ناجائز اور خلاف شرح کاموں کیلئے ہرگز استعمال نہ کریں ورنہ فائدے کے بجائے نقصان ہو گا۔ بدعقیدہ اور حاسد لوگوں کو یہ لوح خاص نہ دی جائے اور نہ ایسے لوگوں سے تیار کروائیں۔ کیونکہ جو حاسد ہوتے ہیں ان کے اندر ایمان نہیں ہوتا اللہ تعالیٰ ہر کسی کو حاسد سے بچائے۔ لوح مبارکہ کی اجازت ہے۔ اگر خود مکمل لوازمات سے تیار نہ کر سکیں تو مجھ سے رابطہ کر لیں۔ لوح خاص پنجتن پاکؑ یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم
بحق یا جبرائیل

بسم الله الرحمن عزرائیل یا محمد مصطفیٰ	یا ارحم الراحمین عزرائیل یا حسینؑ	یا الله یا الله عزرائیل یا حسنؑ	لی عزرائیل یا علی مرتضیٰ	یا غیاث الله یا غیاث الله عزرائیل یا فاطمۃ الزہراؑ
الغوالب عزرائیل یا حسنؑ	ناد علیا عزرائیل یا علی مرتضیٰ	یا ولی یا ولی عزرائیل یا فاطمۃ الزہراؑ	یا محمد یا محمد عزرائیل یا محمد مصطفیٰ	بعونک عزرائیل یا حسینؑ
لولاکیک عزرائیل یا فاطمۃ الزہراؑ	وهم عزرائیل یا محمد مصطفیٰ	کل هم عزرائیل یا حسینؑ	مظهر عزرائیل یا حسنؑ	یا حیدر یا حیدر عزرائیل یا علی مرتضیٰ
العجائب عزرائیل یا حسینؑ	یا صفدرؑ یا صفدرؑ عزرائیل یا حسنؑ	یا علی یا علی عزرائیل یا علی مرتضیٰ	سینجلی عزرائیل یا فاطمۃ الزہراؑ	تجده عزرائیل یا محمد مصطفیٰ
بعظمتک عزرائیل یا علی مرتضیٰ	عندالله عزرائیل یا فاطمۃ الزہراؑ	یا مجلیٰ یا مجلیٰ عزرائیل یا محمد مصطفیٰ	یا اسد الله یا اسد الله عزرائیل یا حسینؑ	یا علی برحمتک عزرائیل یا حسنؑ

بحق یا عزرائیل

بحق یا میکائیل
وکفیٰ بالله شهیدا محمد رسول الله

کراماتِ جفر ''اوج زحل کے خصوصی طلسمات''

از تحریر: محمد اسد اللہ سلیمانی، جھنگ

ستارہ زحل جب گردش کرتا ہو برج قوس کے 13 درجہ پر پہنچتا ہے تو اسے اوج حاصل ہوتا ہے۔ یہ وقت تقریباً 29 سال کے بعد آتا ہے۔ وہ خوش نصیب لوگ ہوں گے جو اس مبارک وقت سے روحانی فائدہ اُٹھائیں گے۔ اس مبارک وقت میں اپنے خاص الخاص طلسمات لیکر حاضر ہوا ہوں۔ جو بھی مکمل لوازمات کے ساتھ تیار کریں گے وہ ضرور فائدہ اُٹھائیں گے۔ اوج زحل کا مبارک وقت ماہ اکتوبر 2016ء میں آرہا ہے۔ اس وقت کو ضائع کرنا اپنی قسمت کو لات مارنے کے برابر ہے۔ بہرحال باعمل عامل سے تیار کروائیں۔ یا خود صاحب علم سے سیکھ کر اپنے لئے تیار کرلیں۔ گزشتہ شرف زحل و اوج زحل جب آیا تھا تو اس وقت کافی خاص الخاص الواح میں نے لوگوں کو تیار کر کے دی تھیں جس سے اب تک لوگ فیضیاب ہو رہے ہیں۔ بہرحال اب خصوصی طلسمات پیش کرتا ہوں، جو یہ ہیں:۔

طلسم تسخیر و محبت

عین اوج زحل کے وقت ساعت زحل میں طلسم تسخیر و محبت مکمل لوازمات کے ساتھ جو کرے اسے بے انتہا تسخیر دُنیا حاصل ہوتی ہے۔ یہ ان لوگوں کو بہت فائدہ دے گا جن کا تعلق عوام الناس سے ہوتا ہے تاکہ عوام ان کی طرف دوڑتی آئے اور شہرت و محبت سے انتہا ملے گی۔ اگر یہ طلسم غلط تیار ہو گیا تو اتنی تیزی سے نقصان بھی ہوگا جتنی تیزی سے فائدہ دیتا ہے۔ یہ طلسم تیار کرنے کے بعد یہ وظیفہ یعنی ''لا الہ اِلا اللہ محمد رسول اللہ بحق یا ودود یا عزیز یا مطیع'' 1100 بار پڑھ کر دم کرنا ہے۔ اسی طرح مسلسل 11 روز تک کرنا ہے۔ اور ستارہ زحل کے ملاقات دیکر اپنے پاس رکھ لیں اور وظیفہ 11 بار اوّل و آخر 11-11 بار درود شریف کے ساتھ پڑھتے رہیں طلسم یہ ہے:۔

طلسم حصول انعام

شائقین انعامی اسکیموں کیلئے طلسم خاص حصول انعام اوج زحل پر پیش کر رہا ہوں۔ جن لوگوں کے انعامات نہیں لگتے ہیں۔ ان کو یہ طلسم بے انتہا فائدہ دے گا۔ طریقہ یہ ہے کہ ساعت زحل میں مشک و زعفران سے سفید کاغذ پر طلسم حصول انعام بنا کر نیاز دینی ہے۔ اور 350 روپے کی نیاز چہاردہ معصومین علیہم السلام روزانہ سات یوم تک دینی ہے۔ اور عبارت عمل بھی ساتھ 500 بار پڑھ کر طلسم پر دم کرنا ہے۔ یہ طلسم آپ مختلف انعامی اسکیموں میں استعمال کر سکتے ہیں۔ مثلاً پرائز بانڈ، یورپ امریکی لاٹریوں، تھائی لینڈ اور روزمرہ ٹی وی پر ہونے والی لاٹریوں میں استعمال کر سکتے ہیں۔ بہرحال جب انعامی اسکیم میں نمبرز کی ضرورت ہو تو رات سونے سے پہلے طلسم خاص اپنے پاس رکھیں اور وظیفہ نماز عشاء کے بعد 500 بار پڑھ کر اسی کمرہ میں سو جائیں۔ اس طرح 3 تا 7 رات کریں انشاء اللہ خواب میں نمبر زل جائیں گے وہ خود ہی کھیلیں کسی اور کو نہ بتائیں ورنہ نقصان ہوگا۔ زیادہ لالچ نہیں کرنی بس مناسب ہدیہ میں نمبرز کھیل لیں۔ لالچی اور گستاخ کبھی کامیاب نہیں ہوتے ہیں۔ یہ زندگی میں صرف ایک دفعہ کامیابی کیلئے استعمال کریں۔ لیکن اپنے پاس مسلسل رکھنے سے تو انعامی دُنیا میں فائدہ ہوتا رہے گا۔ لیکن خواب والا صرف اور صرف ایک دفعہ ہی فائدہ دے گا۔ اجازت کے بغیر فائدہ نہ دے گا۔ عبارت عمل یہ ہے:۔

طلسم مشاہدات ارواح

شائقین تسخیر ارواح کی خدمت میں طلسم مشاہدات ارواح پیش کر رہا ہوں۔ یہ بڑا ہی خاص طلسم ہے۔اس سے ارواح کے عجیب وغریب مشاہدات ہوتے ہیں۔اور ارواح روحانی مدد بھی کرتی ہیں۔اگر اس کا عامل کسی مشکل میں گرفتار ہو جائے تو اسکی غیبی مدد بھی کرتی ہیں۔اور خواب میں مسائل کا حل بھی بتاتی ہیں۔ لیکن مکمل لوازمات سے کرنے اور اجازت کے بغیر فائدہ نہ دے گا۔اور غلط مقاصد اور غلط نیت سے کرنے والا شدید رجعت کا شکار بھی ہو جاتا ہے۔ بہرحال مکمل احتیاط اور استاد کامل کی اجازت سے کریں تاکہ استاد کامل آپ پر نظر بھی رکھ سکے۔طریقہ یہ ہے کہ اوج زحل میں ہفتہ کے روز ساعت زحل میں بخورات روشن کر کے اپنے اردگرد خصوصی حصار سے حصار کر کے علیحدہ کمرہ میں داخل ہو جائیں پھر طلسم مشاہدات ارواح دھات پر تیار کریں پھر عبارت عمل 500 بار پڑھ کر دم کریں اور سات رنگ کی مٹھائی پاس رکھی ہو جو بعد میں بانٹ دیں۔بس طلسم تیار ہے۔یہ اپنے پاس عامل رکھیں اور ہر جمعرات کو نیاز لازمی دینی ہے۔اور رات کو بعد نماز عشاء عبارت عمل پڑھ کر دم کر دیا کریں جو جو مشاہدات ہوں وہ اپنے تک محدود رکھیں اور اپنے استاد کو بھی بتائیں۔طلسم مشاہدات یہ ہے:۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ھـــو اللہ
ھـــو اللہ
ھـــو لہٗ
ھـــو ھو
ھـــو اللہ

(یہاں عبارت عمل لکھیں)

و کفی باللہ شھیدا محمد رسول اللہ

عبارتِ عمل یہ ہے:۔

اجب یا عزرائیل یا کسفیائیل یا ابو نوح یا میمون السحابی بحق یا فتاح یا رزاق العجل اساعۃ الوحا

اجب یا جبرائیل یا میکائیل یا اسرافیل یا عزرائیل بحق یا فتاح یا رزاق یا ھو

طلسم خاص برائے ہر مقصد

شائقین طلسمات کی خدمت میں ہر مقصد میں فائدہ و کامیابی کیلئے طلسم خاص پیش کر رہا ہوں۔اگر آپ کسی بھی مسئلہ میں گرفتار ہوں۔مثلاً زحل کی ساڑھ ستی، کاروبار کا نہ چلنا، شادی میں رکاوٹیں ہوں، خلقت کو مسخر کرنا، بیماریوں میں شفایابی کیلئے، حصول انعام ملکی وغیر ملکی اسکیموں میں کامیابی کیلئے، قرض سے نجات کیلئے، مقدمات و امتحان میں کامیابی کیلئے۔میاں بیوی میں محبت کیلئے، ملازمت کا حصول و ترقی کے واسطے، بیرون ملک سفر وغیرہ، ہر مقصد کیلئے مجرب ہے۔طریقہ یہ ہے کہ اوج زحل میں ساعت زحل میں بخورات زحل سلگائیں۔ پھر دھات پر طلسم خاص کندہ خود کریں۔طلسم تیار کرنے کے بعد نیاز چہاردہ معصومین علیہم السلام کی دلائیں اور عبارت عمل 500 بار پڑھ کر طلسم پر دم کریں۔اسی طرح سات یوم کرنا ہے۔پھر طلسم خاص اپنے پاس رکھ لیں اور عبارت عمل روزانہ پڑھتے رہیں اور خود فوائد آنکھوں سے دیکھیں۔عبارت عمل یہ ہے:۔

یا اللہ یا سمیع یا کریم یا فتاح یا رزاق یا وھاب
بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

اوج زحل میں لوح ہفت سیارگان آئینہ قسمت کی نظر کرتا ہوں۔ لوح ہفت سیارگان نحوست سیارگان کیلئے پُر تاثیر ہے نحوست وقتی ہو یا پیدائشی اسکی برکت سے رفع ہو گی اکثر دیکھا گیا ہے کہ نحوست سیارگان کیوجہ سے انسانی جسم پر امراض، بیماریاں، جنات، آسیب، پری و بھوت چڑیل، بعض وقت سحر جادو بھی ہو جاتا ہے۔ آئے دن کوئی نہ کوئی پریشانی ہو۔ دل ہر وقت ڈوبا رہتا ہو، انکے لئے پُر تاثیر ہے۔ یہ طلسم میرے دادا حضور کے مجربات میں سے ہے۔ سات ستاروں کا بخور جلا کر یہ طلسم زحل تیار کر کے پاس رکھیں۔ خالص گولڈن کاغذ پر یا چاندی کی پلیٹ پر پاس رکھیں۔ اس پر (111) مرتبہ سورۃ مزمل پڑھ کر دم کریں۔ اسکا ثواب چودہ معصومین علیہ السلام کو ہدیہ کریں۔ اسکی برکت سے اللہ پاک ہر مصیبت سے محفوظ کریگا۔

اوج مشتری اوج زحل میں لوح تسخیر اکبر پیش کرتا ہوں۔ لوح تسخیر اکبر رحمکاریہ جفر کا کمال ہے جس میں قرآن پاک کا اعجاز پوشیدہ ہے یہ لوح خالص چاندی پر یا گولڈن کاغذ پر تیار کر کے پاس رکھیں۔ یہ وقت تسخیر خلق رجوع خلق کیلئے پُر تاثیر ہے عمل کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے۔

نمبر 1 حرف عمل تہجی با موکل	32688
مقصد رجوع خلق	1009
طالب شعیب الرحمٰن	712
کل اعداد	34409
تفریق	9240
باقی	25169
تقسیم	4
باقی	1

تو خانہ نمبر 13 میں 1 کا اضافہ حاصل تقسیم = 6292 کو خانہ نمبر 1 سے نمبر 16 تک ہر خانہ میں 308 کا اضافہ کریں اور ساتھ میں اسم اعظم یا رزاق کا ورد کریں۔ اس طریقہ سے میزان چاروں اطراف سے درست آئیگی۔ یہ علم الجفر کا معجزہ ہے۔ اسے ضرور آزمائیں۔

٨	١١	١٤	١
١٣	٢	٧	١٢
٣	١٦	٩	٦
١٠	٥	٤	١٥

محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

رحمکاریہ جفر اوج زحل

اس سال خوش قسمتی سے زحل کو بھی اوج آرہا ہے۔ اور ساتھ میں اوج مشتری بھی آرہی ہے۔ اسکے مطابق ایک لوح حصول دولت کیلئے آئینہ قسمت کی نظر کرتا ہوں۔ فراوانی رزق، بے انداز دولت کے اسباب پیدا کرنا، ہر چیز میں فراوانی کیلئے، عزت و مرتبہ کیلئے، پُر تاثیر ہے۔ یہ لوح خالص چاندی پر یا گولڈن کاغذ پر بنا کر پاس رکھیں۔ اسکی برکت سے اللہ پاک ایک سال کے اندر اندر کروڑ پتی بنا دیگا۔ یہ لوح خالص چاندی پر یا گولڈن کاغذ پر بنوا کر پاس رکھیں۔ اسکی برکت

سے اللہ پاک ایسے اسباب پیدا فرمائیگا کہ غنی ہو جائیں گے۔ اسکو پاس رکھیں پھر پرائز بانڈ خریدیں یا ایسا کاروبار شروع کریں جسمیں آپکو نفع ہو۔ جب یہ تیار ہو جائے تو (111) مرتبہ سورۃ البروج پڑھ کر اس پر دم کریں۔ اسکا ثواب سلسلہ سروری قادریہ میں جتنے بزرگ ہیں سب کو بخشیں۔ پھر روزانہ چلتے پھرتے اُٹھتے بیٹھتے۔ اللہ للہ لَہٗ ھُو، یَا فَتَّاحُ یَا عَزِیزُ صَلیَّ اللہ عَلَیہ وَعَلٰی وآلہٖ وَسَلِم پڑھا کریں۔

اوج زحل میں لوح تیغ بندی آئینہ قسمت کی نظر کرتا ہوں لوح تیغ بندی، کامیابی امتحانات، مقدمات میں کامیابی، سحر جادو سے تحفظ کیلئے پُر تاثیر ہے۔ اس طلسم پر کوئی شخص غالب نہیں ہوتا۔ جب یہ لوح تیار ہو جائے تو اسکو خالص گولڈن کاغذ پر یا چاندی کی پلیٹ پر تیار کر کے پاس رکھیں۔ یہ لوح اوج زحل کے علاوہ اوج مریخ میں بھی تیار کی جاتی ہے۔ جب یہ تیار ہو جائے تو اس پر (111) مرتبہ سورۃ مریم پڑھ کر دم کریں۔ اسکا ثواب سلسلہ چشتیہ میں جتنے بزرگ ہیں انکو بخشیں۔ پھر روزانہ دن کے وقت اسم اعظم مخفی یَا سَتَّارُ یَا غَفَّارُ (111) مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔

اوج زحل میں اکثر عالمین جفر عملیات کی زکات نکالتے ہیں۔ اس وقت کی مناسبت سے دعوت حروف تہجی کیساتھ حاضر ہوں۔ اوج زحل میں دعوت حروف تہجی اس دوران (2800) مرتبہ لکھیں۔ اسکی زکات کبیر ادا ہو جائیگی۔ اسکے ساتھ (14000) مرتبہ کلمہ طیبہ اور درود ابراہیمیؑ پڑھیں۔ اسکی برکت سے اللہ پاک دست غیب سے اسباب پیدا فرمادیگا۔

عمل نمبر2: ۔دعوت نادعلی علیہ السلام اوج زحل کے دوران نادعلی علیہ السلام (14000) مرتبہ پڑھیں۔ اسکی زکات ادا ہو جائیگی۔ یہ بہت پُر تاثیر اور چلتا ہوا عمل ہے۔

عمل نمبر3: ۔نقش متع کی زکات یہ نقش اوج زحل کے دوران (6712) مرتبہ ایک کاپی پر لکھیں۔ پھر اسکو مٹی کے برتن میں بند کر کے دریا کے کنارے دفن کریں۔

عمل نمبر4: ۔دعوت چار قُل اوج زحل کے دوران دعوت چار قُل (3472) مرتبہ پڑھیں۔ اسکا ثواب پنجتن پاک علیہ السلام کو چودہ معصومین علیہ السلام کو بخشیں۔ پھر روزانہ گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ تاکہ عمل قابو میں رہے۔

عمل نمبر6: ۔قرآن پاک کا آخری پارہ تیسواں پارہ کی دعوت اگر (110) مرتبہ اوج زحل کے دوران تیسواں پارہ پڑھا جائے اسکا ثواب چاروں سلسلے کے بزرگوں کو بخشیں۔ یہ (29) سات تک کام کریگا۔ دُنیا کی ہر چیز کا ایک قاعدہ ہوتا ہے اس عمل کیلئے اجازت نامہ براہِ راست ادارہ آئینہ قسمت سے لیں۔ آخر میں مجھ گنہگار سیّد شعیب الرحمٰن شاہ اور عامل شاہ زنجانی صاحب کے حق میں دُعائے خیر کریں۔ اللہ پاک مزید برکات دیں۔

ازتحریر: سیّد عامر علی نقوی البھاکری، سیالکوٹ

بخت کشائی کی بندش وجہ اور حل

آج کل تقریباً ہر گھرانے کا مسئلہ بچیوں کی شادی میں تاخیر اور بندش ہے۔ لڑکیوں اور لڑکوں کی شادی میں رکاوٹ کی چند بنیادی وجوہات درج ذیل ہیں:۔

1۔قدرتی تاخیر اور آئیڈیل

2۔سحری بندش

3۔پیدائشی زائچہ میں زحل یا عدد 8 کا اثر

4۔آسیبی بندش

5۔معقول رشتوں کا نہ ملنا

1:۔قدرتی تاخیر اور آئیڈیل

ہر لڑکی یا لڑکے کی دلی خواہش ہوتی ہے کہ اس کو آئیڈیل رشتہ ملے۔ اس کوشش میں بہت سے معقول رشتوں کو ٹھکرا دیا جاتا ہے۔ اس طرح قدرتی تاخیر ہو جاتی ہے۔ وقت تیزی سے گذر جاتا ہے اور شادی کے وسائل ختم ہو جاتے ہیں، سوائے پچھتاوے کہ کچھ ہاتھ نہیں آتا۔

2:۔سحری بندش

بخت کشادگی کی بندش کی ایک وجہ سحری بندش ہے۔ کچھ شر پسند لوگ رشتہ طلب کرتے ہیں جبکہ وہ اُس رشتہ کا استحقاق نہیں رکھتے جسمیں بہت سی وجوہات ہوتی ہیں۔ **مثلاً** ذات، برادری، مذہب، فقہ، کم تعلیم، مشکوک کردار، نشہ کرنا، آوارگی وغیرہ وغیرہ۔ ایسے لوگ حسد، غصہ، نفرت سے سحری بندش کروا دیتے ہیں۔

3:۔پیدائشی زائچہ میں زحل یا عدد 8 کا اثر

جن لڑکیوں یا لڑکوں کی پیدائش بروز ہفتہ ہو یا تاریخ پیدائش 26,17,8 یا 19 جنوری تا 21 فروری کو ہو۔ برج دلو، جدی 23 دسمبر تا 20 جنوری تاریخ پیدائش کا عدد 8 ہوگا۔ تحریری پیدائش پرچی پر نام کا عدد 8 ہوتا ہے ایسے لوگوں کی ہر موڑ پر بندش ہوتی ہے۔

4:۔آسیبی بندش

آسیبی قوتیں شرارت یا انسان/آدم دشمنی کی وجہ سے بندش کر دیتے ہیں۔

5:۔معقول رشتوں کا نہ ملنا

آج کل لڑکیوں کو بہت زیادہ تعلیم دلوائی جارہی ہے ایک بندش کا سبب یہ بھی ہے۔ لڑکے کا کم تعلیم یافتہ ہونا دونوں کی ذاتی تعلیم کا فرق بھی رکاوٹ ہے۔ تنخواہ کا یا روزگار کا گھٹیا ہونا، رشتہ بے جوڑ ہونا بھی وجہ ہے۔ کچھ لوگوں کو ویسے ہی کوئی پسند نہیں آتا، بلا وجہ عیب لگا کر رشتہ ٹھکرا دیتے ہیں۔

کسی بھی طرح کی بندش ہو اس کا علاج وحل تحریر خدمت ہے۔ سات مسجدوں سے ایک بوتل پانی لے کر اس کو درج ذیل کلام الٰہی پڑھ کر دم کر لیں۔ اس پانی میں سات پھلدار درختوں کے ایک ایک پتہ بھی ڈال لیں۔

ا:۔ سورہ یونس آیت نمبر 81-82	1 مرتبہ
ب:۔ سورہ الاعراف آیت نمبر 116-118-119-120-121 اور 122	1 مرتبہ
ج:۔ سورہ نازعات آیت نمبر 27-28	1 مرتبہ
د:۔ سورہ شعرا آیت نمبر 23 تا 31	1 مرتبہ
ر:۔ سورہ فلق	3 مرتبہ
س:۔ سورہ والناس	3 مرتبہ

بعد غسل اعمال

1۔ نقش گلے میں یا بازو پر باندھ لیں۔

2۔ بعد از نماز فجر ایک دفعہ سورہ احزاب تلاوت کریں بعد تلاوت مقصد کی دُعا مانگیں۔

3۔ بعد از نماز عشاء اوّل و آخر 11-11 مرتبہ درود شریف پڑھ کر کلام پاک 3 مرتبہ تلاوت کریں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَصَلَّى اللهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ ﷺ وَ عَلٰى آلِهٖ وَسَلِّمْ اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ يَا مُحَمَّدُ ﷺ يَا جِبْرَائِيْلُ يَا مِيكَائِيْلُ وَزَيَّنَّا هَا لِلنَّاظِرِيْنَ وَاِلٰى شَارِبِيْنَ الَّذِىْ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ يَا مُحَمَّدُ ﷺ يَا جِبْرَائِيْل يَا مِيكَائِيْلُ وَزَيَّنَّا هَا لِلنَّاظِرِيْن وَاِلَى البَايِع وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ يَا مُحَمَّدُ ﷺ يَا جِبْرَائِيْل يَا مِيكَائِيْلُ وَزَيَّنَّا هَا لِلنَّاظِرِيْنَ وَاِلَى الشَّارِى فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْراً۔ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْراً فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ (اس جملے کو 3 دفعہ کہیں)

اَللّٰهُمَّ كَذَالِكَ يُرْغِبُ الزَّبُوْنَ اِلٰى هٰذَا الْمَكَانِ غنى مغنى فَتَّاحُ رَزَّاقُ۔ بعد میں مقصد کی دُعا کریں۔

4۔ بروز جمعۃ المبارک ذیل کا نقش لکھ کر گلے یا بازو پر باندھیں۔

یَافَتَّاحُ یَافَتَّاحُ یَافَتَّاحُ یَافَتَّاحُ یَافَتَّاحُ یَافَتَّاحُ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — قوله تعالیٰ

إن الله ۱۱۷	هُوَ الرَّزَّاقُ ۳۵۰	ذُو القوة ۱۲۴۳	المَتِين ۵۳۱
۱۲۴۴	۵۳۰	۱۱۸	۳۴۹
۵۲۹	۱۲۴۱	۳۵۲	۱۱۹
۳۵۱	۱۲۰	۵۲۸	۱۲۴۲

کھیعص — حمعسق

یہ نقش ترقی فتوحات اور تسخیر کے لئے بے حد مفید ہے۔ تمام بندشیں اور نحوستیں بھی اس عمل سے ختم ہو جاتی ہیں۔ یہ عمل 21 دن تک 2248 مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ 21 دن کے بعد صرف 174 مرتبہ ورد میں رکھیں اور یہ نقش بھی 21 مرتبہ اور 21 دن تک لکھ کر بہتے پانی میں بہادیں۔ آخر میں یہ نقش شرف شمس اور شمس کی ساعت اور اتوار کے دن لکھ کر بازو میں یا گلے میں باندھیں۔ عمل یہ پڑھنا ہوگا۔ ''یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ واللہ یَرْزُقُ مَنْ یشاء بغیر حساب'' یاد رکھیں کہ نقش کے پہلے خانے میں جو اعداد 174 ہیں یہ اعداد یا حیّ یا قیّوم کے ہیں اور ان دو اسموں کا ورد زیادہ کریں تو فائدہ زبردست ہوگا۔

چال نقش یہ ہے:-

۱	۸	۳
۵		۷
۶	۴	۲

بحق یا حَیُّ یا قیّوم یا حَیُّ یا قیّوم

۱۷۴	۱۳۷۸	۵۲۲
۸۷۰	یہاں مقصد اور مطلب لکھیں	۱۲۰۴
۱۰۳۰	۶۹۶	۳۴۸

یا حَیُّ یا قیّوم یا حَیُّ یا قیّوم

کھیعص — حمعسق

آخر میں شاہ زنجانی صاحب اور مجھ ناچیز کو دُعائے خیر میں ضرور یاد کریں۔

کرشماتِ العملیات

عمل حاجات

از تحریر: رانا ناصر علی، جھنگ صدر

قارئین آئینہ قسمت! کیلئے کچھ خاص صدری و روحانی عملیات پیش خدمت ہیں۔ مندرجہ بالا عمل نہایت زود اثر ہے اگر کسی شخص کو مقدمہ میں کامیابی درکار ہو یا بیرون ملک ویزہ کا مسئلہ ہو شادی میں رکاوٹ کاروباری بندش ملازمت کے حصول کے لئے ترقی و کامرانی و دیگر دنیاوی کاموں کیلئے مندرجہ بالا عمل نہایت مجرب المجرب ہے۔ انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے آپکا کوئی بھی دنیاوی مسئلہ ہوگا وہ حل ہوگا کہ اللہ کے آگے سر جھکانے سے ہی اللہ خوش ہوتا ہے اور اپنے بندے کو کامیابی سے ہمکنار کرتا ہے۔ اگر آپ کا کوئی ایسا مسئلہ جو حل نہ ہو پا رہا ہو باوجود کوششوں کے کام نہ بن رہا ہو تو ایسے مسئلے کے حل کے لئے سب سے پہلے گوشت کا پرہیز کریں اور نو چندی جمعرات کو بعد از عشاء مغرب کی طرف منہ کر کے کھڑے ہوں کمرے میں خوشبودار اگر بتی جل رہی ہو۔ اس کے بعد دو رکعت نماز حاجات پڑھیں اور ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد تین سو تیرہ مرتبہ سورہ کوثر پڑھیں اور سلام پھیریں اُس کے بعد گیارہ سو مرتبہ آجب یَا بَاسِطُ کا ورد کریں اور جو مسئلہ حل نہیں ہو پا راہ اُس کیلئے دُعا کریں اور عمل ختم کر کے بغیر کسی سے گفتگو کئے سو جائیں اسی ترکیب سے سات دن تک عمل کریں انشاء اللہ بحکم اللہ تعالیٰ آپکا کتنا ہی مشکل کام کیوں نہ ہو سات یوم میں مسئلہ حل ہوگا نہایت زود اثر عمل ہے۔ بس یقین کامل کے ساتھ عمل کریں اور عمل کا اثر دیکھیں۔

جادو جنات و آسیب سے چھٹکارہ

قارئین کرام! اگر کسی پر سفلی یا کالا علم کے اثرات ہیں یا آسیب کا اثر ہے تو ذیل کا عمل نہایت ہی مجرب ہے کیونکہ جس شخص پر سفلی یا کالا علم کیا جاتا ہے تو اس شخص کو سستی کاہلی و مایوسی آگھیر لیتی ہے۔ اُس شخص کا کاروبار و ملازمت دن بدن خراب ہوتا چلا جاتا ہے۔ گھریلو پریشانیاں آگھیر لیتی ہیں اگر ان کا سد باب نہ کیا جائے تو متعلقہ شخص کی تباہی و بربادی یقینی ہے کیونکہ متاثرہ شخص تنزلی کی طرف چلا جاتا ہے۔ اسلئے ایسے مسائل کا روحانی علاج بروقت ضروری ہے۔ اگر کوئی ایسا شخص ایسی کیفیت سے گذر رہا ہو تو سب سے پہلے سات مسجدوں کا پانی اکٹھا کر کے مکس کرے اگر خاتون ہے تو پانی منگوالے پھر بعد از عشاء تنہائی میں ایک چراغ گل کا روشن کرے اور پانی کو اپنے سامنے رکھے اور باوضو عمل کو گیارہ سو مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور پھر پانی پر پھونک مارے اور پھر پانی کو سنبھال کر رکھے نو دن تک پانی کو استعمال کرے ہر تیسرے دن یہی عمل دہرائے اور اگر کاروبار نہیں چل رہا تو دوکان پر بھی پانی پھینکیں انشاء اللہ نو دن میں آپ اپنے اندر واضح تبدیلی پائیں گے۔ ہر قسم کی نحوست و جادو ٹونہ کے اثرات ختم ہوں گے قابل قدر تحفہ ہے اور جو احباب مرد و خواتین خود یہ عمل نہ کر سکیں تو کسی دوسرے نمازی و پرہیز گار شخص سے کروا سکتے ہیں۔ عمل یہ ہے:۔

آجب یَا جبرائیل علیہ السلام یَا نُورُ یَا بَاسِطُ یَا حَافِظُ یَا حَفِیظُ یَا کَافِیُ یَا شَافِیُ۔ بِحَقِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللهِ

محترم زنجانی صاحب کا سایہ ہمیشہ ہمارے سروں پر قائم رہے بس یہ ان کی دُعاؤں کا اثر ہے۔ فارمولا آسان ترین ہے بے سہارا بے کس لوگوں کیلئے اس سے فائدہ اُٹھائیں اور میرے لئے دُعا کریں۔

قوانین مستحصلہ:۔

1۔ مکمل سوال لکھ کر خالص کریں یہ سطر اساس ہے اگر حروف پندرہ سے زائد ہوں تو زائد حروف ساقط کر دیں۔

2۔ سطر اساس کو ایک بار مؤخر صدر کر لیں خیال رہے کہ سطر اساس اور سطر مؤخر صدر کے حروف ایک دوسرے کے عین مقابل ہوں۔

3۔ تیسری اور چوتھی سطر میں سطر اساس اور سطر مؤخر صدر کے حروف کو دائرہ جعفر کی جدول ایقغ کے مطابق اعدل بدل لیں۔

4۔ پانچویں سطر میں دونوں اعداد کا استنطاق کر لیجئے۔

5۔ چھٹی سطر میں اعداد مستحضرہ کو بذریعہ ہم رتبہ اعداد اجعفر کے مطابق حروف میں بدل دیں یہ سطر مستحضرہ ہے حوف بمطابق احاد عشرت مآت بذریعہ دائرہ اجعفر لئے جائیں گے۔

6۔ ساتوں سطر حروف مستحضرہ کو ابجد قمری کے مطابق ترفع حرفی کر دیں۔

7۔ آٹھویں سطر میں ترفع حرفی کے سطر کو دائرہ اجعفر سے نظیرہ دے دیں۔

8۔ نویں سطر میں سطر نظیرہ اجعفر کو ایک مرتبہ پھر ابجد قمری سے ترفع حرفی کر دیں یہ ترفع حرفی کی سطر ہی سطر مستحصلہ ہے۔

9۔ سطر مستحصلہ کو جدول اجعفر بطریق قطرین التکیسر سے دائرہ قطرین فی التکیسر المربعات کی چال کے مطابق حروف حاصل کر کے بدل لیجئے۔

10۔ قطرین التکیسر سے حاصل کردہ جواب کے حروف ہوں گے۔ یہ حروف یا تو خود ناطق ہونگے یا انکا نظیرہ اور جواب مکمل طور پر واضح مربوط ہوگا۔

(1) دائرہ اجعفر

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
اساس	ا	ج	ع	ف	ر	ش	ن	ذ	غ	ت	ض	خ	ب	ی
نظیرہ	ھ	ک	م	س	د	ظ	ل	ز	ح	و	ث	ط	ص	ق
	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

جدول اجعفر بطریق قطرین التکیسر

ط	ث	ح	د	ر	ج	ق	۱
ک	ب	ع	و	ھ	ت	ل	۲
غ	ن	ف	ا	س	ش	ص	۳
ذ	ظ	ی	م	ز	خ	ض	۴

(2) ترتیب ایقغ

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹
اکائی	ا	ج	ع	ف	ر	ش	ن	ذ	غ
دہائی	ت	ض	خ	ب	ی	ھ	ک	م	ص
سینکڑہ	د	ظ	ل	ز	ح	و	ث	ط	س
ہزار	ق								

دائرہ قطرین حسبِ ذیل

سوال :۔ یا علیم پہلی ستمبر سن دو ہزار سولہ کو ملتان میں ہونے والی چالیس ہزار والے انعامی بانڈ کی قرعہ اندازی میں اوّل انعام پر نکلنے والے نمبروں میں دائیں طرف پہلا اور دوسرا عدد کونسا ہوگا؟

بسط حرفی :۔ پ ہ ل ی س ت م ب ر س ن د و ہ ز ا ر س و ل ہ ک و م ل ت ا ن م ی ں ہ و ن ی چ ا ل ی س ہ ز ا ر و ا ل ی ا ن ع ا م ی ب ا ن ڈ ک ی ق ر ع ہ ا ن د ا ز ی م ی ں ا و ل ا ن ع ا م پ ر ن ک ل ن ی و ا ل ی ن م ب ر و ں م ی ں د ا ئ ی ں ط ر ف پ ہ ل ا ا و ر د و س ر ا ع د د ک و ن س ا ہ و گ ا

خالص :۔ پ ہ ل ی س ت م ر ن د و ز ا ک چ

سطر اساس	پ	ہ	ل	ی	س	ت	م	ر	ن	د	و	ز	ا	ک	چ
مؤخر صدر	چ	پ	ک	ہ	ا	ل	ز	ی	و	س	د	ت	ن	م	ر
ہم مرتبہ اجعفر سطر اوّل اعداد	۴	۶	۳	۵	۹	۱	۸	۵	۷	۱	۶	۴	۱	۷	۲
اعداد اجعفر دوم	۲	۴	۷	۶	۱	۳	۴	۵	۶	۹	۱	۱	۷	۸	۵
استنطاق	۶	۱	۱	۲	۱	۴	۳	۱	۳	۱	۷	۵	۸	۶	۷
حروف مستحضرہ از اجعفر	ش	ت	ق د	ج	ت	ز	ج	ت	ز	ا	ک	ح	ذ	ھ	ث
ترفی حرفی قمری	ت	ث	ر	د	ث	ح	د	ش	ح	ب	ل	ط	ض	و	خ
نظیرہ اجعفر	و	ض	د	ر	ض	غ	ر	ض	ع	س	ن	خ	ث	ت	ط
ترفی حرفی قمری	ز	ظ	ہ	ش	ظ	ا	ش	ظ	ا	ع	س	ذ	خ	ث	ی
حروف مستحصلہ از اجعفر	چ	ن	ہ	چ	ب	ا	ج	ف	ھ	ت	س	غ	ب	ل	ا
	چ	ہ		ن	چ	پ	ا	چ	ھ	ف	ت	س	غ	ب	ال
	چ	ھ		پان چ				چ	ھ	ص ف ت			غ ال ب		
	6			5				6		فسٹ			غالب		

جواب :۔ یعنی کبھی آگرہ، مُنڈولہ، فورکاسٹ آجاتی ہے جس طرح یہ منڈولہ، آگرہ نکل آیا۔656

سوال :۔ یا علیم عقیل عباس شاہ بن حوا کونسا وظیفہ کرے جو من پسند شادی ہو جائے؟

بسط حرفی :۔ ع ق ی ل ع ب ا س ش ا ہ ب ن ح و ا ک و ن س ا و ظ ی ف ہ ک ر ی ج و م ن پ س ن د ش ا د ی ہ و ج ا ئ ے

حروف تخلیص :۔ ع ق ی ل ب ا س ش ہ ن ح و ک ظ ف ر ج م د

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵
سطر اساس	ع	ق	ی	ل	ب	ا	س	ش	ہ	ن	ج	و	ک	ظ	ف
مؤخر صدر	ف	ع	ظ	ق	ک	ی	و	ل	ح	ب	ن	ا	ہ	س	ش
ہم مرتبہ اجعفر سطر اوّل اعداد	۳	۱	۵	۳	۴	۱	۹	۶	۶	۷	۵	۶	۷	۲	۴
اعداد اجعفر دوم	۴	۳	۲	۱	۷	۵	۶	۳	۵	۴	۷	۱	۶	۹	۶
استنطاق	۷	۴	۷	۴	۲	۶	۶	۹	۲	۲	۳	۷	۴	۲	۱

حروف مستحضره ازاجعفر	ن	ب	ث	ف	ض	و	ش	ص	د	ج	خ	ث	ف	ض	ق
ترفی حرفی قمری	س	ج	خ	ص	ظ	ز	ت	ق	ہ	د	ذ	خ	ص	ظ	ر
نظیره اجعفر	ب	ک	ط	ف	ش	ذ	و	ی	ا	ر	ز	ط	ف	ش	د
ترفی حرفی قمری	ج	ل	ی	ص	ت	ض	ز	ک	ب	ش	ح	ی	ص	ت	ہ
حروف مستحصله ازاجعفر	ق	ل	ی	ع د	م	ل	ز	م ز	ب	ش	ت	ا	ل	ت	د
	ق ل ی ع				م ل زم				ب ش			ت ال ت و			
	ع ق ی ل				م زم ل				ش ب			ت ل او ت			
	عقیل				مزمل				شب			تلاوت			

جواب:۔ عقیل عباس روزانہ شب کو **11** مرتبہ سورة مزمل **41** دن تک پڑھے تو یہ شادی من مرضی کے مطابق ہ جائے گی۔

یا علیمُ:۔ کیا ملک عمار یاسر کی پارٹی کامیابی کی طرف جائے گی اور لوگوں کا رُخ بڑھے گا؟

بسط حرفی:۔ ک ی ا م ل ک ع م ا ر ی ا س ر ک ی پ ا ر ٹ ی ک ا م ی ا ب ی ک ی ط ر ف ج ا ئ ے گ ی ا و ر ل و گ و ں ک ا ر خ ب ڑ ھ ے گ ا

حروف تخلیص:۔ ک ی ا م ل ع ر س پ ٹ ط ف ج خ ڈ ھ

سطر اساس	ک	ی	ا	م	ل	ع	ر	س	پ	ٹ	ط	ف	ج	خ	ڈ
مؤخر صدر	ڈ	ک	خ	ی	ج	ا	ف	م	ط	ل	ٹ	ع	پ	ر	س
هم مرتبه اجعفر سطر اوّل اعداد	۷	۵	۱	۸	۳	۳	۵	۹	۴	۱	۸	۴	۲	۳	۱
اعداد جعفر دوم	۱	۷	۳	۵	۲	۱	۴	۸	۸	۳	۱	۳	۴	۵	۹
استنطاق	۸	۳	۴	۴	۵	۴	۹	۸	۳	۴	۹	۷	۶	۸	۱
حروف مستحضره ازاجعفر	ذ	خ	ز	ف	ی	ز	غ	م	ل	ف	ص	ث	ش	م	ق
ترفی حرفی قمری	ض	ذ	ح	ص	ک	ح	ا	ن	م	ص	ق	غ	ت	ن	ر
نظیره اجعفر	ش	ز	غ	ف	ج	غ	ہ	ل	ع	ف	ی	ط	و	ل	د
ترفی حرفی قمری	غ	ج	ا	ص	ع	و	ر	م	ف	د	ر	ی	غ	م	ہ
حروف مستحصله ازاجعفر	ح	ج	ا	ص	ع	و	ر	م	ف	د	ر	ی	غ	م	ن
	غ اص				ج ع ور			م ف دی			رخ			م ن	
	غ اص				ع روج			م ف ی د			رخ			م ن	
	خاص				عروج			مفید			رخ			من	

جواب:۔ عمار یاسر کی پارٹی تو اچھا خاصہ عروج آئے گا اور عوام پارٹی کی طرف رُخ کرے گی۔

سوال:۔ **یا علیمُ** گلفام حسین بن حواسخت جادو کی لپیٹ میں ہے کونسا وظیفہ کرے نجات ملے؟

بسط حرفی:۔ ک ل ف ا م ح س ی ن ب ن ح و ا س خ ت ج ا د و ک ی ل پ ی ٹ م ی ں ہ ے ک و ن س ا و ظ ی ف ہ ک ر ے ن ج ا ت م ل ے

حروف تخلیص: ۔گ ل ف ا م ح س ی ن ب و خ ت ج د

سطر اساس	گ	ل	ف	ا	م	ح	س	ی	ن	ب	و	خ	ت	ج	د
مؤخر صدر	د	گ	ج	ل	ت	ف	خ	ا	و	م	ب	ح	ن	س	ی
ہم مرتبہ اجعفر سطر اوّل اعداد	۷	۳	۴	۱	۸	۵	۹	۵	۷	۴	۶	۳	۱	۲	۵
اعداد اجعفر دوم	۱	۷	۲	۳	۱	۴	۳	۱	۶	۸	۴	۵	۷	۹	۵
استنطاق	۸	۱	۶	۴	۹	۹	۳	۶	۴	۳	۱	۸	۸	۲	۱
حروف مستحضرہ از اجعفر	ز	ت	و	ف	ص	س	ع	ھ	ز	ع	ت	ط	ذ	ض	د
ترفی حرقی قمری	ض	ش	ز	ص	ق	ع	ف	و	ح	ف	ش	ی	ض	ظ	ہ
نظیرہ اجعفر	ش	ض	ذ	ن	ی	م	ص	ت	غ	ص	ض	ق	ث	ش	ا
ترفی حرفی قمری	خ	ظ	ض	ص	ک	ن	ق	ث	ا	ق	ظ	ا	خ	ت	ب
حروف مستحصلہ از اجعفر	و	ظ	ف	ی	ی	ہ	ل	ک ق	ا	چ	م	ر	خ	ت	ب

وظف ی ہ		ل ق		اچ ر	م خ ت		(ب)
وظی ف ہ		ق ل		چ ار	خ ت م		
وظیفہ		قل		چار	ختم		بالکل

جواب: ۔کلام حسین روزانہ نماز عشاء کے بعد اوّل و آخر 5 مرتبہ درود شریف درمیان میں چار قل روزانہ پڑھے گا تو بالکل جادو کا خاتمہ ہو جائے گا۔ اور یہ لوح لکھ کر گلے میں ڈالے جس شخص پر جادو ہے یہ کلیہ اپنائے انشاء اللہ تعالیٰ دوسری لوح یہ 21 دن تک پیئے جادو بندش سایہ ختم ہو جائے گا۔

نوٹ: ۔علم رمل کے تحت ہیلری کلنٹن کو شکست ہوگی اور ڈونلڈ ٹرمپ کو فتح ہوگی حالانکہ بڑے ماہر نجوم تجزیہ کار ہیلری کلنٹن کو فتح دے رہے ہیں۔ لیکن ہمارے علم رمل میں ہیلری کلنٹن کو شکست ہوگی۔ غیب کا علم صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کی ذات قدوس جانتی ہے۔

اکتوبر 2016 کیلئے پرائز بانڈز خریدنے کی تواریخ بمعہ اوقات

1	4
7	6

تاریخ: 03-10-2016
دن: سوموار
شہر: فیصل آباد
مالیت بانڈ: 15000

2	8
1	9

تاریخ: 17-10-2016
دن: سوموار
شہر: کوئٹہ
مالیت بانڈ: 750

اکتوبر 2016ء کے لیے پرائز بانڈز خریدنے کی تواریخ بمعہ اوقات

نمبر شمار	تاریخ	نیک وقتِ خریداری
1	3 اکتوبر 2016ء	صبح 09 بجکر 02 منٹ سے لے کر 09 بجکر 42 منٹ تک
2	11 اکتوبر 2016ء	دوپہر 11 بجکر 05 منٹ سے لے کر 11 بجکر 50 منٹ تک
3	14 اکتوبر 2016ء	دوپہر 13 بجکر 02 منٹ سے لے کر 13 بجکر 40 منٹ تک
4	26 اکتوبر 2016ء	دوپہر 11 بجکر 09 منٹ سے لے کر 12 بجکر صفر منٹ تک
5	29 اکتوبر 2016ء	صبح 09 بجکر 10 منٹ سے لے کر 10 بجکر 01 منٹ تک

نوٹ: یہ اوقات پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم کے مطابق دیے جا رہے ہیں۔

دوستو آداب! پہلے تو میں شہزادہ سیّد مصوّر علی زنجانی صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ جنھوں نے مجھے اس قابل سمجھا اور آپ کی خدمت کے لیے مامور کیا۔ دوستو! میں 01-08-2016 کراچی بانڈ -/7500 اور راولپنڈی 15-08-2016 بانڈ -/1500 آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اور مجھے کامیابی عطا فرمائے اور سیّد مصور علی زنجانی اور سیّد انتظار حسین شاہ زنجانی کو لمبی عمر عطا فرمائے اور ان کے علم میں اضافہ فرمائے۔ آمین

394217

93	42
49	94

تاریخ: 17-10-2016
دن: سوموار
شہر: کوئٹہ
بانڈ: 750

267168

26	71
68	86

تاریخ: 03-10-2016
دن: سوموار
شہر: فیصل آباد
بانڈ: 15000

	0	1	2	3	4	5	6	7	8	9	ممکنہ ٹنڈولے	
0	00		02	03		05			08		005	083
1			12		14		16			19	146	192
2	20	21		23		25			28		215	280
3			32		34		36	37		39	346	372
4	40	41		43		45			48		410	458
5			52		54		56			59	524	596
6		61	62		64			67	68		621	678
7			72		74		76			79	726	794
8	80	81		83		85		87			801	875
											924	989

تاریخ: 03-10-2016
دن: سوموار
شہر: فیصل آباد
مالیت بانڈ: 15000

36	04	63
72	01	59
30	04	91
58	05	26

تاریخ: 17-10-2016
دن: سوموار
شہر: کوئٹہ
مالیت بانڈ: 750

08	05	06
71	09	52
68	03	91
15	00	56

8 / 7 4 9 / 0

1 / 0 5 2 / 3

F: 49, 69, 89, 94
1 0 / 3 / 2 5
S: 16, 94, 53, 63

تاریخ: 17-10-2016
دن: سوموار
شہر: کوئٹہ
بانڈ: 750

اوپن: 4 - 6 - 9 - 8

فسٹ	494-693-893-941
سیکنڈ	167-944-533-639
سیکنڈ	258-358-743-198

F: 14, 34, 64, 84
2 9 / 5 / 0 7
S: 81, 53, 45, 62

تاریخ: 03-10-2016
دن: سوموار
شہر: فیصل آباد
بانڈ: 15000

اوپن: 1 - 3 - 6 - 8

فسٹ	146-347-646-842
سیکنڈ	817-538-454-626
سیکنڈ	665-394-089-737

ازتحریر: اقبال غنی، ہری پور ہزارہ

مقدر کا سکندر

اکتوبر کے انعام آپ کے نام

ازتحریر: ایم عادل، تربیلا ڈیم

317, 379, 548, 673, 695, 739
3790-7390
31, 37, 54, 67, 69, 73
3791-7391

تاریخ: 03-10-2016
دن: سوموار
شہر: فیصل آباد
بانڈ: 15000

10, 37, 56, 73, 78, 86
1079-5610
7 8 / 9 / 3 1
8965-4682
107, 379, 561, 739, 786, 789, 860

تاریخ: 17-10-2016
دن: سوموار
شہر: کوئٹہ
بانڈ: 750

انعام لکی نمبرز آئینہ قسمت میں

فیصل آباد | مالیت 15000/- | مورخہ 03-10-2016

1964 (بونس)	07	14	39	52	89	90

کوئٹہ | مالیت 750/- | مورخہ 17-10-2016

4896 (بونس)	15	28	49	51	62	71

ہماری دعا ہے کہ آپ ان لکی نمبرز سے فیض یاب ہوں۔ کسی نقصان سے بچنے کے لیے پرچی نمبر کی بجائے پرائز بانڈز کی خرید پر توجہ دیں۔ ماہرین علم الاعداد کی تمام تر ذہانت آپ کے لیے وقف ہے۔ (ادارہ)

از تحریر: انور فراز کراچی

برج کی بنیادی خصوصیات

مثبت توانائی

برج میزان والے عام طور سے حقیقت پسند، دانشور، آزاد، دوسروں کی قدر کرنے والے، بااصول، سب کے ساتھ یکساں سلوک کرنے والے، سب کی عزت کرنے والے، مہذب، باذوق، خوش مزاج، خوب صورت، فنکارانہ ذوق کے حامل، متوازن، مدرک، مشاہد، صلح جو، رومینٹک اور شادی شدہ زندگی میں عہد نبھانے والے ہوتے ہیں۔

منفی توانائی

دوسری طرف وہ خودسر، مخلوط جنسی تعلقات رکھنے والے، سادہ لوح، امن قائم کرنے کے لیے ہتھیار ڈال دینے والے اور مصالحت پسند بھی ہو سکتے ہیں، ان کی مصلحت پسندی اکثر بزدلی کی حد تک ہوسکتی ہے۔

پسند

میزان افراد کو حسن، محبت، رابطہ کرنا، لوگوں کو خوش کرنا، شان و شوکت، حسن عمل، چھونا، ڈیزائنر کے ملبوسات اور مہنگی چیزیں پسند ہیں۔

ناپسند

وہ اختلاف، لڑائی جھگڑا، بدمزہ چیزیں اور بے اصول رویہ برداشت نہیں کر سکتے، اپنے قریبی دوستوں یا عزیزوں کے درمیان تنازعات سے بھی پریشان ہوتے ہیں۔

''روشنی صرف تاریکی کے حوالے سے بامعنی ہے اور سچائی غلطیوں پر مبنی ہے، یہ تضاد کا مجموعہ ہے جس میں ہم زندگی بسر کرتے ہیں جس کی بدبو اور خوشبو ہمیں مدہوش کر دیتی ہے ہم صرف اس تضاد میں جیتے ہیں، ایسے زون میں جہاں سیاہی اور سفیدی آپس میں ٹکراتی ہیں''

لوئیس آراگون (شاعر) شمسی برج میزان، پیدائش: 3 اکتوبر 1897ء

میزان کردار

برج میزان کی خصوصیت میزان ہے جو توازن قائم کرنے کے لیے ہوتا ہے، میزانی افراد بھی مستقل کسی نہ کسی ناپ تول میں مصروف رہتے ہیں۔

برج میزان کا پہلا دن نقطہ اعتدال کے وقت پڑتا ہے جب دن اور رات برابر ہوتے ہیں اور ایسے میں میزان لوگ سب سے زیادہ فرحت اور اطمینان محسوس کرتے ہیں۔

یہ مساوات ہے جس کا میزان متلاشی ہے لیکن میزان کی علامت بھٹکا سکتی ہے۔ آپ پہلا تاثر یہی لیں گے کہ میزان افراد کے مزاج اور رویے میں توازن ہوگا اور وہ ہر شے میں مکمل توازن دیکھنا چاہیں گے لیکن برج میزان والے اس سے بڑھ کر دخل در معقولات کرنے والے، پرائے پھڈے میں ٹانگ اڑانے والے ہوتے ہیں، ترازو ہمیشہ متوازن نہیں رہتا، یہ غیر متوازن حالت میں بھی ہوسکتا ہے۔ میزان کی ہمیشہ یہ کوشش ہوتی ہے کہ ترازو کو کھینچ کر پھر سے برابر

کردے' اگر کسی معاملے میں آپ کی کوئی رائے ہے تو میزبان آپ کی طرف ہمدردی سے دیکھے گا اور انتہائی متوازن لب و لہجے میں آپ کو بتائے گا یا بتائے گی کہ آپ کا مباحثہ مکمل طور پر متوازن کیوں نہیں ہے پھر وہ اسی ہموار لب ولہجے میں بتائے گا کہ آپ درحقیقت مکمل طور پر درست کیوں ہیں؟

''چونکہ ہم انسان ہیں' ہم جو کچھ بھی کرتے ہیں وہ یا تو
نیکی ہوتی ہے یا بدی، ہم جب تک نیکی یا بدی کرتے رہیں
گے انسان ہوں گے اور ظاہری تناقص میں یہی بہتر بھی ہے کہ
کچھ نہ کرنے سے بدی کرنا بہتر ہے، کم ازکم ہم زندہ تو ہیں''

ٹی ایس ایلیٹ (شاعر) شمسی برج میزان' پیدائش 26 ستمبر 1888ء

برج میزان والے یہ چاہتے ہیں کہ آپ ہر چیز کے دونوں پہلوؤں کو دیکھیں' اپنی رائے نہ بدلیں اور بدمزگی نہ پیدا کریں (درحقیقت وہ آپ کی رائے کی اتنی قدر کرتے ہیں جتنی خود آپ بھی نہیں کرتے، پھر وہ معاملات کو سدھارنے کے لیے آپ سے ٹھیک ٹھیک وہی باتیں کریں گے جو آپ سنا چاہتے ہیں۔

آپ کبھی بھی یقین سے نہیں کہہ سکتے کہ ایک میزان سچ مچ کیا سوچتا ہے؟ جب تک وہ اپنا ذہن نہ بنالیں وہ خاصے سادہ لوح ہوتے ہیں لیکن ایک دفعہ وہ ثبوت وشہادت کی بنیاد پر کسی نتیجے پر پہنچ جائیں تو ان کا ذہن بن جاتا ہے۔

میزان افراد لوگوں سے محبت کرتے ہیں اور لوگوں کے نزدیک رہنا اور اپنے رابطے میں رکھنا پسند کرتے ہیں، انہیں وسیع حلقہ احباب پسند ہے اور وہ سرطان کے برعکس دوستوں اور خاندان کو یکساں اہمیت دیتے ہیں، تنہائی ان کے لیے خاصی عذاب ناک ہوسکتی ہے۔

میزان کا گھر محبتوں اور مسرتوں کا گہوارا ہوتا ہے جہاں ہر وقت قہقہے ابلتے رہتے ہیں۔ لوگ آتے جاتے رہتے ہیں، چائے یا کافی پینے اور گپ شپ کرنے کے لیے دم بھر کو رک جاتے ہیں۔

میزان افراد کو سکون اور تنہائی کی آرزو نہیں ہوتی، شطرنج کا خاموش کھیل یا کسی پرسکوت گوشے میں بیٹھ کر مچھلی کا شکار کرنا ان کی فطرت سے مطابقت نہیں رکھتا۔ وہ ملنا جلنا' رابطے رکھنا اور بات چیت کرنا پسند کرتے ہیں لیکن بہرحال چونکہ ان کے اخلاقی اصول کا شعور نہایت ترقی یافتہ ہوتا ہے، وہ کبھی بھی کسی ایسے شخص سے رابطہ نہیں رکھتے جسے وہ ناپسندیدہ سمجھتے ہوں اور ایسے کسی بھی معاملے میں ملوث نہیں ہوتے جس میں بدمزگی کا احتمال ہو۔

اگر میزان افراد کو کسی کے بارے میں کچھ معلوم ہوجائے جسے وہ غیر اخلاقی حرکت سمجھتے ہوں' چاہے وہ ان کے خاندان کا کوئی فرد ہو یا قریبی دوستوں میں سے کوئی ہو' وہ اس پر یہ ظاہر نہیں ہونے دیتے کہ انہیں اس کی اس حرکت کا علم ہوگیا ہے اور یوں خاموشی اختیار کرلیتے ہیں گویا کچھ ہوا ہی نہیں۔ اس شخص کو کبھی بھی یہ معلوم نہیں ہوسکے گا کہ میزان نے اسے پرکھ لیا ہے لیکن وہ میزان کے دل میں کبھی وہ مقام حاصل نہیں کرسکے گا جو اسے پہلے کبھی حاصل تھا۔ گھر والے یا قریبی دوستوں کو بھی یہ بات معلوم نہیں ہوسکتی کہ ایسا کب ہوا اور کیوں ہوا؟

''اپنے بارے میں کوئی کتاب لکھنے میں دشواری یہ ہے کہ
آپ بے وقوف نہیں بنا سکتے۔ اگر آپ کسی اور کے بارے میں
لکھیں تو سچائی کو یہاں سے فن لینڈ تک کھینچ سکتے ہیں
لیکن اپنے بارے میں لکھ رہے ہوں تو ذرا سا انحراف بھی
فوراً آپ کو یہ احساس دلادے گا کہ چوروں کی بھی کوئی
عزت ہوسکتی ہے لیکن آپ تو بہت بڑے جھوٹے ہیں''

گروچو مارکس (کامیڈین) شمسی برج میزان' پیدائش 2 اکتوبر 1890ء

میزبان کی توانائی دوسرے تمام برجوں کی توانائی سے اچھے اور خوشگوار تعلقات کی متلاشی ہوتی ہے لہٰذا ان میں ہم آہنگی پیدا کرنے کی خاطر سچائی کو تھوڑا سا مروڑنے کا رجحان پایا جاتا ہے، سب سے اچھی بات تو یہ ہے کہ سچائی اسی طرح بیان کردی جائے جیسی وہ ہے، تھوڑی سی تکلیف برداشت کرلی جائے اور زندگی کی راہ پر گامزن رہا جائے لیکن میزان لوگ ہمیشہ ایسا نہیں کرسکتے کیوں کہ وہ اختلاف اور لڑائی جھگڑا پسند نہیں کرتے اور

سب کو خوش کرنا چاہتے ہیں۔

''ساری سچائی سیدھی سادی ہوتی ہے کیا یہ دُہرا جھوٹ نہیں ہے''

فریڈرک نطشے (فلسفی) شمسی برج میزان' پیدائش 15 اکتوبر 1844ء

اُلو کے بارے میں ایک پرانی کہاوت ہے جس پر میزان افراد خاموشی کے لمحات میں غور کر سکتے ہیں۔

''ایک عقلمند اُلو برگد کے ایک درخت پر بیٹھا

تھا وہ جتنا زیادہ سنتا تھا اتنا ہی کم بولتا تھا

جتنا زیادہ بولتا تھا اتنا ہی کم سنتا تھا یہ بہت

برا ہے کہ میزان اس پرندے جیسے نہیں ہوتے''

میزان افراد بڑے باتونی ہوتے ہیں اور کچن یا ہوٹل کی میز پر بیٹھ کر چائے یا کافی پیتے وقت باتیں کرنا انہیں سب سے اچھا لگتا ہے لیکن اس سے دھوکہ نہ کھائیں، گفتگو کے دوران میں میزان مشاہدہ بھی کرتے رہتے ہیں اور ممکن ہے ان کی دوسری دلچسپ کہانیوں کا موضوع آپ ہی ہوں لیکن ڈریے مت' اگر آپ ان کے دوست ہیں تو ان کی کہانی شفیق ہوگی، وہ دوسرے ہوں گے جن پر الزام تراشی کی جا رہی ہوگی۔

میزان ہمیشہ تعلقات سے سروکار رکھتے ہیں، ان میں فلرٹ کرنے کی فطرت اور آپ کے بارے میں سب کچھ جان لینے کی خواہش کا امتزاج پایا جاتا ہے لہٰذا یہ لوگ محبت میں بڑے خطرناک ہوتے ہیں۔ رومانس اور تعلقات میں میزان والے بہت عمدہ رہتے ہیں اور یہیں وہ اپنی زندگی کا سبق بھی سیکھتے ہیں، میزان تعاقب کرنے کی سنسنی خیزی کے گرویدہ ہوتے ہیں اور محبت کی پہلی لہر ان کے حواس پر چھا جاتی ہے اور ایک دفعہ تعلقات قائم ہو جائیں تو یہ عمر بھر کا کام ہو جاتا ہے، اگرچہ میزان کا ایک پہلو اب بھی ایسا ہوتا ہے جو آزاد رہنا چاہتا ہے، وہ مکمل طور پر خود کو کسی کے سپرد نہیں کر سکتے۔

''نہ چاہتے ہوئے بھی وفادار رہنے سے بے وفا ہونا بہتر ہے۔''

برجی باردوت (ایکٹریس) شمسی برج میزان' پیدائش 28 ستمبر 1934ء

عام طور سے میزان لوگ خوبصورت' متین اور اسٹائل کا شعور رکھنے والے ہوتے ہیں، ایئر فریشنز کا کوئی بھی اشتہار میزان کے آدرش کی تصویر کشی کرنے کی کوشش کرتا ہے، آرائشی قمقموں سے روشن خوشنما گھر' خوبصورت تکیے' شاندار بچے اور ان کی سیکسی امی' پس منظر میں کلاسیکی موسیقی' ایسا لگتا ہے کہ میزان کے پاس سب کچھ ہے اور وہ یہ سب کچھ ویسا ہی ہوتا ہے جیسا وہ چاہتے ہیں لیکن کبھی کبھی زندگی اتنی حسین نہیں ہوتی اور اس کے راستے اتنے ہموار نہیں ہوتے۔ حالات خراب ہوں تو وہ بہت پریشان لگتے ہیں اگر ان کی زندگی کے کسی پہلو پر کوئی بہت بڑا بوجھ ہو تو وہ دوسرے پلڑے کو نیچے لا کر دونوں کو ہم پلہ کرنے کے بے حد جتن کرتے ہیں۔

اگر ان کے دل کو چوٹ پہنچی ہو اور وہ سمجھوتے کے ذریعے اس کا حل چاہتے ہوں تو اپنی اس کوشش میں متلون مزاجی کا ثبوت دیتے ہیں، اگر دوسرا فریق سمجھوتا کرنے پر راضی نہ ہو یا وہ اگر یہ توازن حاصل کرنے کے قابل نہ ہوں تو وہ بے حد پریشان اور مضطرب ہو سکتے ہیں، اگر اس رنجش کی جڑیں بچپن یا فیملی سے پھوٹی ہوں تو یہ چوٹ یا پریشانی ہزار گنا بڑھ سکتی ہے، عام طور سے میزان لوگ زندگی کے راستے سے آرام سے گزر جاتے ہیں۔ بچوں کی پرورش و پرداخت کے معاملے میں وہ دماغ سے نہیں بلکہ دل سے سوچتے ہیں، اگر وہ دماغ کو بروئے کار لائیں تو یہ سوچ بے حد مؤثر ہو سکتی ہے لیکن اگر وہ دل کے کہنے پر چلیں گے تو اس سے بڑے گمبھیر مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔

میزان افراد اپنے بچوں پر پابندیاں عائد کرنے کے معاملے میں قابل تعریف نہیں ہوتے، وہ کسی کو بھی ڈانٹ پھٹکار کرنا پسند نہیں کرتے چہ جائیکہ اپنے بچوں کو جن سے وہ بے حد پیار کرتے ہیں لہٰذا وہ اپنے بچوں کو اس بات کی کھلی چھوٹ دے دیتے ہیں کہ وہ اپنے کھانے' سونے' آرام کرنے' ناشتہ کرنے' پڑھنے اور کھیلنے کے اوقات خود ہی مقرر کر لیں، جب بچہ اپنی دنیا کی چھان بین کرنے لگتا ہے تو میزان افراد بہت پریشان ہوتے ہیں اور ان سے نمٹنا اُن کے لیے بے حد مشکل ہوتا ہے، وہ کسی چوکیدار کی طرح اپنے دونوں

بازو پھیلائے' اپنے بچے کو اس بڑی اور بری دنیا سے بچانے کے لیے اِدھر سے اُدھر دوڑتے پھرتے ہیں، بچہ کنٹرول سے باہر ہوسکتا ہے اور غریب میزان کے ہوش اڑ سکتے ہیں۔

پیشہ ورانہ سرگرمیاں

میزان زبردست ڈپلومیٹ ہوتے ہیں اور نفسیات نیز سوشل ورک میں بھی بہت اچھے رہتے ہیں جس میں انسانی ذہن کی متضاد فطرت سے آگاہی ان کے لیے بے حد سودمند ثابت ہوتی ہے' کانفرنس کی میز کے گرد ان کی موجودگی اچھی ہوتی ہے کیوں کہ وہ سب کا نقطہ نظر سمجھنے کی پرخلوص کوشش کرتے ہیں اور اکثر دوسروں کے مباحثوں کی روح کو خود ان لوگوں سے کہیں بہتر طریقے سے سمجھ لیتے ہیں، ان میں انصاف کا گہرا شعور بھی ہوتا ہے، چناں چہ وہ وکالت، سفارت کاری اور ثالثی میں بہت اچھے رہتے ہیں۔

میزان افراد گندہ اور گھٹیا کام کرنا پسند نہیں کرتے' وہ عام طور سے انکسار کی حد تک قانع اور مطمئن ہوتے ہیں' اگر ان کا ماحول خوش گوار ہو تو وہ زیادہ جدوجہد کرنے کی ضرورت محسوس نہیں کرتے' حسن شناسی کی وجہ سے وہ بہت اچھے نوادرات کے ڈیلر' فیشن ڈیزائنر' فن کار' موسیقار اور آرائش خانہ کے ماہر ہوتے ہیں۔

وہ پبلسٹی اور انتظامی امور میں بھی بہت اچھے رہتے ہیں، بعض میزان افراد انسانی فلاح و بہبود کا کام بھی نہایت نظم و ضبط سے انجام دیتے ہیں اور اس کے اچھے نتائج برآمد ہوتے ہیں' وہ ایسے کاز کی حمایت کرتے ہیں جو انسانی عظمت کے لیے ہو، وہ اپنے ملازمین اور نوکروں سے احترام سے پیش آتے ہیں' وہ مہذب اور شائستہ ہوتے ہیں۔

میزان صحت

میزان افراد کے گردے کمزور ہوتے ہیں' انہیں جانوروں کے گوشت سے پیدا ہونے والے تیزاب سے محتاط رہنا چاہیے' وہ خوب پانی پیا کریں' مٹر' اناج' بادام اور انڈے انہیں پروٹین فراہم کریں گے۔

تازہ سبزیوں کے جوس مثلاً بند گوبھی اور کھیرا ان کے گردوں کو صاف رکھیں گے اور یہ کام بھی کرتے رہیں گے' گردوں کی صفائی کے لیے سیب' لیموں' چقندر اور ادرک کا استعمال بھی بے حد مفید ہوگا' یہ توازن کی علامت ہے لہٰذا میزان افراد کو شکر اور ریفائنڈ غذا، نیز نشہ آور مشروبات سے پرہیز کرنا چاہیے' صحت اور طاقت ذہنی سکون اور منظر کی تبدیلی سے بحال ہوتی ہے۔

بعض میزان جسمانی سرگرمیوں سے پرہیز کرتے ہیں اور عیش و آرام پسند کرتے ہیں بلکہ اس کے مریض ہوتے ہیں' وہ میٹھے کے بھی بہت شوقین ہوتے ہیں جو تھکن اور ہائپوگلیکیمیا پر منتج ہوتا ہے۔

برج میزان گردے اور جلد' اعضائے بول و براز اور کمر کی ریڑھ کی ہڈی پر حکومت کرتا ہے' بعض میزانی امراض میں کمر کا درد، گردے کے امراض' یوریمیا' پولی یوریا اور ایڈیما وغیرہ شامل ہیں۔ خوشبو جات میں آبی نرگس' یوکلپٹس' پیپر منٹ' پائن اور ونیلا ان کے لیے مفید ہیں۔

میزان ساتھی

اگر آپ میزان کے سحر میں گرفتار ہوگئے ہیں تو جلد ہتھیار مت ڈالیں' انہیں کچھ عرصہ کے لیے فلرٹ کرنے دیں' اگر وہ آپ کو تعلقات کی طرف دھکیلیں بھی تو اس پر سنجیدگی سے توجہ مت دیں کیوں کہ ممکن ہے ان کی رومانی دلچسپیاں ایک سے زائد ہوں اور وہ ابھی فیصلہ نہیں کر پا رہے ہوں کہ کون ان کے لیے موزوں اور مناسب ہے۔

پہلی ملاقات خاصی معتدل اور خوش گوار ہونی چاہیے' احتیاط سے کوئی ریستوران یا تفریح گاہ چُنیں' اگر وہ کہتی ہے کہ کھانا اور شو تو اس سے مراد کوئی چھوٹا سا پُرسکون ریستوران ہے جہاں زیادہ بھیڑ بھاڑ نہ ہو اور کھانا بھی لذیذ ہو' کسی بہت بڑے ماڈرن ریستوران میں جانے کی ضرورت نہیں' ماحول حسین اور خوش گوار ہو' ہلکی ہلکی موسیقی ہو اور مدھم مدھم روشنی ہو، بنیادی طور پر میزان افراد جسمانی لمس کو پسند کرتے ہیں تو آپ اگر کسی بہانے سے اُسے چھوئیں گے تو وہ برا نہیں منائے گی۔

میزان کے لیے تحفہ

آپ میزان کے لئے کچھ بھی خریدیں' اس کی رسید بھی ضرور انہیں دے دیں

تا کہ وہ اسے واپس لے جا سکے' یہ بات نہیں کہ وہ آپ کے تحفے کی قدر نہیں کرے گی' بات صرف اتنی سی ہے کہ اس کے اسٹائل کا اپنا شعور ہے جسے سمجھنا مشکل ہے' یہاں تک کہ خود اس کے لیے بھی سمجھنا مشکل ہے لہٰذا وہ رسید اور اس تحفے کے ساتھ واپس اس اسٹور میں جائے گی جہاں سے آپ نے وہ تحفہ خریدا تھا' پندرہ منٹ تک دوسرے تمام تحائف کا جائزہ لے گی اور پھر اسی تحفے کے ساتھ اسٹور سے نکل آئے گی جو آپ نے اسے خرید کر دیا تھا لیکن اب وہ پوری طرح مطمئن ہوگی کہ آپ کا انتخاب درست تھا، گویا وہ دیگر اسٹور میں موجود تحائف کو دیکھنے کے بعد ہی کوئی فیصلہ کرے گی کہ آپ کا دیا ہوا تحفہ زیادہ بہتر ہے یا اُس اسٹور میں کوئی اُس سے بھی بہتر تحفہ موجود ہے۔

برج میزان کا رنگ سفید اور نیلا ہے' باغبانی کے شوقین میزان کے لیے باغبانی کی کوئی کتاب ایک اچھا تحفہ ہوگا تا کہ وہ اپنے باغیچے میں بیٹھ کر پڑھ سکے' کوئی ایسے شے جس سے انہیں آرام پہنچے اور بہت احتیاط سے منتخب کیا ہوا نوادرات کا تحفہ قبول کر کے وہ بہت خوش ہوگی، کوئی ایسی انگوٹھی، پرفیوم وغیرہ بھی اُسے پسند آسکتے ہیں جس کے بارے میں یہ بتایا جائے کہ ایسی دوسری انگوٹھی یا پرفیوم نایاب ہے۔

صرف خواتین کے لیے

وہ کیسا ہے؟

اس کی شخصیت میں ایک خاموش قسم کی دلکشی' نرمی اور ملائمت ہے' اس کی تہ میں ممکن ہے شدید جذباتی رو دوڑ رہی ہو لیکن وہ بظاہر پُرسکون اور لاتعلق سا لگتا ہے۔ میزان مرد ذہن اور جذبات کا ایک دلچسپ امتزاج ہے' اس کا ایک حصہ جذباتی اور شہوت انگیز ہے جب کہ دوسرے حصے پر منطق اور استدلال کی حکمرانی ہے' اس کا ذہن اتنا پُرخیال ہے کہ بعض اوقات اس کے احساسات میں مداخلت کرتا ہے تاہم اس کے احساسات ہمیشہ سطح پر نمودار ہو کر رہتے ہیں اور اگرچہ اس میں جذباتی اکھاڑ پچھاڑ ہوتی رہتی ہے لیکن وہ ہمیشہ اس دنگل سے نیز اپنے انتخابات سے باخبر رہتا ہے۔ وہ پُرخلوص' مہربان' شفیق' رومینٹک' مہذب اس کے ساتھ ہی خوش طبع ہے' اس کی عیش پرستی میں بھی ایک اسٹائل ہے' حسن اس کے دل کی دھڑکنوں کو تیز کر دیتا ہے اور صحیح قسم کے رومانس سے بھی اس کی دھڑکنیں تیز ہو جاتی ہیں۔

وہ نہایت لطیف رومان پسند ہے جسے محبت سے محبت ہے' اس طرح اسے جذبات کی آب و تاب سے بھی پیار ہے' اگر اس میں صحیح طرح کی تحریک ہو تو وہ نہایت شاندار عشق کر سکتا ہے لیکن اسے ایک ایسی عورت چاہیے جو اس کی طرح خوش طبع اور ظرافت سے بھرپور ہو ورنہ میزان کی آب و تاب بہت جلد رخصت ہو جائے گی۔ کم تر درجہ کے میزان مصنوعی ہوتے ہیں' انہیں گہرے جذبات سے زیادہ چہرے پر چہرہ سجانے سے دلچسپی ہوتی ہے' وہ متلوّن مزاج' ناقابل بھروسا' پل پل رنگ بدلنے والے ہوتے ہیں اور ان میں قوت فیصلہ کی اتنی کمی ہوتی ہے کہ انسان پاگل ہو جائے۔ ایک عاشق کی حیثیت سے وہ فلرٹ کرنے والا' غیر مستقل مزاج تاہم تباہ کن کرشماتی ہوتا ہے' اس کے ساتھ ساتھ وہ انتہائی خود غرض اور ناقابل بھروسا ہوتا ہے۔ اعلیٰ شعور کا حامل میزان قابل بھروسا' اپنے آپ کو وقف کر دینے والا' پُرخلوص، سنجیدہ اور ہمدرد ہوتا ہے' وہ رومانس کی ضرورت پورا کرنے کے لیے ایک زیادہ بالغ قسم کی محبت کا طریقہ ڈھونڈ نکالتا ہے اور جب تک اس کی محبت طمانیت بخش ہوتی ہے وہ اس محبت اور اس عورت دونوں کو سراہتا رہتا ہے۔

وہ کیا سوچتا ہے کہ اسے کیا چاہیے؟

میزان رومانس لڑانا پسند کرتا ہے' یہ رومانس جتنا سرور آگیں ہو اتنا ہی بہتر ہے' وہ بے عیب محبت کے خواب کی پرورش کرتا ہے اور ان تمام کمزوریوں کا حامل ہوتا ہے جو اس میں شامل ہوتی ہیں' خواب ناک ماحول میں پُرتکلف کھانا' اچھی موسیقی' عمدہ کھانے' عمدہ مشروبات' پرفیوم وغیرہ لیکن ان میں سے کوئی شے بھی اس کے نزدیک اتنی اہمیت نہیں رکھتی جتنی جسمانی حسن رکھتا ہے لہٰذا وہ کسی بھی حسین صورت کا خاص طور سے اگر وہ حسین صورت عشوہ طراز' باوقار اور اس سے بھی بڑھ کر اگر ذہین ہو تو وہ اس کا بندۂ بے دام ہو سکتا ہے۔ یہ بات نہیں ہے کہ میزان مرد نکتہ چیں ہوتا ہے' بات صرف اتنی سی ہے کہ وہ رومینٹک آدرش وادی ہے جو ایک کامل محبت کے

خواب دیکھتا ہے' حسن اس کے باطنی شعور کی صحت کے لیے بہت اہم ہے لہٰذا کردار اور ذہانت سے بڑھ کر شاید چہرہ، حسن اور بدن کی دلکشی اس کی اولین ترجیحات ہیں جن کا وہ نظارہ کرنا چاہتا ہے۔

وہ کیا چاہتا ہے؟

وہ حسن' ہم آہنگی اور تحفظ چاہتا ہے' گندگی اور گرد و غبار سے وہ بہت پریشان ہوتا ہے اور یہ چیزیں اسے بری طرح متاثر کرتی ہیں جب کہ اس کے گرد مطابقت اور ہم آہنگی اسے توازن بخشتی ہے اور حسن پہنچنے میں اس کی مدد کرتا ہے لیکن سب سے زیادہ اسے حسن اور شدت چاہیے جو جنسی ہم آہنگی' یکساں دلچسپیوں اور باہمی اعتماد پر مشتمل قریبی' بااعتماد سادہ تعلق سے پیدا ہوتی ہے۔

وہ کس سے ڈرتا ہے؟

اگر چہ بظاہر وہ شاز و نادر ہی اس کا اظہار کرتا ہے لیکن زیر سطح نسبتاً غیر محفوظ ہوتا ہے' اس کا سب سے بڑا خوف اس سے کنارہ کشی کر لیا جانا یا رومانوی بیوفائی ہے' دوسرا خوف یہ ہے کہ بڑھتی عمر کے ساتھ ساتھ تنہا نہ رہ جائے اور یہ کہ شاید اسے کوئی ایسا شخص کبھی نہ مل سکے جو اس کی عورتوں کی لفّا سی کو مکمل کر سکے۔

عورت' محبت اور جنس کے معاملہ میں اس کا رویہ

بڑے پریم سے محبت میں مبتلا ہونا اس کا غالباً سب سے پسندیدہ شوق ہے لیکن اس محبت کو قائم رکھنا ایک بالکل مختلف معاملہ ہو سکتا ہے۔ میزان مرد بنیادی طور پر عورتوں کو پسند کرتا ہے اور وہ ان کے حسن اور دل کشی کا ایک آسان شکار ہے' اگر وہ انتہائی باشعور میزان نہ ہو تو لازماً بے وفا ہوگا لیکن جوزا کے برعکس وہ ورائٹی کا شائق نہیں۔ یہ محض لمحاتی کمزوری ہے وہ وقت کا سراغ کھو بیٹھتا ہے' کسی طرح دار حسینہ کی صحبت میں وقت گزارنے کے بعد وہ یہ دعویٰ کر سکتا ہے کہ پتا نہیں اسے کیا ہو گیا تھا' شاید وہ جاننا بھی نہیں چاہتا۔ اعلیٰ شعور کے حامل میزانی عام طور سے زندگی کے ابتدائی دور میں کسی بے حس حسینہ کے ہاتھوں کھلونا بنے رہتے ہیں اور بعد میں ان تجربات سے یہ سیکھتے ہیں کہ وہ محبت سے دراصل چاہتے کیا ہیں؟ عمر میں اضافہ کے ساتھ ساتھ وہ تمام تعلقات کو بڑی اہمیت دینے لگتے ہیں اور مساوات کے قائل ہوتے جاتے ہیں۔ میزان وہ شخص ہے جو گھریلو کاموں میں یا تو آپ کو ہاتھ بٹائے گا یا یہ مشورہ دے گا کہ کوئی گھریلو ملازمہ رکھ لیں۔ وہ دوسرے روز آپ کے لیے پھول لائے گا اور اس لمحہ کی یاد منائے گا جس دن وہ آپ سے ملا تھا' وہ آپ کو ایسی محبت عطا کرے گا جس کے بارے میں آپ نے صرف کتابوں میں پڑھا ہوگا۔ انتہائی باشعور اور سلجھے ہوئے میزان بھی حسن کے شیدائی ہوتے ہیں جو یہ جانتے ہیں کہ انہیں کیسا نظر آنا چاہیے' بدصورتی اور ہر طرح کے گھٹیا پن سے اسے نفرت ہوتی ہے' اسی طرح بدمزاجی اور ہسٹریائی کیفیت سے وہ کبیدہ خاطر ہوتا ہے' اس کے خیال میں تنازعات کو گفت و شنید کے ذریعہ اطمینان سے حل کیا جا سکتا ہے' چیخ و پکار اور ہنگامہ آرائی سے وہ دور بھاگتا ہے لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ وہ خود کبھی ایسا نہیں کر سکتا لیکن اس کا یہ مطلب ضرور ہے کہ یہ چیزیں اسے غیر فطری لگتی ہیں۔

اس کی شہوانیت بہت مضبوط ہے جو اس کی جذباتی حسیت کی توسیع ہے، عام طور سے میزان مرد کی شہوانیت اس کے اردگرد کی ہر شے کو اپنی لپیٹ میں لے لیتی ہے۔ موسیقی' عمدہ غذا' مشروبات' تازہ پھول' غیر ملکی پرفیوم وغیرہ اُسے مرغوب ہیں۔ جسمانی اعتبار سے وہ شفیق ہے اور چھوکر اپنے جذبات کا اظہار کرتا ہے' میزان مرد سیکس کو بھی اتنی ہی اہمیت دیتا ہے جتنی محبت کو' لہٰذا جو شہوت انگیز کم اور ذہنی زیادہ ہو وہ اُس کے دل کو نہ تو مسخر کر سکتا ہے اور نہ ہی اس سے ہم آہنگی پیدا کر سکتا ہے۔ میزان مرد ''میں'' کی بہ نسبت ''ہم'' کے بارے میں سوچتا ہے اور کسی پارٹنر کے ساتھ سب سے زیادہ خوش رہتا ہے' عام طور سے وہ تنہا کوئی تجربہ کرنے کے بجائے مشترکہ تجربہ کر کے زیادہ لطف اندوز ہوتا ہے، ایک ایسی تربیت اور تحفظ جو رومانوی ہم آہنگی سے پیدا ہوتی ہے' میزان مرد کے لیے زندگی میں سب سے زیادہ اہمیت رکھتی ہے۔

اس کی خوبیاں

وہ تازہ پھولوں، عمدہ مشروبات اور شاعری سے آپ پر خلوص کی بارش کر دے گا، وہ خیال رکھنے والا ہے، پابندیاں عائد کرنے والا نہیں، وہ محبت کرنے والا ہے لیکن احمقانہ جذباتیت کا اس کے یہاں گزر نہیں، وہ شریف النفس ہے جس کے مہذب طور طریقے آپ کو تازگی کا احساس دلائیں گے، اس کی شخصیت دلکش ہے، اس کی بزلہ سنجی آپ کو اپنی گرفت میں لے لے گی، وہ ذہین، تخلیق کار اور بامروت ہے، اگر کسی تنازع میں اس کے مفادات پر ضرب لگتی ہو تو پھر بھی وہ مخالفین کی حمایت کرے گا لہٰذا ایسے شخص کے ساتھ گفت و شنید مفید ثابت ہوتی ہے اور معاملے کو سمجھنے میں آسانی ہوتی ہے چوں کہ وہ حسن اور خوشیوں کا دلدادہ ہے لہذا اس کی صحبت بہت دلچسپ ہوسکتی ہے، میزان مرد شدید قسم کا عشاق ہے جو ایک بہت اچھا دوست بھی ہے۔

اس کی خامیاں

وہ کرۂ ارض کا نمبر ایک پلے بوائے ہوسکتا ہے، یہ وہ شخص ہے جسے آپ کے جذبات سے زیادہ آپ کی پیائش سے دلچسپی ہے، وہ اپنی ہوس کا غلام ہوسکتا ہے، نفسانی خواہشات، عیش و طرب اور حسن اسے بندۂ بے دام بنا سکتے ہیں، وہ خوبصورت جسموں اور ان کے پیچ و خم کا دیوانہ ہے، جسم جتنا تو بہ شکن ہوا تنا ہی بہتر ہے، عیش و عشرت کتنی ہی کیوں نہ ہو کم ہے، وہ بھونرا صفت ہے جو کلی کلی منڈلاتا اور ان کے رس چوستا ہے۔

وہ نہ صرف جذباتی اعتبار سے ناپائیدار اور متلوّن مزاج ہے بلکہ اپنی ان عیاشیوں کے سبب اسے اپنے آپ پر افسوس بھی ہوتا ہے، کیوں کہ اسے ان کے سبب بھگتنا بھی پڑتا ہے، وہ کبھی جذباتی معاملات کا سامنا نہیں کرتا بلکہ ان سے دامن بچانا چاہتا ہے، سب سے بدتر بات یہ ہے کہ وہ انفعالی ہے اور اس میں قوت فیصلہ کی کمی ہے، وہ جذباتی طور پر الجھا ہوا اور عدم تحفظ کا شکار ہے، اسے ڈھیر سارے جذباتی سہارے کی ضرورت ہے تاہم وہ کسی اور کے لیے آپ کو چھوڑ سکتا ہے جو آپ سے زیادہ خوبصورت لگتی ہے، یہ کم تر درجے کا میزبان بالغ محبت کے بجائے عارضی سرمستیاں چاہتا ہے اور مزے کی بات یہ ہے کہ وہ اسے پا بھی لیتا ہے۔

اس کی توجہ کیسے حاصل کی جائے؟

اگرچہ آپ کا میزان چاہتا ہے کہ اسے لبھایا جائے لہٰذا اسے کسی میوزک پروگرام میں مدعو کریں اور اگلے دن ایک مختصر سا پیغام بھیجیں کہ آپ اس شام بہت لطف اندوز ہوئیں کیوں کہ آپ کا ساتھ نہایت خوش گوار تھا، اگلی مرتبہ جب آپ اس سے ملیں تو خوبصورت ترین لباس میں ہوں اور دھیمے لہجے اور سرگوشیوں میں اس سے باتیں کریں تاکہ وہ آپ کی طرف جھک آئے اور آپ کے لباس سے اٹھتی ہوئی بھینی بھینی خوشبو سونگھ سکے۔

کیسے تعلق مضبوط رکھیں؟

نسوانی حربوں سے اسے اپنی طرف متوجہ رکھیں، لڑائی جھگڑے میں کبھی مت چیخیں بلکہ سکون سے تبادلہ خیال کریں، اگر آپ چیخیں چلائیں گی تو اس محبت کا شیش محل چکنا چور ہو جائے گا جو آپ کے درمیان تھا، یہ وہ شخص ہے جو آپ سے اتفاق بھی کرسکتا ہے لیکن وہ سمجھنے کی بھرپور کوشش کرے گا، اس کی نیک نیتی کو شبہ کا فائدہ دیں اور اسے اپنی ضروریات سے بھی آگاہ کریں پھر اسے معقول طریقہ سے سمجھائیں کہ وہ ضرورتیں کس طرح پوری ہوسکتی ہیں اور اسے اس بات پر لعنت ملامت کرنے کے بجائے کہ وہ آپ کو خوش رکھنے میں ناکام رہا ہے، اسے سکون سے بتائیں کہ صورت حال میں بہتری کیسے آسکتی ہے۔

حقیت پسندانہ توقعات

وہ پیدائش فلرٹ ہے اور اس معاملہ میں بے بس ہے۔

میزان مرد کتوں، بچوں اور بوڑھوں کو بھی خوش کرسکتا ہے، اگر وہ باشعور میزان ہے تو بے حد خدمت بھی کرسکتا ہے، محبت میں وہ اپنے حصے کو رومانس سے زیادہ محبت دینے کا اہل ہے، وہ برتن دھونے میں بھی آپ کا ہاتھ بٹا سکتا ہے اور کھانا پکانے میں آپ کو مات دے سکتا ہے، بنیادی طور پر وہ حساس، خیال رکھنے والا شخص ہے جو شراکتی تجربے کے ذریعے زندگی کا مفہوم تلاش کر رہا ہے لہٰذا وہ ایک پائیدار تعلق کے لیے کھلا ہوا ہے لیکن اگر وہ بے شعور قسم کا میزان ہے تو وہ کمزور، الجھا ہوا اور اپنے عدم تحفظ کا غلام ہوگا جو شادی کے بیس سال بعد بھی کسی نوخیز لڑکی کے لیے آپ کو چھوڑ دے گا لہٰذا اس کے عشق میں مبتلا ہونے سے پہلے یہ ناقدانہ فیصلہ کرلیں کہ وہ کس سمت سے آرہا ہے۔

خصوصی عزیمت رجعت ونحوست سیارگان

يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا حَافِظُ يَا نَاصِرُ يَا مُعِيْنُ يَا شَافِيُ يَا كَافِيُ يَا قَادِرُ يَا كَرِيْمُ بِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ بِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ بِحَقِّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ اَحْفِظْنِيُ مِنَ النَّحُوْسَتُ الشَّمْسُ وَالْقَمَر وَالْمُشْتَرِى وَالزُحَل وَالزُهرَه وَالعَطَارَد وَالمَرِيْخ وَالرَاس وَالذَنب بِحَقِّ يَا اللّٰهُ يَا اَحَدُ يَا صَمَدُ يَا لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْ لَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُوًا اَحَدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَآلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ٥ اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا بھی درود شریف پڑھ لیں۔ بچوں کیلئے والدین بھی پڑھ سکتے ہیں۔ اگر آپ مندرجہ بالا عزیمت کو صرف **9** بار روزانہ پڑھنا اپنا معمول بنالیں تو پھر کسی سیارے کی نحوست آپکے قریب نہ آئیگی۔ میری طرف سے آپکو اس عمل کی عام اجازت ہے۔

دعا گو عامل شاہ زنجانی

جن قارئین کو اپنی صحیح تاریخ پیدائش یاد نہیں وہ برج دو طرح سے معلوم کر سکتے ہیں۔ ایک نام کے پہلے حرف سے اور دوسرا حروف ابجد سے۔ پھر تحقیق کریں کہ برج کا احوال ان پر صحیح بیٹھتا ہے۔

پہلا طریقہ آپکے نام نامی میں جو پہلا حرف ہے اسی سے برج بنتا ہے۔ ذیل میں دیئے گئے بارہ بروج میں سے اپنے نام کا پہلا حرف تلاش کر کے پہلے برج معلوم کریں پھر اسی برج کے تحت نیک وبدحالات ملاحظہ فرمائیں۔ ساتھ ہی اپنا ستارہ اور برج معلوم کر کے ادارہ آئینہ قسمت سے مفت مشورہ بذریعہ کوپن لے کر نگینہ پہنیں۔

دوسرا طریقہ اگر خدانخواستہ نام برج سے آپ کے حالات درست نہ آتے ہوں تو اس طریقہ سے اپنے نام کا برج معلوم کریں۔ اپنا مکمل نام اور اپنی والدہ کے نام کے حروف ابجد قمری سے اعداد نکالیں اور ان کو بارہ پر تقسیم کریں۔ اگر باقی **1** بچے تو برج حمل ہے۔ اگر **2** باقی بچے تو ثور۔ **3** بچے تو جوزا۔ **4** بچے تو سرطان۔ **5** بچے اسد۔ **6** بچے تو سنبلہ۔ **7** بچے تو میزان۔ **8** بچے تو عقرب۔ **9** بچے تو قوس۔ **10** بچے تو جدی۔ **11** بچے تو دلو اور اگر **0** باقی بچے تو برج حوت ہوگا۔

نوٹ صحیح تاریخ پیدائش معلوم ہو تو ان قواعد کو نظر انداز کر دیں۔

حروف ابجد قمری										
	ا	ب	ج	د	ه	و	ز	ح	ط	ی
	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
	ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص	ق	ر
	20	30	40	50	60	70	80	90	100	200
		ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ	
		300	400	500	600	700	800	900	1000	

آپکا ماہِ اکتوبر کیسا 2016 رہے گا

astrology October

فہرست

ARIES

21 Marc
20 April
حمل

ستارہ: مریخ
حروف: ال ع
دن: منگل
عدد: 9
رنگ: سرخ یا قرمزی
پتھر: یاقوت، مرجان، سرخ عقیق، ہیرا

A

Element: Fire
Ruling Planet: Mars
Symbol: The Ram
Your Stone: Ruby
Life Pursuit: The thrill of the moment.
Secret Desire: To lead the way for others.

آپکا حاکم ستارہ مریخ تمام ماہ دسویں رہتے ہوئے کیریئر و کاروباری امور میں خاصی توجہ اور معاملات روزگار میں ترقی دلائے۔ ساتویں مشتری کی موجودگی بھی مشترکہ مفادات کے معاملات میں عزت دلائے اور ازدواجی زندگی میں راحت دلائے۔ 6, 7 اکتوبر مریخ مشتری تربیع کے باعث حالات میں تحمل مزاجی اور دانشمندی سے اقدامات کی ضرورت ہے۔ دوسروں سے بحث وتکرار سے گریز کریں۔ 11, 12 اکتو[illegible] نیپچون تسدیس [illegible] حالات کے مطابق مثبت اقدامات و فیصلے حالات میں خوشگوار تبدیلی لاسکیں۔ جذبات، احساسات کی بھرپور عکاسی ہو۔ 14, [illegible] کے باعث طبیعت میں تیزی پر کنٹرول کی ضرورت اور بحث وتکرار سے گریز کریں۔ 20,19 اکتوبر مریخ پلوٹو قران کے باعث حالات میں موجود غلط فہمیوں اور اختلافات کا خاتمہ ممکن ہو سکے اور مثبت تبدیلیاں رونما ہوں۔ 30,29 اکتوبر مریخ یورانس تربیع کے باعث حادثاتی و ناگہانی حالات کا سامنا پہلے سے پلاننگ و صورتحال پر کنٹرول کیلئے مخلصانہ مشاورت کی ضرورت رہے۔

پہلا ہفتہ: یکم کو کسی اجتماعی پروگرام مثلاً شادی بیاہ کے پروگرام میں شرکت کا امکان ہے۔ 2 کو آپکی عزت و شہرت میں اضافہ ہوگا۔ 3 کو ملازمت پیشہ افراد فرائض منصبی احسن طریقے سے ادا کرسکیں گے۔ 4 کو دفتر کی کسی تنظیم کی جانب سے بعض لوگوں کو ایوارڈ وغیرہ ملنے کی توقع ہے۔ 5 کو کاروباری ساکھ میں اضافہ ہوگا۔ 6 کو حالات بہتری کی طرف گامزن ہوں گے۔ 7 کو شراکت داری کرنا نیک رہے گا۔

دوسرا ہفتہ: 8 کو آپکی دیرینہ خواہشات کی تکمیل کا پورا امکان ہے۔ 9 کو آپکے بعض خواب حقیقت کا روپ دھالیں گے۔ 10 کو ادھورے کاموں کی تکمیل ہو سکے گی۔ 11 کو کسی بچھڑے ہوئے ساتھی یا دوست سے ملاقات کا امکان ہے۔ 12 کو جنس مخالف کی طرف رغبت بڑھے گی۔ 13 کو دوسروں سے وابستہ امیدیں پوری ہوسکیں گی۔ 14 کو حکام بالا کا تعاون حاصل ہوگا۔

تیسرا ہفتہ: 15 کو بعض غیر شادی شدہ افراد کیلئے یہ بات خوش آئند ہے۔ 16 کو کاروبار میں خیر و برکت رہے گی۔ 17 کو آمدنی میں اضافہ کی صورت پیدا ہوگی۔ 18 کو کاروباری سکیموں کو بروئے کار لاکر غیر متوقع فوائد حاصل کرسکتے ہیں۔ 19 کو نیا کاروبار کرنا مفید ثابت ہوگا، البتہ شراکتی امور کے پروگراموں میں حصہ لینے سے گریز کریں۔ 20 کو اپنی صحت جسمانی کا خاص خیال رکھیں۔ 21 کو زیادہ نقل و حرکت اور غذا کے استعمال میں احتیاط کریں۔

چوتھا ہفتہ: 22 کو ثقافتی اور ادبی محفلوں میں حصہ لیا جا سکے گا۔ 23 کو حصول سائنسی تعلیم کا شوق پیدا ہوگا۔ 24 کو تحقیق و تجسس کا مادہ اُبھرے گا۔ 25 کو گھریلو سکون قائم رکھنے کیلئے زیادہ وقت الحانہ کو دیں۔ 26 کو شریک حیات سے تعلقات کشیدہ ہونے کا امکان ہے۔ 27 کو گھریلو امور کو سلجھانے کیلئے جذبات پر کنٹرول رکھیں۔ 28 کو خانگی امور میں بزرگوں کا تعاون حاصل رہے گا۔ 29 کو سیر و تفریح کا پروگرام بن سکے گا۔ 30 کو شراکتی کاروباری معاہدے کرنا مفید ثابت ہوگا۔

سعد تواریخ: 20,19,12,11 اکتوبر **نحس تواریخ:** 30,29,7,6 اکتوبر

TAURUS

21 April
21 May
ثور

ستارہ: زہرہ
حروف: ب-و
دن: جمعہ
عدد: 6
رنگ: ہلکانیلا یا سبز
پتھر: اوپل، سبز پکھراج

B

Element: Earth
Ruling Planet: Venus
Symbol: The Bull
Your Stone: Emerald
Life Pursuit: Emotional and financial security.
Secret Desire: To have a secure, happy and wealthy life/marriage.

آپکا حاکم ستارہ زہرہ یکم تا 18 اکتوبر ساتویں رہتے ہوئے حالات و واقعات میں ٹھہراؤ اور مخلصانہ مشاورت کی ضرورت ہے۔ شراکتی، ازدواجی امور خوشگوار احساس دیں۔ 19 تا 31 اکتوبر زہرہ آٹھویں رہتے ہوئے وراثتی و انشورنس کلیم سے متعلقہ امور میں خاصی اہمیت و توجہ رہے۔ لیکن زحل کی بھی آٹھویں نشست معاملات میں احتیاط بھی لازم ہو۔ یکم ,2 اکتوبر زہرہ نیپچون تثلیث سے عشق و محبت کے معاملات حساس اور خواہشات جنم لیں۔ 7,6 اکتوبر زہرہ پلوٹو تسدیس سے ذاتی مقاصد کا حصول مشترکہ امور سے منسلک ہو۔ 27,26 اکتوبر زہرہ نیپچون تربیع کے باعث کام و فیصلوں میں خامیوں کا اندیشہ، بزرگوں سے مشاورت وقتاً فوقتاً کرتے رہیں۔ 27,26 اکتوبر ہی زہرہ مشتری تسدیس سے سخاوت و دوستی بڑھے۔ اہم تقریبات کا انعقاد ہو سکے۔ 31,30 اکتوبر زہرہ زحل قران کے باعث فرض شناسی، ایمانداری، مثبت فیصلے، حالات پر مکمل نگاہ اور ڈپلومیسی سے معاملات میں مثبت پہلو اُجاگر رہیں۔

پہلا ہفتہ: یکم کو مستقبل کے متعلق منصوبہ بندی کرسکیں گے۔ 2 کو کوئی بھی نیا پراجیکٹ شروع کرتے وقت منصوبوں پر عملدرآمد سے پہلے ان پر نظرثانی کرلیں۔ 3 کو خدمت خلق کا موقع ملے گا۔ 4 کو دوسروں کے مسائل سمجھنے اور انہیں سلجھانے کی کوشش کریں گے۔ 5 کو معلومات میں اضافہ ہوگا، ذہنی صلاحیتیں بھی اُجاگر ہوں گی۔ 6 کو اپنی صحت جسمانی کا خاص خیال رکھیں۔ 7 کو ترقی کی کوششیں کامیاب ہوں گی۔

دوسرا ہفتہ: 8 کو نئی سرمایہ کاری کے مواقع ملیں گے۔ 9 کو کوئی نیا کام خود کرنا یا کسی عزیز کی شراکت سے کرنا منفعت بخش رہیگا۔ 10 کو کام کی دیکھ بھال اور حساب کتاب اپنی نظر میں رکھ سکیں گے۔ 11 کو فضول خرچی سے گریز کریں، حالات کے بگڑنے کا اندیشہ ہے۔ 12 کو بعض رکے ہوئے کام پایۂ تکمیل کو پہنچ سکیں گے۔ 13 کو دوست احباب کا تعاون شامل حال رہے گا۔ 14 کو رومانس کے لیے حالات سازگار رہیں گے۔

تیسرا ہفتہ: 15 کو کاروباری مقاصد کے تحت کیا جانے والا سفر وسیلۂ ظفر ثابت ہوگا۔ 16 کو ملازمت پیشہ حضرات فرائض منصبی کی بجا آوری میں غفلت ولاپرواہی نہ برتیں۔ 17 کو مخالفین پر غلبہ حاصل ہوگا۔ 18 کو سماجی و ادبی حلقوں میں عزت و شہرت بڑھے گی۔ 19 کو مختلف پریشانیوں کا خاتمہ ہو سکے گا۔ 20 کو تجدید مراسم ہوسکیں گے۔ 21 کو گھر کے سکون و آرام کے لیے شریک حیات سے تعاون ضروری ہے۔

چوتھا ہفتہ: 22 کو کوئی اہم خوشخبری ملے گی۔ 23 کو رومانس کرنے کا موقع ملے گا۔ 24 کو اندرون خانہ حالات بہتر رہیں گے۔ 25 کو دوسروں کو اپنے گھریلو حالات میں مداخلت کا موقع نہ دیں۔ 26 کو اہم فیصلے بہتر انداز میں کرسکیں گے۔ 27 کو مقاصد کے حصول کیلئے شراکتی کاموں پر توجہ مرکوز رہے گی۔ 28 کو محبت میں کامیابی، عزیز و اقارب کے تعاون سے معاملات میں بہتری آسکے گی۔ 29 کو طبیعت ایڈونچر پسند اور مقاصد کے حصول کے لیے رسک لے سکیں گے۔ 30 کو دوست احباب کے ساتھ لمبے سفر کا پروگرام بن سکے گا۔

سعد تواریخ: یکم ,31,30,27,26,8,7,2 اکتوبر **نحس تواریخ:** 5,6 اکتوبر

GEMINI

جوزا
22 May
21 June

ستارہ: عطارد
حروف: ق ک
دن: بدھ
عدد: 5
رنگ: پیلا یا ملے جلے
پتھر: عقیق سبز، زمرد، فیروزہ

Element: **Air**
Ruling Planet: **Mercury**
Symbol: **The Twins**
Your Stone: **Aquamarine**
Life Pursuit: **To Explore a little bit of everything.**
Secret Desire: **To be ahead of the crowd.**

آپکا حاکم ستارہ عطارد یکم تا 7 پہلا ہفتہ شرفی گھر چوتھے رہتے ہوئے خانگی خوشحالی وسواری کا سکھ لے۔ 8 تا 24 اکتوبر عطارد پانچویں رہتے ہوئے ہمراہ مشتری رومانوی امور میں خاصی توجہ اور اولاد راحت کا باعث بنے۔ انعامی اسکیموں میں حصہ لیں تو فائدہ ہو سکے۔ جبکہ 25 تا 31 اکتوبر عطارد چھٹے رہتے ہوئے ماتحت افراد و حکام سے روابط بڑھیں اور اہم ذمہ داریاں مل سکیں۔ 12,11 اکتوبر عطارد مشتری قران سے حالات کے مطابق مثبت فیصلے کر سکیں۔ اور شعبہ تعلیم میں توجہ بڑھے۔ 15,14 اکتوبر عطارد مریخ تربیع اور عطارد زحل تسدیس سے حالات ملے جلے رہیں بالخصوص مسائل کا حل باہمی مشاورت سے کریں اور کام پر مکمل توجہ کی ضرورت رہے۔ 17,16 اکتوبر عطارد پلوٹو تربیع کے باعث ذہن پریشان اور بحث وتکرار سے گریز کی ضرورت۔ 21,20 اکتوبر عطارد یورانس مقابلہ سے سوچ محدود ہونے سے مسائل حالات کے مطابق سوچ میں تبدیلی فائدہ مند رہے۔ 28,27 اکتوبر شمس عطارد قران سے ذہنی پختگی۔ الفاظ میں اثر اور سفر وسیلہ ظفر رہے۔ 31,30 اکتوبر عطارد نیپچون تثلیث سے تخیل کو حقیقت کا رنگ دے سکیں اور سوچ میں وسعت آئے۔

پہلا ہفتہ: یکم کو آپکی خواہشات کی تکمیل ہو سکے گی۔ 2 کو آپکی عزت وشہرت میں اضافہ ہوگا۔ 3 کو بعض ملازمت پیشہ افراد کے عہدہ میں ترقی ہوگی اور کسی ایوارڈ سے نوازے جانے کا امکان ہے۔ 4 کو حاکم بالا کی آپ پر خاص عنایت ہوگی۔ 5 کو آپکی تخلیقی صلاحیتوں اور خود اعتمادی میں اضافہ ہوگا۔ 6 کو دوسروں کو مختلف معاملات میں کنٹرول کر سکیں گے۔ 7 کو اجتماعی محفلوں میں شرکت کے مواقع ملیں گے۔

دوسرا ہفتہ: 8 کو دوسرے آپکے مفید مشوروں سے مستفید ہوں گے۔ 9 کو آپ بھی دوسروں کے بعض اچھے خیالات اور طور طریقوں سے فائدہ اٹھا سکیں گے۔ 10 کو تجدید مراسم ہو سکیں گے۔ 11 کو رشتہ داروں کے ساتھ اچھے تعلقات پیدا ہوں گے۔ 12 کو بعض مخالفین آپکی عزت و شہرت سے ناخوش ہونگے اور آپ سے خائف رہیں گے۔ 13 کو خدمت خلق کے کاموں میں رغبت بڑھے گی۔ 14 کو ملے جلے حالات رہیں گے۔

تیسرا ہفتہ: 15 کو سیاسی وسماجی تقریبات میں شرکت کا موقع ملے گا۔ 16 کو نیا کاروبار کرنا بھی مفید رہے گا۔ 17 کو ٹھوس بنیادوں پر لگایا گیا سرمایہ منفعت بخش رہے گا۔ 18 کو کاروباری امور حسب منشاء حل ہوں گے۔ 19 کو گذشتہ پریشانیوں اور رکاوٹوں کا ازالہ ہو سکے گا۔ 20 کو کاروبار میں غیر متوقع منافع کا امکان ہے۔ 21 کو دوستوں کے ساتھ کسی تفریحی مقام کی سیر کا پروگرام بن سکے گا۔

چوتھا ہفتہ: 22 کو آمدن اور خرچ میں یکسانیت رہے گی۔ 23 کو علمی وادبی سرگرمیوں میں حصہ لے سکیں گے۔ 24 کو زمین وجائیداد کے مسائل بھی آپ کے حسب منشاء ہو سکیں گے۔ 25 کو تصفیہ طلب امور کا حل التواء میں پڑ جائے گا۔ 26 کو خواتین خانہ کا زیادہ رجحان شاپنگ کی طرف رہے گا۔ 27 کو ٹریفک کے معاملات میں احتیاط برتیں۔ 28 کو چھوٹا سفر پیش آ سکتا ہے۔ 29 کو آپکی صحت جسمانی خوب رہے گی لیکن کام کی زیادتی نقصان دہ ہو سکتی ہے، لہٰذا آرام کے لیے وقت ضرور نکالیں۔ 30 کو رومانوی ماحول سازگار رہے گا۔

سعد تواریخ: 31,30,12,11 اکتوبر **نحس تواریخ:** 21,20,17,16,15,14 اکتوبر

CANCER

سرطان
22 June
23 July

ستارہ: قمر
حروف: ح ہ
دن: پیر
عدد: 2
رنگ: دودھیا
پتھر: درِ نجف، سفید مرجان

Element: **Water**
Ruling Planet: **The Moon**
Symbol: **The Crab**
Your Stone: **Moonstone**
Life Pursuit: **Constant reassurance and intimacy.**
Secret Desire: **To feel safe (emotionally, spiritually, romantically and financially).**

آپکا حاکم ستارہ چندرماں (قمر) تمام بارہ منطقۃ البروج میں سیر کناں رہتے ہوئے 18,17 اکتوبر شرف، 22,21 اکتوبر حالتِ اوج میں سعد رہتے ہوئے ان ایام میں مسائل کا خاتمہ اور راحت بخشے جبکہ 31,5,4,3 اکتوبر قمر برج عقرب اور 10,9,8 اکتوبر قمر برج جدی میں ہو تو ان ایام میں احتیاط برتیں اور نئے کام کی شروعات سے اجتناب برتیں اور صدقات دیتے رہیں۔ تاکہ مسائل مشکلات سے محفوظ رہیں اور حالات میں مثبت پہلو نمایاں ہوں۔ چوتھے مشتری کی موجودگی خانگی خوشحالی وسواری کا سکھ دلائے۔ یکم اکتوبر چوتھے ہی شمس وقمر قران سے خانگی وزمین جائیداد سے متعلقہ امور میں نئے خوشگوار مراحل طے کر سکیں۔ چھٹے زحل کی موجودگی سے ماتحت افراد سے محتاط اور ملازمتی ذمہ داریوں میں غفلت وسستی نہ برتیں۔ 7,6 اکتوبر دسویں، پانچویں کے مشترکہ حاکم مریخ کی چھٹے، نویں کے حاکم مشتری سے تربیع کی نظر قائم ہو۔ جس سے کیریئر کاروباری امور اور ملازمتی وتعلیمی میدان میں خاصی توجہ کی ضرورت ہے۔

پہلا ہفتہ: یکم کو دوستوں کیساتھ میل جول بڑھے گا۔ 2 کو ان کے ساتھ مل کر تفریحی پروگرام بنا سکیں گے۔ 3 کو کسی پکنک پارٹی کا بھی اہتمام ہو سکے گا جس سے آپ کافی لطف اندوز ہونگے۔ 4 کو گذشتہ پیدا شدہ مسائل حل کرنے کے مواقع ملیں گے۔ 5 کو آپکی انفرادی صلاحیتوں میں اضافہ ہو گا۔ 6 کو تعمیری کاموں میں حصہ لے سکیں گے۔ 7 کو شر پسند عناصر آپ کے خلاف سازش کے مرتکب ہوں گے۔

دوسرا ہفتہ: 8 کو کوئی بھی نیا کام کرنے سے پہلے اچھی طرح معلومات حاصل کر لیں اور کاغذات پر دستخط کرتے وقت اچھی طرح جانچ پڑتال کر لیں۔ 9 کو بعض مخالفین آپکی شہرت کو نقصان پہنچانے کے درپے ہیں، محتاط رہیں۔ 10 کو سنی سنائی باتوں پر یقین نہ کریں۔ 11 کو ہر لحاظ سے مبارک دن ثابت ہوگا۔ 12 کو رشتہ داروں سے تعلقات مزید مستحکم ہونگے۔ 13 کو مالی فوائد حاصل ہونگے۔ 14 کو سفر سے گریز کریں۔

